ترکِ موالات عن الرّوافض

جلد ہفتم

اہل حدیث مسلک علماء کے فتاوی جات

یہ کتاب اہل اسلام کیلئے ایک قیمتی سرمایہ ہے، جس میں آپ پڑھ سکتے ہیں.....شیعہ کوزکوۃ اور صدقاتِ واجبہ دینے، ان کے ساتھ لین دین کرنے، خرید وفروخت کرنے، تجارت کرنے، ان کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے، شادی بیاہ، غمی وخوشی میں شرکت کرنے، ان کے پیچھے نماز پڑھنے، ان کا جنازہ پڑھنے یا پڑھانے، ان کیلئے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کرنے، ان کے ساتھ دوستی اور محبت رکھنے، اختلاط اور میل جول رکھنے، اُن کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنے، ان کو ووٹ دینے، ان کو قربانی میں شریک کرنے، ان کو جج اور قاضی بنانے، ان کو عہدہ دینے، اور اُن کے ماتمی جلوسوں میں شرکت کرنے اور ان کے ساتھ اتحاد کرنے کی ممانعت اور اس کا شرعی حکم اور اس کے خطرناک نتائج....!

تالیف

مولانا محبّ اللہ قریشی صاحب

ترکِ موالات عن الرّوافض

(جلد ھفتم)

اہل حدیث مسلک علماء کے فتاوی جات

یہ کتاب اہل اسلام کیلئے ایک قیمتی سرمایہ ہے، جس میں آپ پڑھ سکتے ہیں.....شیعہ کو زکوۃ اور صدقاتِ واجبہ دینے، ان کے ساتھ لین دین کرنے، خرید و فروخت کرنے، تجارت کرنے، ان کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے، شادی بیاہ، غمی و خوشی میں شرکت کرنے، ان کے پیچھے نماز پڑھنے، ان کا جنازہ پڑھنے یا پڑھانے، ان کیلئے دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کرنے، ان کے ساتھ دوستی اور محبت رکھنے، اختلاط اور میل جول رکھنے، اُن کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنے، ان کو ووٹ دینے، ان کو قربانی میں شریک کرنے، ان کو جج اور قاضی بنانے، ان کو عہدہ دینے، اور اُن کے ماتمی جلوسوں میں شرکت کرنے اور ان کے ساتھ اتحاد کرنے کی ممانعت اور اس کا شرعی حکم اور اس کے خطرناک نتائج.....!

(..... تالیف .....)

مولانا محبّ اللہ قریشی صاحب

(جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں)

نام کتاب......................... **ترکِ موالات عن الرّوافض**

جلد ھفتم .... اہل حدیث مسلک علماء کے فتاویٰ جات

تالیف............................ حضرت مولانا محب اللہ قریشی صاحب

صفحات........................... 190

اشاعت.........................مارچ 2024ء

ناشر............................... تحفظ ناموس صحابہؓ واہل بیتؓ اکیڈمی کوئٹہ

فہرست مضامین: جلد ہفتم

حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی کا فتوی.....12

(1) رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا.....12
(2) جو طعام کہ تعزیہ، یا پنجہ، یا جھنڈی یا نشان پر چڑھایا جاوے اس کا کھانا.....12
(3) تعزیہ پرستی کرنے والے اسلام سے خارج ہیں، بانس و کاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اور اس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، محرم میں رافضیوں کے رسوم خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث اور جہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے، مسلمانوں کو اِن اُمور بدعیہ سے پرہیز کرنا چاہئے.....13
(4) تعزیہ داری میں شرکت اور تعاون کرنا اور اس کی زیارت کرنا.....15
(5) تعزیہ داری اور ہنود کے میلوں میں شامل ہونا.....17
(6) جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا.....18
(7) تعزیہ میں جانے سے اپنے عورتوں کو نہ روکنے والے دیوث ہیں.....19
(8) صحابہ کرامؓ کے دشمنوں سے دوستی رکھنا.....19
(9) مرثیہ تصنیف کرنا اور شیعوں کی مجالس میں پڑھنا.....19
(10) زنا سے بچنے کے لئے متعہ کی اجازت نہیں مل سکتی.....20
(11) سنی عورت کا نکاح شیعہ مرد سے.....20
(12) تعزیہ بنانا اور اس میں شرکت کرنا، ماتم کرنا، اور اس میں سامان مہیا کرنا.....21

(13) شیعہ مرد نے اپنے آپ کو سنی ظاہر کیا تو عورت کو فسخِ نکاح کا اختیار ہوگا.................................... 22
(14) روافض کے ساتھ مناکحت کرنا.................................... 22
(15) تعزیہ بنانا اور اس میں شریک ہونا.................................... 22
(16) کفار و مشرکین کو زکوٰۃ کا مال دینا.................................... 23
(17) ارتکاب کفر و شرک سے مسلم و مسلمہ کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے.................................... 23
(18) مشرک باپ کی ولایت مسلمان بیٹی پر باقی نہیں رہتی، اور مسلمان عورت کا نکاح مشرک مرد سے حرام ہے... 24
(19) پرستش اور شراب کے واسطے غیر مسلموں کو دوکان یا گھر کرایہ پر دے کر اُس کرایہ کو استعمال کرنے کا حکم...... 24
(20) مسلمانوں کو اپنے مقدمہ اور فیصلہ میں کافر کو پنچ اور ثالث بنانا.................................... 25
(21) کافر کی اس بات کا کہ اس جانور کو مسلمان نے ذبح کیا ہے، اعتبار نہیں.................................... 25
(22) مالِ وقف خصوصاً مسجد کو بخاطر ہنود مسمار کرنا یا بیچ کرنا درست نہیں.................................... 26
(23) بدعتی امام کے پیچھے نماز پڑھنا اور اس کا وعظ سننا.................................... 26
(24) اہل بدعت جن کی بدعت حدِ کفر کو پہنچی ہو، اُن کے ساتھ معاملہ کا حکم.................................... 27

حضرت مولانا شمس الحق عظیم آبادی کا فتوی..... 28

(1) تعزیہ پرستوں کے ساتھ اتحاد و محبت اور دوستی رکھنا، اُن کے جلسوں میں شریک ہونا، اُن کی دعوتیں کرنا، اُن کے ساتھ کھانا پینا، اُن کے ساتھ میل جول رکھنا اور خلط ملط کرنا.................................... 28
(2) تعزیہ داروں سے خلط ملط رکھنا.................................... 33
(3) تعزیہ داری حضرت حسینؓ کی توہین ہے.................................... 33
(4) تعزیہ بنانا اور اس میں مدد کرنا.................................... 33
(5) تعزیہ داری شرک ہے اور تعزیہ پرست مشرک ہیں.................................... 34
(6) تعزیہ پرستوں سے ترکِ سلام کلام اور ترکِ معاملات اور ترکِ مناکحت لازم واجب ہے.................................... 34
(7) کفار اور مشرکین کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا.................................... 35
(8) شیعہ نے اپنے آپ کو سنی ظاہر کر کے سنی عورت سے نکاح کر لیا.................................... 36

فضیلۃ الشیخ ابومحمد حافظ عبدالستار الحماد کا فتوی.....38

(1)اہل سنت کے ساتھ شیعوں کے اصولی اختلافات ہے،شیعہ اہل کتاب نہیں ہے،اہل سنت لڑکی کو شیعہ مرد کے نکاح میں دینا.. 38
(2) گستاخ رسول ﷺ اور گستاخ صحابہؓ کے ساتھ تعلقات رکھنا اور ایسے شخص کو دینی جماعت یا مسجد کا ممبر بنانا...... 40
(3)روافض کی جنازہ پڑھانے والے کے پیچھے نماز پڑھنے اور روافض کے اذان کے جواب میں: لعنۃ اللہ علی الکاذبین: کہنے کا حکم.. 41
(4) عباس علمبردار کے جھنڈے اٹھا کر گھومتے پھرنے کی بدعت سے اجتناب ضروری ہے........................ 42
(5)شیعہ کے اذان کا جواب دینا.. 42
(6)شیعہ اور مرزائی کا جنازہ پڑھنے والوں سے بائیکاٹ کرنا چاہئے.. 42
(7)غیر مسلم اپنے تہوار کے موقع پر کوئی چیز بھیجیں تو اس کا قبول کرنا اور کھانا...................... 43
(8)مشرک اور بدعقیدہ کی امامت.. 43
(9)مشرک کا ذبیحہ.. 44

مولانا محمود احمد میر پوری کا فتوی.....45

(1)حضرت علیؓ کو مشکل کشا کہنا.. 45
(2)رجب کے کونڈے کی رسم سے اجتناب کرنا چاہئے.. 46
(3) گستاخ صحابہؓ سے خیر و بھلائی کی توقع نہیں کی جا سکتی.. 47
(4)زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو جائے.. 47
(5)ایسے گروہ کو چندہ دینا جو دین میں تحریف کرتا ہے.. 47
(6)غیر مسلموں سے پیار کرنے والی جماعتوں کو چندہ دینا.. 48
(7)غیر مسلم کو سلام کرنا یا اس کا جواب دینا.. 49
(8)غیر مسلموں کے جنازے اور مذہبی رسموں میں شرکت کرنا.. 49

محقق العصر حضرت مولانا عبدالقادر حصاری کا فتوی..... 51

(1) رافضی، مرزائی اور بریلوی کو قربانی میں شامل کرنا 51
(2) گستاخِ صحابہؓ کی قربانی قبول نہیں 53
(3) عاشورہ کے متعلق موضوع روایات اور رافضیوں کے افعالِ شنیعہ 54
(4) شیعوں سے میل ملاپ کرنا اور ان کی رسومات میں شامل ہونا 54
(5) شیعہ کی جلوسوں اور اجتماعات میں شرکت کرنے والے بالآخر شیعہ مذہب قبول کر لیتے ہیں، سنیوں کو اہم انتباہ 55
(6) شیعوں کے متعلق حضور اکرم ﷺ کی پیشن گوئی 56
(7) تعزیہ بنانے والے اسلام سے خارج ہیں 56
(8) گستاخِ صحابہؓ کی سزا 57
(9) تعزیہ کے رسم سے بچنا واجب ہے 57
(10) تصویروں کی حرمت اور شیعہ مذہب میں تعزیہ اور شبیہہ بنانا 57
(11) سبیل حضرت حسینؓ کا شربت پینا اور پلانا 58
(12) تعزیہ کے جلوس میں شرکت کرنے والی عورتیں جنت سے محروم ہے 58
(13) تعزیہ کی جلوسوں میں شرکت کرنے کی وجہ سے نمازیں چھوڑ دیتے ہیں 58
(14) مشرک کو سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا 59
(15) مشرک کے پیچھے نماز پڑھنا 59
(16) مشرک اور کافر کی قربانی قبول نہیں 59
(17) بدعتی کو سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا 59
(18) بدعتی کی قربانی قبول نہیں 60

حضرت مولانا ابوالوفاء ثناءاللہ امرتسری کا فتوی..... 61

(1) سنی لڑکی کا نکاح شیعہ کے ساتھ کرنا 61
(2) ایام عاشورہ میں شادی کرنا 61

(3)تعزیہ کی مجلس میں شرکت کرنا 62
(4)یا علیؓ مدد کہنا شرک ہے 62
(5)محرم میں حلوا پکانا 62
(6)تعزیہ اور اس کے رسوم ادا کرنا خدا تعالیٰ جل شانہ اور رسول ﷺ کے غضب کو دعوت دیتا ہے 62
(7)مشرک والدین کے لئے دعائے مغفرت مانگنا 63
(8) کافر مرد سے مسلمہ عورت کا نکاح 63
(9)غیر مسلموں کے مذہبی میلوں میں تجارت کی غرض سے جانا 63
(10)مسلمان کا وارث کافر نہیں ہوسکتا 64
(11)مشرک کے چھوڑے ہوئے جانور کو ذبح کر کے کھانا 64
(12)مشرکین کو زکوۃ کا مال دینا 64
(13)مشرک عورت سے نکاح 65

ابوالحسنات علی محمد سعیدی، مہتمم جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان کا فتوی 66

(1)شیعہ کا جنازہ پڑھنا اور ان کے لئے بخشش کی دعا مانگنا 66
(2)تعزیہ داری اور مرثیہ خوانی میں شرکت کرنے والے کی امامت 68
(3)شیعہ سے محبت اور تعلقات رکھنے والے کی امامت 68
(4)رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا 68
(5)شیعہ کے پیچھے نماز پڑھنا 69
(6)رافضیہ وغیرہ فرقے...نماز میں ان کی اقتدا کرنا، ان سے سلام مصافحہ کرنا، ان کی ورثہ مسلمان کو یا مسلمان کی وراثت ان کو پہنچتی ہے یا نہیں؟ ان کے ساتھ نکاح کرنا، ان لوگوں سے میل ملاپ رکھنا 69
(7)تعزیہ اور عرسوں کے میلوں میں جا کر تجارت اور خرید و فروخت کرنا 70
(8)سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کے گستاخ کی امامت 70
(9)تعزیہ بنانا اور اس میں شرکت کرنا، ماتم کرنا اور اس میں سامان مہیا کرنا 71

(10) تعزیہ پرستی کرنے والے اسلام سے خارج ہیں، بانس و کاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اور اس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، محرم میں رافضیوں کے رسوم خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث اور جہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے، مسلمانوں کو اِن اُمور بدعیہ سے پرہیز کرنا چاہئے 72
(11) تعزیہ داری میں شرکت اور تعاون کرنا اور اس کی زیارت کرنا 74
(12) تعزیہ داری اور ہنود کے میلوں میں شامل ہونا 77
(13) تعزیہ بنانا گناہِ کبیرہ ہے 77
(14) جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا 78
(15) تعزیہ کے نزدیک شیرینی اور حلوا لے جانا 78
(16) مندر کی تعمیر کے لئے اہل ہنود کو چندہ دینا 78
(17) زکوٰۃ کا مال کفار اور مشرکین کو دینا 79
(18) غیر مسلم کو زکوٰۃ یا فطرہ دینا 79
(19) کافر اور مشرک کے روپیہ مسجد میں لگانا 80
(20) اہل ہنود کے مذہبی اُمور میں چندہ دینا 80
(21) قربانی میں مشرک کو شریک کرنا 80
(22) مشرک کے پیچھے نماز پڑھنا 81
(23) مشرک اور بدعتی شخص کا مرید ہونا 81
(24) فتنہ اور فساد سے بچنے کے لئے مشرک کا نماز جنازہ پڑھنا 81
(25) اہل ہنود کے میلوں یا مسلمانوں کے عرس میں بغرض تجارت اپنا سامان لے جانا 82
(26) کفریہ عقائد والے کی امامت 83
(27) بدعتی امام کے پیچھے نماز پڑھنا اور اس کا وعظ سننا 83
(28) اہل بدعت کی بدعت اگر حدِ کفر تک پہنچ جائے تو ان کے پیچھے نماز پڑھنا 84

مجتہد العصر حافظ عبداللہ محدث روپڑی کا فتوی..... 86

(1) رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا، ان سے سلام مصافحہ کرنا، ان کے ساتھ نکاح کرنا، اِن لوگوں سے میل ملاپ رکھنا 86
(2) شیعہ کا جنازہ پڑھنا اور ان کے لئے بخشش کی دعا مانگنا 87
(3) غیر مسلم کے لئے قرآن مجید کا تعویذ دینا 88
(4) غیر مسلموں کو تہواروں میں مٹی کے برتن بنا کر دینا 89
(5) قربانی میں سب حصہ داروں کا اہل توحید ہونا ضروری ہے 89

شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی، فاضل مدینہ یونیورسٹی کا فتوی..... 90

(1) شیعہ سے اظہارِ بغض ہونا چاہئے 90
(2) مصائب ومشکلات میں: یا علیؓ مدد: کہنا 90
(3) شیعوں کو زکوۃ، فطرانہ اور خیرات دینا 91
(4) محرم میں شادی کرنا 91
(5) مسلمان عورت کا غیر مسلم ججوں کی جیوری میں شامل ہونا 92
(6) تعلیمی اداروں میں غیر مسلم نصاب داخل کرنا اور غیر مسلم اساتذہ مقرر کرنا، اسلامی ملک میں غیر مسلم اقلیتوں کے طلبہ کو سرکاری خرچہ پر خلافِ اسلام تعلیم دینے کی اجازت دینا، معصوم بچوں کو غیر مسلموں کے اداروں میں داخل نہ کرے 92
(7) کافر کی موت پر اظہارِ افسوس کرنا 94

ابوالحسن مبشر احمد ربانی کا فتوی..... 96

(1) ماتم اور شبیہوں کی شرعی حیثیت 96
(2) ماہِ محرم کی بدعات اور اُن میں شرکت کرنے کا حکم 97
(3) غیر مسلموں سے سلام کا طریقہ 99

حافظ زبیر علی زئی کا فتوی..... 100

(1) کفار اور مشرکین کے ذبیحہ کا حکم 100
(2) مرتد اور زندیق کے ذبیحہ کا حکم 100
(3) غیر مسلم کی وراثت 100

توحید، رسالت ﷺ، قرآن، صحابہ کرامؓ و ازواج مطہراتؓ کے بارے میں شیعوں کے کفریہ عقائد، اِن کے ائمہ معصومین کے ارشادات اور اِن کے مستند ترین علماء و مجتہدین کے بیانات..... 102

(1) شیعہ اور عقیدۂ توحید و توہین باری تعالیٰ جل شانہ 104
(2) شیعہ اور بداء کا عقیدہ 106
(3) شیعہ مذہب اور کلمہ طیبہ 108
(4) شیعہ اور عقیدۂ ختم نبوت و توہین انبیاء کرام علیہم السلام و عقیدۂ امامت 110
(5) شیعہ اور عقیدۂ تحریفِ قرآن کریم 115
(6) صحابہ کرامؓ و ازواج مطہراتؓ کے بارے میں شیعہ کے کفریہ عقائد 122
(7) شیعہ مذہب میں :تقیہ: اور :کتمان: کی اہمیت اور فضائل 130
(8) شیعہ مذہب میں متعہ (زنا) کے فضائل 134

صحابہ کرامؓ کی شان وعظمت اور شیعہ مذہب کے رد میں اسلافؒ اور اکابرینؒ کی لکھی گئی کتابیں.......... 138

مراجع و مأخذ کتب.......... 106

مولانا محبّ اللہ قریشی صاحب کی دیگر تالیفات...... 185

(1) پیارے نبی ﷺ کی پیاری زندگی اپنائیں، جلد اوّل.......... 185

(2) پیارے نبی ﷺ کی پیاری زندگی اپنائیں، جلد دوم.......... 186

(3) دفاعِ سپاہ صحابہؓ جلد اوّل.......... 187

(4) سنسنی خیز انکشافات.....شیعیت اور پاکستان.......... 188

(5) دفاع صحابہؓ اور علمائے کرام کی شرعی ذمہ داریاں.......... 189

(6) اظہارِ حقیقت.......... 190

حضرت مولانا سید محمد نذیر حسین محدث دہلوی کا فتوی

رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: ایک آدمی شیعہ ہے، اپنے آپ کو شیعہ کہتا ہے، قرابت داری اور نکاح وغیرہ شیعوں سے ہے۔ ایسے آدمی کے پیچھے حنفی مذہب والوں کی نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ کے پیچھے حنفی کی نماز نہیں ہوتی۔ مرغینانی میں ہے کہ بدعتی آدمی کے پیچھے نماز ہو جاتی ہے لیکن رافضی، جہمی، قدری، مشبہہ اور قرآن کریم کے مخلوق ہونے کے قائل کے پیچھے نماز نہیں ہوتی۔

(فتاوی نذیریہ: ج1: ص394)

جو طعام کہ تعزیہ، یا پنجہ، یا جھنڈی یا نشان پر چڑھایا جاوے اس کا کھانا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اُس طعام میں جو کہ حضرت حسینؓ کے تقرب اور نیاز کیلئے تعزیہ پر چڑھایا جاتا ہے، یا حضرت حسینؓ کے چبوترہ پر رکھا جاتا ہے؟

جواب: جو طعام کہ تعزیہ، یا پنجہ، یا جھنڈی، یا نشان پر چڑھایا جاوے اس کا کھانا حرام ہے، اس لئے کہ وہ منذور لغیر اللّٰہ ہے، اور منذور لغیر اللّٰہ کا کھانا حرام ہے اور یہ فعل بھی حرام ہے، بلکہ شرک اور کفر ہے۔

(فتاوی نذیریہ: ج2: ص184)

تعزیہ پرستی کرنے والے اسلام سے خارج ہیں، بانس وکاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اوراس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، محرم میں رافضیوں کے رسوم خداتعالیٰ کی ناراضگی کاباعث اورجہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے، مسلمانوں کواِن اُمورِبدعیہ سے پرہیز کرنا چاہئے:

سوال: بعض آدمی اہل سنت ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور حضرت حسینؓ کی محبت کووسیلہ بنا کرعشرۂ محرم میں تعزیہ پرستی کرتے ہیں۔اِس کی کیفیت اس طرح ہے کہ پانچویں محرم کوکہیں سے دومشت خاک لے آتے ہیں اوراس کوحضرت حسینؓ کی لاش قرار دے کراس کی تعظیم کرتے ہیں،اورچبوترہ رکھتے ہیں،پھرہرروزاس پرشربت ،فالودہ اور مٹھائی وغیرہ کے چڑھاوے چڑھاتے ہیں،اس مٹی کوباعثِ نجات ومطلب برآری سمجھتے ہوئے سجدہ کرتے ہیں اوراس سے مال ودولت واولادوغیرہ مانگتے ہیں۔پھرساتھویں رات کوطہارت کرتے ہیں،ایک پگڑی باندھتے ہیں اوراس پر پھولوں کاسہرا لٹکاتے ہیں،اورایک چوکی پرجس کی دونوں طرف ہاتھ کی شکل کی ہوتی ہے وہ دستار بڑی عزت سے رکھ دیتے ہیں۔آٹھویں رات کواِس چوکی کومع دستار کے سراُٹھالیتے ہیں ڈھول بجتا ہے اورماتم وسینہ کوبی کرتے ہوئے گلی کوچوں میں پھرتے ہیں۔اورنویں رات کواِس دومشت خاک کوکفن پہنا کراس قبرمیں جوتعزیہ کے اندربنی ہوتی ہے دفن کردیتے ہیں اورپھراس کوکندھوں پراُٹھا کرگریہ وزاری اورسینہ کوبی کرتے ہوئے ہائے حسین ہائے حسین کہتے ہوئے گشت کرتے ہیں۔اوردسویں تاریخ کوچاشت کے وقت اس کفن میں لپٹی ہوئی مٹی کوبمعہ سازوسامان کے روتے پیٹتے اپنے بنائے ہوئے کربلامیں لے جاکردفن کردیتے ہیں،اوراس کے بعدکئی چیزوں پرجن کواپنے ہاتھ لے جاتے ہیں، فاتحہ پڑھتے ہیں،اورشام کواس قبرپرچراغ جلاتے ہیں۔

اوران لوگوں کے متعلق کیاحکم ہے جوحضرت حسینؓ کی قبرکی شبیہ اپنی طاقت کے مطابق لکڑی،سونے چاندی سے بناتے ہیں،اس کواپنے گھروں میں نہایت تعظیم سے رکھتے ہیں،اس کی پوجا کرتے ہیں،بعض لوگ ہاتھ وغیرہ کاعلم بناکرقبرکے ساتھ باندھ دیتے ہیں،اورساتویں رات علم کوتعزیہ سے جداکرکے گشت کیلئے لے جاتے ہیں اوردسویں دن علم مذکورکوسہرے وغیرہ پہنا کرتعزیہ کے ساتھ قبرمیں دفن کردیتے ہیں۔

ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے جو محرم شروع ہوتے ہی پورے تکلفات سے کمروں کو آراستہ کرتے ہیں، آدمیوں کو بُلا کر مرثیہ خوانی کرتے ہیں، کربلا کے واقعات سناتے ہیں، مستورات کی بے عزتی کی داستانیں بیان کرتے ہیں اور ہائے حسین کہتے ہوئے ماتم کرتے ہیں، پھر شیرینی تقسیم ہوتی ہے۔ کیا یہ لوگ اہل سنت والجماعت ہیں؟ اور کیا یہ کام جائز ہیں؟ یا کفر اور شرک ہے؟ یا گناہ کبیرہ یا صغیرہ ہے؟

جواب: اہل سنت والجماعت وہ آدمی ہوسکتا ہے جو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی راہ پر چلتا ہو، اور یہ تمام اُمور جو سوال میں مندرج ہیں نامشروع حرکات ہیں، حضور اکرم ﷺ، صحابہ کرامؓ اور ایمان داروں کی یہ راہ نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ جل شانہ کی ناراضگی کا باعث ہیں، جہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں: جو ہدایت کے واضح ہو جانے کے بعد رسول کی نافرمانی کرے اور ایمان داروں کی راہ چھوڑ کر کوئی اور راستہ اختیار کرے تو جدھر جاتا ہے جائے، ہم اس کو جہنم میں داخل کریں گے، اور وہ بدترین جگہ ہے۔

امام بیضاویؒ کہتے ہیں کہ اس آیت سے اجماع کی مخالفت کی حُرمت معلوم ہوتی ہے اور ایسے لوگ اہل سنت ہونے کا دعویٰ کرنے میں بالکل جھوٹے ہیں، شریعت مطہرہ کے دائرہ سے خارج ہیں، ایسے لوگوں کی کوئی عبادت قبول نہ ہوگی۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بدعتی آدمی کا روزہ، نماز، صدقہ، حج، عمرہ، جہاد، نفل اور فرض کچھ قبول نہیں کرتے، اور وہ اسلام سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسے آٹے سے بال۔

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں کہ تعزیہ کو سجدہ کرنا بُت کو سجدہ کرنے کے برابر ہے، کیونکہ لغتاً ہر وہ چیز جس کی اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کی جائے نصب (بت) ہے۔

شرح مواقف میں ہے کہ سورج کو سجدہ کرنا کفر ہے۔ اب خود ہی سوچو! تعزیہ اور سورج میں کیا فرق ہے۔ مسلمانوں کو ان اُمورِ بدعیہ سے پرہیز کرنا چاہئے، تاکہ صحیح مسلمان بن سکیں۔

ترمذی میں حدیث ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ غزوہ حنین کو نکلے تو راستہ میں ایک درخت آیا، جس پر مشرک لوگ اپنی تلواریں لٹکایا کرتے تھے، اس کو ذات انواط کہتے تھے، تو مسلمانوں نے کہا: یا رسول اللہ ﷺ! ہمیں بھی ایک ذات انواط بنا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! یہ تو قوم موسیٰ علیہ السلام کی سی بات ہوئی کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی تھی کہ ان کے خداؤں جیسا کوئی ہمیں بھی خدا بنا دیں۔ خدا کی قسم! تم یہود و نصاریٰ کی ضرور پیروی کرو گے۔

پس تعزیہ داری بھی ذات انواط ہی کی ایک صورت ہے کہ لوگ اس پر چڑھاوے چڑھاتے ہیں، یہ لوگ پورے مشرک و کافر ہیں، کیونکہ انہوں نے خدا کیلئے شریک بنا دیئے، جس کی مخالفت قرآن مجید کی آیت :فلا تجعلوا للّٰہ اندادا: میں ہے۔

باقی رہا سینہ کوبی اور نوحہ وشیون تو آنحضرت ﷺ کی سنت کے بالکل برخلاف ہے، اور یہ بانس و کاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اور اس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس آدمی پر لعنت کرے جو کسی فرضی قبر کی جس میں کوئی مُردہ دفن نہیں ہے زیارت کرے۔

پس ایسے لوگ جو محض اتباع ہوائے نفس کی بناء پر تعزیہ پرستی وغیرہ کرے اور سنت کی پرواہ نہ کریں، اہل سنت والجماعت بلکہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں، ایسے لوگوں کو شرک و بدعت چھوڑ کر توبہ واستغفار کرنی چاہئے۔

(فتاوی نذیریہ:ج1:ص259)

تعزیہ داری میں شرکت اور تعاون کرنا اور اس کی زیارت کرنا:

سوال: اگر مسلمان کوئی میلہ کریں جس کی مذہب میں کوئی اصل نہیں، جیسے تعزیہ داری، اور کافر، نہ اس لحاظ سے کہ میلہ کی تخریب ہو بلکہ اِس لحاظ سے کہ مسلمانوں کو بحیثیت مذہب ہزیمت ہو مزاحم ہوں، تو ایسی صورت میں میلہ والے مسلمانوں کی شرکت دوسرے مسلمانوں کو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: درصورت مرقومہ ارباب فطانت و دیانت پر مخفی نہیں کہ مسلمانوں کو بحیثیت مذہب ہزیمت جب ہو کہ یہ میلہ تعزیہ داری کا مذہب و ملت یا دنیٰ شعائر اسلام میں بھی داخل ہوتا، حالانکہ داخل نہیں، اور جب یہ میلہ مذکورہ اسلام میں داخل ہی نہیں ہوا، بلکہ یہ میلہ بعض وجوہ سے میلہ فسقیہ ہے اور بعض وجوہ سے میلہ شرکیہ ہے تو اس صورت میں مسلمانوں کو من حیث المذہب دینی و ملت یقینی کیونکر ہزیمت متصور ہوگی؟ یہ خیال خام بعض بلایان نافرجام ہے:وقول رب العالمین:یوحی بعضهم الی بعض زخرف القول غرورا،الآیۃ:ان یتبعون الا الظّن وان هم الا یخرصون: مناسب حال و مقال بلایان بدخصال کے ہے، پس:فذرهم و ما یفترون: ان کو اور ان کے بہتانوں کو چھوڑ دو۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ میلہ تعزیہ داری کا میلہ فسقیہ ہے باعتبار اجتماع فساق تماش بین کے، اور یہ میلہ باعتبار بنانے والے اور تعظیم کرنے والے اور تقرب لغیر اللہ چاہنے والے کے میلہ شرکیہ ہے۔

پس پہلی صورت میں تماشہ دیکھنا ان کے میلہ کا اور تماشہ دیکھنا تعزیہ کے میلہ کا دونوں برابر ہیں۔زور و کذب

وما لا ینبغی اور غیر مشروع ہونے میں بموجب اس آیت کریمہ کے:فلا تقعد بعد الذکریٰ مع القوم الظّٰلمین:یاد آجانے کے بعد ظالم قوم کے پاس مت بیٹھو۔نیز بدلیل آیت سورۃ الفرقان:والّذین لا یشھدون الزّور:جو بے ہودہ چیزوں پر حاضر نہیں ہوتے۔

ہر چند یہ آیت محتمل احتمالاتِ کثیرہ کو ہے لیکن احتمال قوی یہی ہے کہ:یہ حاضر ہونا ہر اُس چیز کو شامل ہے جو لائق وشائستہ نہیں،اس میں مشرکوں کی عیدیں اور فاسقوں کی مجالس بھی شامل ہیں۔کیونکہ جو بدلوگوں کے پاس جائے گا،ان کے افعال کو دیکھے،ان کی مجلس میں حاضر ہو تو اُس نے ان کے گناہ میں شرکت کی۔

او رمدد دینا بنا بر تکثیر سواد اور اشاعت ورونق تعزیہ کی زیادہ ترسخت گناہ ہے حسب منطوق لازم الوثوق کے :تعاونوا علی البرّ والتّقویٰ و لا تعاونوا علی الاثم والعدوان:نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو،اور گناہ اور زیادتی میں مدد نہ کرو۔

ونیز مطابق فرمودہ آنحضرت ﷺ:من کثّر سواد قوم فھو منھم: جو آدمی کسی قوم کی تعداد بڑھائے وہ انہی میں سے ہے۔

او رصورت ثانیہ میں یہ میلہ شرکیہ بلا ریب ہے،کیونکہ یہ تعزیہ منصوبہ:فی ما نصب وعُبِد من دون اللّٰہ: جو کھڑا کیا جائے اور اللہ کے سوا اس کی عبادت کی جائے۔میں داخل ہے:کقولہ تعالیٰ:کانّھم الی نصب یّوفضون: گویا وہ اپنی بتوں کی طرف دوڑتے جارہے ہیں۔:نُصُب:بضمتین:ہر وہ چیز جو کھڑی کی جائے،جیسے جھنڈا وغیرہ۔

پس تعزیہ بنانا اور ساتھ نشان توقیر وتعظیم کے چبوترہ یا کسی بلند مقام پر قائم کرنا اور رکھنا اور نذر ونیاز بتوقع حصول مطالب دنیاوی واُمید حاجت روائی اور فراخی روزی وطلب اولاد وجاہ ومنصب کے اس پر چڑھانا اور اس کی بے ادبی میں نقصان جان ومال کا اعتقاد رکھنا اور بجہت عقیدہ واجب التعظیم کے سلام اور مجرا اور سجدہ اس کو کرنا،جیسا کہ رسم ورواج وعرف وعادت تعزیہ پرستوں کی ہے،صریح بت پرستی ہے،کفارِ مکہ وغیرہ کی بت پرستی کی طرح۔

ایام جاہلیت میں کفارِ مکہ نے تقریباً تین سو بت گرداگرد خانہ کعبہ کے کھڑے کر رکھے تھے اور نذر ونیاز اور ذبح جانور بنا بر تعظیم بتوں کیا کرتے تھے۔پس درمیان تعزیہ داران اور کفار بت پرستانِ مکہ مکرمہ وغیرہ کے کچھ فرق نہیں ہے،اس لئے کہ تعزیہ دار تعزیہ سے اعتقاد جلب منفعت ودفع مضرت کا رکھتے ہیں جیسے کفار بتوں سے معتقد حصول منافع ودفع مضار کے ہیں۔الغرض جو معاملہ کفار اپنے بتوں کے ساتھ کرتے تھے وہی معاملہ تعزیہ دار تعزیہ سے کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جل شانہ سارے مسلمانوں کو ایسے عقیدۂ فاسدہ اور عمل مذموم شرکی تعزیہ داری سے محفوظ رکھے، اور دین محمدی پر توفیق رفیق عطا فرما دے، اور جو لوگ خود نہیں بناتے، مگر مددگار اُمور شرکیہ کے ہوتے ہیں ان کو بھی اس بلائے عظیم تائید شرکی سے توبہ نصیب کرے کہ امداد غیر مشروع سے باز آویں۔ اور حسب توفیق: فلا تقعد بعد الذکرٰی مع القوم الظّٰلمین: کہ تعزیہ داری کی صحبت سے احتراز کرتے رہیں، کہ غضب الٰہی میں گرفتار نہ ہو۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بدعتی آدمی کا روزہ، نماز، صدقہ، حج، عمرہ، جہاد، نفل اور فرض کچھ قبول نہیں کرتے، اور وہ اسلام سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسے آٹے سے بال۔

اور فرمایا: آنحضرت ﷺ نے جو کوئی احداث بدعت کرے یا محدث کو جگہ دے یا اس کی تعظیم کرے اس پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت اور اس کی نماز، روزہ، حج مقبول نہیں۔

اور فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ جو کوئی کسی قوم کی کثرت اور بھیڑ بھاڑ اس کی بڑھاوے، یا تشبیہ کرے وہ اسی قوم سے شمار کیا جائے گا۔

اور جب تعزیہ پرست تعزیہ کے سبب ظالمین میں داخل ہوئے تو تعزیہ پرست مثل راون وکالی والوں کے ہوئے۔ تو اب دونوں کی شرکت واعانت مساوی الاقدام ہوئی، بلکہ تعزیہ والوں کی اعانت بدتر ہے۔ کیونکہ بسبب تعزیہ پرستی کے کفار اسلام پر بت پرستی کا الزام دیتے ہیں اور اکثر اوقات مسلمانوں میں تعزیہ پرستی کو دیکھ کر ہدایت سے باز رہتے ہیں۔ پس جس چیز کے سبب اسلام پر دھبہ لگے اور طریقہ ہدایت کا مسدود ہو، اس چیز کی شرکت واعانت سراسر اسلام پر ظلم کرنا ہے اور کیوں ایسے امر قبیح کو مسلمانوں نے اختیار کیا جس کے سبب بمقابلہ کفار ہزیمت اُٹھانی پڑے۔

پس ہر مسلمان پر فرض ہے کہ ان سب میلوں کی تخریب (خراب کرنے میں) برابر کوشش کرے، بلکہ تعزیہ داری کے اندر اس تخریب میں زیادہ کوشش کرے تاکہ اسلام پر الزام نہ آئے، اور ہدات کا راستہ مسدود نہ ہو، اور ہزیمت بھی نہ اُٹھانی پڑے، اور نیز اس میں اہل بیتؓ کی توہین لازم آتی ہے، جیسا کہ ماہرین شریعت غرا پر مخفی نہیں ہے۔ پس پائے شگون پر ناک کٹانی عقلمندوں کا کام نہیں ہے۔ (فتاوی نذیریہ: ج 1: ص 267)

تعزیہ داری اور ہنود کے میلوں میں شامل ہونا:

سوال: تعزیہ داری کے میلوں میں شامل ہونا کیسا ہے؟ ہنود کے میلوں میں خواہ بغرض تجارت یا بلا غرض جانا جائز ہے یا نہیں؟

جـــواب: ایسے میلوں میں جانا منع ہے، ہرگز شامل نہ ہونا چاہئے، بلکہ اس قسم کے تمام منکرات کو ہاتھ اور زبان سے مٹانا چاہئے، اگر اس کی طاقت نہ ہو تو دل سے تو ضرور بُرا جاننا چاہئے: قال النّبیﷺ: من رای منکم منکرافلیغرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذٰلک اضعف الایمان:

دیکھو! دعوت کا قبول کرنا اور اس میں شریک ہونا ضروری ہے، مگر وہاں بھی اگر منکرات ہوں تو وہاں نہیں جانا چاہئے، اور اگر جاوے، اور جانے کے بعد کوئی امر منکر دیکھے تو لوٹ آنا چاہئے۔

:عن علیؓ قال: صنعت طعاما فدعوت رسول اللہﷺ فجآء فرای فی البیت تصاویر فرجع: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرمﷺ کو کھانے کی دعوت دی، آپﷺ آئے اور گھر میں تصویریں دیکھیں تو واپس چلے گئے۔

پس معلوم ہوا کہ ایسے حرام و ناجائز و منکر میلوں میں بذریعہ تجارت بھی نہیں جانا چاہئے۔

(فتاوی نذیریہ: ج1: ص275)

جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، سو ایسا شخص اگر نماز پڑھ رہا ہو، اور کوئی اس کے ساتھ نماز میں شریک ہو جاوے، تو اس کی نماز ہو جاوے گی مگر ایسے شخص کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے اور نماز پڑھانے کیلئے آگے نہیں کرنا چاہئے۔ اس واسطے کہ مرثیہ خوانی اور تعزیہ داری بلاشبہ فسق و فجور کے کام ہیں، اور فسق و فجور کے کام سے جو راضی ہو، اور اس کی محفل میں جاوے وہ بھی فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز تو ہو جاتی ہے مگر اس کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے۔ (فتاوی نذیریہ: ج1: ص275)

تعزیہ میں جانے سے اپنے عورتوں کو نہ روکنے والے دیوث ہیں:

سوال: جن لوگوں کی عورتیں پردہ میں رہتی ہیں مگر ناچ، تماشہ و تعزیہ وغیرہ بے تکلف دیکھنے جاتی ہیں اور شوہر وغیرہ مانع نہیں ہوتے۔ آیا یہ لوگ دیوث ہوئے یا نہیں اور ان عورتوں پر کیسا گناہ ہوگا؟

جواب: وہ عورتیں بڑی گنہگار و فاسقہ ہیں اور ان کے شوہر جو اُن کو روکتے نہیں وہ بلا شبہ دیوث ہیں۔

(فتاوی نذیریہ: ج1: ص7)

صحابہ کرامؓ کے دشمنوں سے دوستی رکھنا:

سوال: جو شخص اللہ تعالیٰ جل شانہ کے خاص بندوں یعنی اولیاء اللہ سے (کہ مومن کامل وہی لوگ ہیں جن کی فضیلت میں اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں: الاانّ اولیاءاللّٰہ لاخوف علیھم ولا ھم یحزنون، الّذین امنوا وکانوا یتّقون) عداوت و دشمنی رکھے اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: جس شخص نے اللہ تعالیٰ جل شانہ کے دوستوں سے اس کی دوستی کی وجہ سے ذرا بھی دشمنی رکھی، وہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اور رسول ﷺ کا دشمن ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ اپنے دوستوں کی تائید فرما کے ان لوگوں کا دشمن ہو جاتا ہے اور حکم فرماتا ہے کہ تم میرے دوستوں سے جو عداوت رکھتے ہو گویا مجھ سے لڑائی کرتے ہو۔ حدیث شریف میں آیا ہے، فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے کہ حق تعالیٰ جل شانہ ارشاد فرماتا ہے: من عادلی ولیّا فقد اٰذنته بالحرب: جو آدمی میرے کسی دوست سے دشمنی رکھے تو میں اُس کو اعلان جنگ کرتا ہوں۔

خدا تعالیٰ کی پناہ جس کا دشمن خدا ہو اُس کا کون دوست اور کہاں ٹھکانہ ملے گا۔ پس ایسا شخص مردود و شیطان ہے اور اللہ تعالیٰ جل شانہ کا دشمن ہے، اہل اسلام کو چاہئے کہ ایسے خدا تعالیٰ کے دشمن سے اپنے آپ کو الگ بچائے رکھیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں: یاایھاالّذین اٰمنوا لاتتّخذوا عدوّی و عدوّکم اولیآء: اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ۔ اور جو ان سے دوستی رکھے گا وہ بھی اللہ تعالیٰ جل شانہ کے دشمنوں میں حساب ہوگا۔ (فتاوی نذیریہ: ج1: ص48)

مرثیہ تصنیف کرنا اور شیعوں کی مجالس میں پڑھنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ محمد علی ابتدائے عمر سے شعر گوئی کا شوق رکھتا ہے، نعت

ومنقبت بھی لکھتا ہے۔مرثیہ تصنیف کرتا ہےاور پڑھتا ہے،جن مجالس میں وہ مرثیہ پڑھتا ہے وہ مجالس اہل تشیع کے ہاں ہوتی ہیں۔

جواب: محمد علی کا مرثیہ تصنیف کرنا اور اہل تشیع کی مجالس میں پڑھنا، سو یہ ناجائز اور گناہ کا کام ہے۔کیونکہ ایسے مرثیہ تصنیف کرنا اور پڑھنا جس سے حزن وغم میں ہیجان ہو، اور دبا ہوا غم والم تازہ ہو، اور جوش میں آئے اور نوحہ و بکا کرنے پر باعث ومحرک ہو، ناجائز وممنوع ہے، اور مجالس اہل تشیع میں اسی قسم کے مرثیے پڑھے جاتے ہیں۔پس محمد علی کو ایسے مرثیہ تصنیف کرنے اور اس کو مجالس اہل تشیع میں پڑھنے سے توبہ کرنا لازم ہے(فتاوی نذیریہ:ج:2:ص353)

زنا سے بچنے کے لئے متعہ کی اجازت نہیں مل سکتی:

سوال: ایک عورت بیوہ مذہب اہل سنت والجماعت جس کا عقد مرد شیعہ سے ہوا تھا، اب وہ ایسے مقام پر رہتی ہے جہاں سوائے شیعہ لوگوں کے اور کوئی نہیں رہتا ہے۔نکاح اب کسی مصلحت کی وجہ سے نہیں چاہتی،مگر چونکہ مسلمانوں کے ایک فریق میں متعہ جائز ہے، اگر زنا سے بچنے کیلئے یا بنظر ثواب متعہ پڑھائے تو جائز ہے یا نہیں؟ اور اس حالت میں یہ امر موجب ثواب ہوگا یا نہیں؟

جواب: متعہ چونکہ قرآن وحدیث سے حرام ہو چکا ہے، ثواب تو درکنا اُلٹا عذاب ہو جائے گا۔ایسا شخص اہل سنت والجماعت کے یہاں زانی مرتکب کبیرہ کا ہے۔اگر عورت ایسی پارسا ہے تو اس کو چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کے حکم پر عمل کر کے روزے رکھے جو زنا سے بچنے کا عمدہ علاجِ نبوی ہے۔

عمل کرنے کی بات تو یہ ہے جو بیان ہوئی، یوں تو جو چاہے اتباعِ نفس میں شراب کو شیرۂ انگور قرار دے کر چڑھا جائے تو شراب شراب ہی رہے گی۔(فتاوی نذیریہ:ج:2:ص467)

سنی عورت کا نکاح شیعہ مرد سے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عورت اہل سنت والجماعت ہے اور مرد شیعہ مذہب ہے، ان دونوں کا نکاح بموجب شرع شریف ہو سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ اگر ضروریات دین کا منکر ہے اور ایسے اُمور کا قائل و فاعل ہے جن کی وجہ سے وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے تو ایسے شیعہ سے اہل سنت والجماعت عورت کا نکاح ہرگز جائز نہیں، اور اگر فقط سبِ شیخینؓ کرتا ہے تو اگرچہ سبِ شیخینؓ کرنے والا کافر نہیں مگر فاسق ضرور ہے، اور فاسق سے بھی نکاح نہیں کرنا چاہئے۔خلاصہ یہ کہ

عورت اہل سنت کا نکاح شیعہ سے نہیں کرنا چاہئے۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص485)

تعزیہ بنانا اوراس میں شرکت کرنا، ماتم کرنا، اوراس میں سامان مہیا کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ تعزیہ داری کرنا، بچوں کوطوق بیڑی پہنانا، اور ماتم کرنا، بھوسا اُڑانا وغیرہ اور ذکر سوانح ووقائع شہادت وغیرہا میں سامان کرنا اوراس پر رُونا اور رُلانا، اوراس کے واسطے انعقاد مجلس تعزیت کرنا موجبِ ثواب ہے یا باعثِ عقاب؟ اور نوحہ ومرثیہ خوانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: تعزیہ داری، علمداری، ماتم کرنا، بچوں کوطوق بیڑیاں پہنانا، فقیر بنانا وغیرہ قرونِ ثلاثہ: مشہود لھا بالخیر: سے ثابت نہیں، نہ کسی اصل شرعی کے تحت میں مندرج ہے، نہ سلف وخلف صالحین کا اس پر عمل۔ پس محض بدعت وضلالت و:احداث فی الدین: ٹھہرا، جس کے عدم قبول اور ردّ ہونے پر حضور اکرم ﷺ کا یہ قول منقول ہے :من احدث فی امرنا ھذا مالیس منه فھورد:

ھوالمصوب:

واقعی رسم تعزیہ داری بدعت ہے، نہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں پایا گیا، نہ خلفاءؓ کے زمانہ میں، بلکہ اس کا وجود.... قُرونِ ثلاثہ میں کہ: مشھود لھا بالخیر: ہیں منقول نہیں ہوا، اور نہ کسی اصل شرعی کے تحت میں مندرج ہے، پس یہ بدعت ضلالہ ٹھہرا، اور ہر بدعت ضلالہ کو اختیار کرنا لعنتِ خدا تعالیٰ وملائکہ کا موجب اور رسول مقبول علیہ ﷺ کی رنجیدگی کا باعث ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو کوئی بدعت ایجاد کرے یا بدعتی کو پناہ دے اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور سارے جہاں کی لعنت ہے، اللہ تعالیٰ نہ اس کی نفل عبادت قبول کرے گا نہ فرض۔ اور فرمایا: جو کوئی ہمارے دین میں ایسا کام کرے جو اس کا حصہ نہیں تو وہ کام مردود ہے۔ اور فرمایا: بدترین کام بدعت ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

اور سینہ کوبی کرنا، کپڑے پھاڑنا، نوحہ کرنا، خاک اُڑانا، بال نوچنا یہ سب افعال منہیات وممنوعات سے ہیں، جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ:

جو سر کے بال نوچے، سینہ کوبی کرے اور کپڑے پھاڑے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، اور فرمایا جو رُخسار پیٹے، گریبان پھاڑے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، اور فرمایا: خدا تعالیٰ نوحہ کرنے والے پر لعنت کرے۔

:جامع الرموز: میں ہے کہ اگر حضرت حسینؓ کا واقعہ بیان کرنا چاہے تو پہلے تمام صحابہ کرامؓ کی شہادت کا

تذکرہ کرے، تاکہ شیعہ کے ساتھ مشابہت نہ ہو۔

تعزیہ بنانا، اس میں شریک ہونا، اس پر چڑھاوا چڑھانا یا منت ماننا، اِن ایامِ عشرۂ محرم میں ذکرِ شہادتِ حضرت حسینؓ کرنا، رونا پیٹنا، چلانا، نوحہ کرنا، کپڑے پھاڑنا، یہ سب نادرست اور بدعت سیئہ ہے۔

تعزیہ داری کرنا وغیرہ اُمور مذکورہ فی السوال ناجائز و بدعت ہیں۔(فتاوی نذیریہ:ج1:ص224)

شیعہ مرد نے اپنے آپ کو سنی ظاہر کیا تو عورت کو فسخِ نکاح کا اختیار ہوگا:

سوال: ایک آدمی نے فریب دیا اور اپنے آپ کو سنی مذہب ظاہر کر کے ایک سنی عورت سے نکاح کر لیا، جب عورت کو معلوم ہوا کہ یہ شیعہ ہے تو اس سے نفرت کرنے لگی۔ کیا عورت کو فسخِ نکاح کا اختیار ہے یا نہیں؟

جواب: اس صورت میں عورت کو اختیار ہے۔ درمختار میں ہے کہ اگر مرد نے بتایا کہ وہ آزاد ہے یا سنی ہے یا حق مہر دے سکتا ہے یا خرچ پورا کر سکتا ہے، اور اس کے خلاف ثابت ہوسکتا ہے، مثلاً وہ غلام زادہ نکلا تو عورت کو اختیار ہوگا۔

یہ جواب صحیح ہے کیونکہ ناکح نے اپنے آپ کو سنی قرار دیا اور اس کا یہ جملہ نکاح کیلئے شرط تھا جب شرط مفقود ہوگئی تو مشروط بھی ختم ہوگیا۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص553)

روافض کے ساتھ مناکحت کرنا:

سوال: روافض کے ساتھ مناکحت چاہئے یا نہیں؟

جواب: روافض کے ساتھ ہرگز مناکحت نہ چاہئے، اس واسطے کہ یہ مبتدع اور فاسق ہیں نزدیک جمہور علماء کے، اور فاسق مبتدع ہم کفوسنی کا نہیں ہوتا۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص560)

تعزیہ بنانا اور اس میں شریک ہونا:

تعزیہ بنانا، اس میں شریک ہونا، اس پر چڑھاوا چڑھانا یا منت ماننا اِن ایامِ عشرۂ محرم میں ذکر شہادت حضرت حسینؓ کرنا، رونا پیٹنا، چلانا، نوحہ کرنا، کپڑے پھاڑنا یہ سب نادرست اور بدعت سیئہ ہے۔

(فتاوی نذیریہ:ج1:ص228)

کفار ومشرکین کوزکوۃ کا مال دینا:

سوال: زکوۃ کا مال کفار ومشرکین کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: زکوۃ کا مال کفار ومشرکین کو دینا جائز نہیں ہے۔حدیث حضرت معاذؓ میں ہے:فاخبرهم ان اللّٰہ قدافترض علیهم صدقة توخذ من اغنیاء هم وترد علی فقراء هم:

اس حدیث کے تحت میں حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:ان الزکوة لاتدفع الی الکافرلعود الضمیر فی فقراء هم الی المسلمین:(فتاوی نذیریہ:ج2:ص 88)

ارتکابِ کفر وشرک سے مسلم ومسلمہ کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے:

سوال: ولید مرتکب کفروشرک ہوگیا،اور ولید کا نکاح ہندہ سے قبل از ارتکاب کفروشرک کے ہوا تھا،مگر اب ولید یہ چاہتا ہے کہ کفروشرک سے تائب ہوکر تجدید ایمان کر کے ہندہ سے تجدید نکاح کرے تو کیونکر اور کس طرح کرے؟ آیا مہر سابق قائم رہا یا مہر دیگر قرار دیا جائے؟ولید تجدید نکاح پر راضی ہے مگر ہندہ کا یہ کہنا ہے کہ اگر ارتکاب کفروشرک سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے تو قبل از تائب ہونے کفروشرک سے زمانہ ارتکاب کفروشرک میں ولید سے ہندہ کی جو اولاد پیدا ہوئی وہ بحالتِ کفر نکاح کے کیا کہلائے گی یعنی زنیم؟اس وجہ سے ہندہ کو تجدید نکاح سے انکار ہے۔آیا ہندہ کا انکار درست ہے یا غیر مقبول؟ارتکاب کفروشرک سے مسلم ومسلمہ کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا قائم رہتا ہے؟خالد اور اس کے تابعین کہتے ہیں کہ کفروشرک کرنے سے ہرگز نکاح نہیں ٹوٹتا اور نہ کسی طرح کا تزلزل وخلل وحرج واقع ہوتا ہے،تجدید ایمان وتجدید نکاح کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔

جواب: ارتکاب کفروشرک سے مسلم ومسلمہ کا نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ولید کو چاہئے کہ شرک وکفر سے توبہ کر کے تجدید نکاح کرے،اور اس نکاح جدید کیلئے دوسرا مہر مقرر کرنا ہوگا،اور ہندہ کا تجدید نکاح سے انکار کرنا درست ومقبول نہیں ہے،اور جو عذر وہ بیان کرتی ہے وہ عذر غلط ہے۔اس واسطے کہ زمانہ ارتکاب شرک وکفر میں وبحالت کفر نکاح ولید سے جو اولاد ہندہ کی پیدا ہوئی ہے وہ بلا شبہ ولد الزنا ہے اور ولد الزنا ہی کہلائے گی،چاہے ہندہ تجدید نکاح کرے یا نہ کرے،ایسا نہیں ہے کہ ہندہ تجدید نکاح نہ کرے تو وہ اولاد ولد الزنا نہ کہلائے گی،اور اگر تجدید نکاح کرے تو تب بھی وہ اولاد ولد الزنا ہی کہلائے گی۔اور خالد اور اس کے تابعین کا یہ کہنا کہ شرک وکفر سے نکاح ہرگز نہیں ٹوٹتا،غلط اور باطل ہے،اور جہالت پر مبنی ہے۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص 366)

مشرک باپ کی ولایت مسلمان بیٹی پر باقی نہیں رہتی،اور مسلمان عورت کا نکاح مشرک مرد سے حرام ہے:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک میواتی نے کہ نام کا مسلمان ہےاور سیتلا د بھوانی اور لعل داس وغیرہ معبودانِ ہنود کو پوجتا ہے اور نماز نہیں پڑھتا ہے، اپنی لڑکی نابالغہ کا نکاح جس کی عمر چھ برس کی ہوگی ایک میواتی شخص سے کہ وہ بھی نام کا مسلمان ہے اور سیتلا دبھوانی اور لعل داس وغیرہ معبودانِ ہنود کو پوجتا ہے اور نماز نہیں پڑھتا ہے، سے کردیا تھا۔جب وہ لڑکی بالغہ ہوئی اس نے کفر و شرک سے توبہ کی اور نماز روزہ کرنے لگی، پھر اس کے بھائی نے کسی مسلمان مؤحد سے اس کا نکاح کردیا۔اب یہ نکاح ثانی اس لڑکی کا شرعاً جائز ہوا یا نہیں؟

جواب: صورتِ مرقومہ میں معلوم ہو، کہ نکاحِ ثانی صحیح اور جائز ہوا، اور پہلا نکاح ناجائز و حرام ہوا تھا۔اس واسطے کہ پہلا نکاح ایسے شخص سے ہوا تھا جو صریح مشرک تھا، بہ سبب پوجنے سیتلا دبھوانی و لعل داس وغیرہ معبودانِ ہنود کے،اور مسلمان عورت کا نکاح مشرک مرد سے ناجائز و حرام ہے بقال اللّٰہ تعالیٰ: ولا تنکحو المشرکین حتّٰی یؤمنوا ،الآیۃ: اور اسی پر اجماعِ اُمتِ محمدیہ ہے۔اور دوسرے نکاح کا صحیح و جائز ہونا ظاہر ہے، کیونکہ یہ نکاح مسلمان مؤحد سے ہوا ہے۔

رہی یہ بات کہ باپ کی موجودگی میں بھائی کو ولایت نکاح کی نہیں ہوئی کیونکہ باپ: ولی اقرب: ہےاور بھائی: ولی ابعد:۔سو یہ اُس صورت میں ہے کہ باپ کا ولی ہونا باقی رہے،اور اگر کسی وجہ سے باپ کی ولایت جاتی رہےتو بھائی ہی: ولی اقرب: ہوجاتا ہے۔اور صورتِ مسئولہ میں باپ کے صریح مشرک ہونے کی وجہ سے باپ کی ولایت جاتی رہی ،لہٰذا بھائی ہی: ولی اقرب: ہے۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص 367)

پرستش اور شراب کے واسطے غیر مسلموں کو دوکان یا گھر کرایہ پر دے کر اُس کرایہ کو استعمال کرنے کا حکم:

سوال: 1...عرض یہ ہے کہ ایک دوکان واسطے شراب بیچنے کے کسی کافر کو کرایہ پر دے دے تو کوئی مسلمان اس کرایہ کو اپنے خرچہ میں ملائے تو درست ہوگا یا نہیں؟

2...ایک مسلمان نے کسی ہنود کو گھر کرایہ پر دیا،ہنود مذکور اس مکان مذکور میں پوجا اور پرستش اپنے دین و آئین

کے موافق کرتا ہے۔پس اس صورت میں اس مسلمان مذکور کو اِس مکانِ مسطور کا کرایہ لے کے کھانا درست ہے یا نہیں؟

جواب: دونوں سوالوں کا جواب یہ ہے کہ روا نہیں، کیونکہ اعانت اُوپر معصیت کے ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہیں:وتعاونوا علی البرّ والتّقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان:(فتاویٰ نذیریہ:ج2:ص219)

مسلمانوں کو اپنے مقدمہ اور فیصلہ میں کافر کو پنچ اور ثالث بنانا:

ســـــوال: مسلمانوں کو اپنے مقدمہ اور فیصلہ میں کافر کو پنچ اور ثالث بنانا اور اُن سے رائے لینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: مسلمانوں کو اپنے مقدمہ اور فیصلہ میں کافر کو پنچ اور ثالث بنانا جائز نہیں ہے،شرعاً:لقولہ تعالیٰ: لن یجعل اللّٰہ للکٰفرین علی المؤمنین سبیلا۔الآیۃ: ہاں اگر کافر فیصلہ میں مسلمانوں کی رائے کی موافقت کرے تو مضائقہ نہیں،اُمورِ دنیا میں اگر کافر سے رائے لے تو درست ہے،اُمورِ دین میں درست نہیں۔

(فتاوی نذیریہ:ج2:ص338)

کافر کی اِس بات کا کہ اس جانور کو مسلمان نے ذبح کیا ہے،اعتبار نہیں:

سوال: کافر گوشت بیچتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مسلمانوں نے اس کو ذبح کیا ہے،اور ایسے رواج بھی یہی ہے کہ اُس علاقہ میں ہندو لوگ جانور ذبح کراتے ہیں۔ایسی صورت میں ان سے گوشت لے کر مسلمانوں کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟ مطلب یہ ہے کہ اس پر اعتماد صرف کافر کے قول پر ہی کرنا پڑتا ہے،اور یا پھر رواج پر؟

جـــــواب: کافر کی اس بات پر کہ اس جانور کو مسلمان نے ذبح کیا ہے،احناف کے نزدیک اعتبار نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ حلت وحرمت دیانات سے ہے،اور دیانات میں کافر کی شہادت قبول نہیں ہے۔لہذا جب تک کوئی شرعی دلیل قائم نہ ہو جائے اس کو کھانا جائز نہیں ہے۔

درمختار میں ہے کہ: کافروں کا قول معاملات میں بالاتفاق مقبول ہے،دیانات میں نہیں۔امام محمدؒ نے موطا میں کہا ہے کہ اگر مجوسی گوشت لائے اور کہے کہ اس کو مسلمان نے ذبح کیا ہے تو اس کو سچا نہیں سمجھا جائے گا،اور نہ وہ گوشت کھانا جائز ہوگا۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص331)

مالِ وقف خصوصاً مسجد کو بخاطر ہنود مسمار کرنا یا بیع کرنا درست نہیں:

ہر ہوشمند عاقبت اندیش پر مخفی نہیں کہ شئے وقفی خصوصاً مسجد کا بیع یا نیلام یا مسمار کرنا بخاطر کسی اہل ہنود کے مندر یا شوالہ میں ملانے کے واسطے دینا ہرگز درست و روا نہیں، خواہ اس میں خود واقف قصد کرے یا حاکم وقت ارادہ ان اُمور مذکورہ کا کرے ہرگز جائز نہیں، جو شخص اقدام اس باب میں کرے گا گنہگار ہوگا۔ کیونکہ پرستش گاہ میں تصرف مالکانہ کرنا کسی ادیان میں درست نہیں، اور حکم شئے وقفی کا مثل حُر کے ہے، یعنی جیسے حُر رقبہ غلام ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا ویسے ہی شئے وقف بعد وقف کے مِلک ہونا قبول نہیں کرتا۔ (فتاوی نذیریہ: ج2: ص324)

بدعتی امام کے پیچھے نماز پڑھنا اور اس کا وعظ سننا:

سوال: بدعتی عالم امام کے پیچھے اقتدا کرنا خصوصاً صلوات خمسہ میں کوئی حرج ہے یا نہیں؟ علیٰ ہذا القیاس وعظ و پند اگر بدعتی عالم کا استماع میں لادیں تو کیا مضائقہ کی بات ہے؟ ممکن ہے کہ سامعین جو باتیں کہ وعظ کے اندر خلاف کتاب اللہ و سنتِ رسول ﷺ کے ہوں خیال میں نہ لادیں، بقیہ باتیں خیال میں لادیں۔

جواب: واضح ہو کہ بموجب حدیث شریف کے بدعتی کو قصداً امام بنانا نہیں چاہئے بلکہ اپنے میں سے جو اچھا شخص ہو اُس کو امام بنانا چاہئے: عن ابن عباسؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ: اجعلوا ائمتکم خیارکم فانهم وفدکم فیما بینکم وبین ربکم:

اور بوقتِ ضرورت اگر بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ لے تو جائز ہے، مثلاً: وہ حاکم یا رئیس ہے اور اگر اس کا خلاف کرتے ہیں تو فتنہ اور فساد زیادہ ہو جاتا ہے۔

اور وعظ و نصیحت کے سننے اور سنانے کا فائدہ یہی ہے کہ ہدایت ہو، لوگ شرک و بدعت اور معاصی سے بچیں، توحید و اتباعِ سنت کو لازم پکڑیں، اور ظاہر ہے کہ بدعتی مولویوں کے وعظ سے بجائے ہدایت کے گمراہی پھیلتی ہے، ان کے بدعتی وعظ سے لوگ گمراہ ہوتے ہیں، بدعت میں مبتلا ہوتے ہیں، سنت کو چھوڑ دیتے ہیں اور طرح طرح کی خرابیاں ہوتی ہیں: کما لا یخفی۔

رہا یہ خیال کہ بدعتی مولویوں کے وعظ کے اندر جو باتیں خلافِ قرآن و حدیث ہوں ان کو سامعین خیال میں نہ لادیں اور باقی باتوں کو خیال میں لادیں، صحیح نہیں۔ کیونکہ ہر شخص کو اس کی تمیز نہیں کہ کون سی بات قرآن و حدیث کے خلاف ہے اور کون موافق۔ اور جس کو اس کی تمیز ہو اسے خلاف اور ناحق اور منکر باتوں کو سن کر انکار کرنا چاہئے، ہاتھ سے

یا زبان سے یا دل سے۔ہاتھ اور زبان سے انکار کی یہی صورت ہے کہ اس بدعتی واعظ کو بدعتی وعظ سے رُوکے اور دل سے انکار کی صورت یہ ہے کہ اس کی مجلسِ وعظ میں شریک نہ ہو۔الحاصل بدعتی مولویوں کا بدعتی وعظ سننا نہیں چاہئے۔
(فتاوی نذیریہ:ج1:ص390)

اہلِ بدعت جن کی بدعت حدِ کفر کو پہنچی ہو، اُن کے ساتھ معاملہ کا حکم:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ عمرو کہتا ہے کہ ذبیحہ اہل بدعت کا جن کی بدعت کفر کو پہنچ گئی ہے حلال ہے اور امامت نا درست ہے، اور نکاح ان کی عورتوں سے درست ہے: قیاساً علیٰ اہل الکتاب: پس حکم اُن کا مانند اہل کتاب کے ہے، نہ مانند اہل ارتداد کے۔اور زید کہتا ہے کہ قول عمرو کا سراسر خطا ہے، بلکہ کفر ہے، کیونکہ منکر ضروریاتِ دین کا مرتد ہے، اور مرتد کو حکم.....اہل کتاب کا دینا سراسر انکار ہے ضروریاتِ دین سے۔پس اِن دونوں میں سے کون سا مصیب ہے؟

جواب: زید مصیب ہے، اہل بدعت جن کی بدعت کفر کو پہنچتی ہے، کسی صورت سے اہل کتاب کا حکم نہیں پا سکتے، بلکہ مرتد کہلائیں گے، اور ان کے ساتھ مرتدین کا سا معاملہ کیا جاوے گا۔
منکرِ ضروریاتِ اسلام ومبتدع بہ بدعات مکفرہ کو اہل کتاب پر قیاس کرنا بالکل غلط اور بے اصل بات ہے، نہ کسی نے سلف وخلف میں سے ایسا قیاس کیا، اور نہ کوئی سمجھ دار کر سکتا ہے۔اگر کتابی پر قیاس بھی کیا جاوے اور اس کو مثلاً: یہودی اور نصرانی قرار دیا جاوے تو بھی وہ از روئے شریعت محمدیہ مرتد معدود ہوگا اور اس کا معاملہ مرتدین کا ہوگا۔

ھوالموفق:
یہ بات صحیح ہے کہ جن مبتدعین مسلمانوں کی بدعت کفر کو پہنچی ہے، وہ اہل کتاب کا حکم نہیں پا سکتے۔رہی یہ بات کہ وہ مرتد کہلائیں گے یا نہیں؟ اور ان کے ساتھ مرتدین کا سا معاملہ کیا جاوے گا یا نہیں؟ سو اس میں تفصیل ہے۔وہ یہ کہ جو شخص ضروریاتِ دین میں سے کسی ایسے امر کا انکار کرے جس کا ثبوت: علیٰ سبیل التواتر: ہو اور اس کے ثبوت میں علماء کا اختلاف نہ ہو بلکہ اس کا ضروریاتِ دین سے ہونا: متفق علیہ: ہو تو ایسا شخص مرتد کہلاوے گا، اور اس کے ساتھ معاملہ مرتدین کا سا کیا جاوے گا، اور جو مسلمان شخص ایسا نہ ہو، وہ نہ مرتد کہلائے گا اور نہ اس کے ساتھ مرتدین کا سا معاملہ کیا جاوے گا۔(فتاوی نذیریہ:ج2:ص343)

حضرت مولانا شمس الحق عظیم آبادی کا فتوی

تعزیہ پرستوں کے ساتھ اتحادو محبت اور دوستی رکھنا، اُن کے جلسوں میں شریک ہونا، اُن کی دعوتیں کرنا، اُن کے ساتھ کھانا پینا، اُن کے ساتھ میل جول رکھنا اور خلط ملط کرنا:

سوال: تعزیہ داری کرنا جس طرح کہ اِس ملک ہندوستان میں مروّج ہے، گناہِ کبیرہ ہے یا نہیں؟ اور جو آدمی بعد توبہ کرنے اس فعل کے، پھر مرتکب اس کا ہو، اس کا شرع شریف میں کیا حکم ہے؟ اور جو لوگ مسلمان اہل سنت حنفی ہو کر تعزیہ داروں کے ساتھ اتحاد و محبت رکھتے ہیں اور رنج و راحت میں اُن کے شریک رہتے ہیں اور اُن کے اِن افعال شنیعہ پر مانع نہیں ہوتے ان کا کیا حکم ہے؟

جواب: ارباب فطانت پر واضح ہو کہ تعزیہ پرستی کرنا جس طرح پر کہ ملک ہندوستان وغیرہ میں شائع و ذائع ہے، سراسر شرک و ضلالت ہے۔ کیونکہ تعزیہ پرست لوگ اپنے فہم ناقص و خیال باطل میں حضرت حسینؓ کی تصویر بناتے ہیں، اس طور پر کہ پانچویں تاریخ محرم کو تھوڑی مٹی کسی جگہ سے لاتے ہیں اور اس کو نعش حضرت حسینؓ قرار دے کر نہایت عزت و احترام کے ساتھ ایک چیز بلند پر مثل چبوترہ وغیرہ کے اس کو رکھ کر ہر روز اس پر شربت و مٹھائی و مالیدہ و پھول وغیرہ اپنے زعم فاسد میں فاتحہ و نیاز دیتے ہیں، اور کسی شخص کو اس چبوترہ پر جوتہ پہنے ہوئے نہیں جانے دیتے، اور اس مٹی

کے سامنے جس کو نعش قرار دیا ہے سجدہ کرتے ہیں، اور ترقی مال و دولت و اولاد کی اس مٹی سے طلب کرتے ہیں، کوئی منت مانگتا ہے کہ حضرت حسینؓ میرا فلانا مریض اچھا ہو جاوے، کوئی کہتا ہے کہ میری فلانی مراد بر آوے، اسی طرح کوئی اولاد مانگتا ہے، کوئی اپنے اُور مشکلات کے حل چاہتا ہے، الغرض جو معاملہ کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے ساتھ چاہئے تھا وہ سب معاملہ اس مٹی کے سامنے جس کو نعش قرار دیا ہے، کرتے ہیں۔ اور پھر اس نعش کی دستار بندی کر کے اور سہرہ و مقنع باندھ کے خوب ڈھول باجہ کے ساتھ تمام گشت کراتے ہیں، اور نعرہ یا حسینؓ یا حسینؓ کا مارتے ہیں۔ علیٰ هذاالقیاس: اسی قسم کے اور بہت سے افعال شنیعہ و منکر کرتے ہیں۔

پس حقیقت تعزیہ پرستی کی یہ ہے تو اس کے شرک ہونے میں کیا شک وشبہ باقی رہا؟ ان تعزیہ پرستوں نے اپنے پرستش کیلئے ایک نشانی ٹھہرا لیا ہے، اب یہ تعزیہ بھی ایک فرد: انصاب :کا ہے اور پوجنا نُصب کا حرام ہے۔ پس تعزیہ بنانا اور پوجنا اس کا بھی حرام ہوا۔ حق تعالیٰ جل شانہ نے :سورۃ المائدہ: میں فرمایا:

:یاایھاالذین امنوا انما الخمر و المیسر و الانصاب و الازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون: اے جو لوگ ایمان لائے ہو سوائے اس کے نہیں کہ شراب اور جوا اور انصاب اور تیر فال کی ناپاک ہیں، کام شیطان کے ہے پس بچو اس سے تو کہ تم فلاح پاؤ۔

اور معنی: انصاب: کے صحاح جوہری میں یوں لکھا ہے: النصب ما نصب فعبد من دون اللہ، انتھی: یعنی جو چیز گاڑی جاوے، اور اس کی پرستش کی جاوے سوائے اللہ تعالیٰ کے۔

مجالس الابرار و مسالک الاخیار میں ہے کہ :نصب: وہ چیز ہے جو گاڑی جاوے اور اس کی عبادت کی جاوے سوائے اللہ تعالیٰ کے، جیسے درخت اور پتھر یا قبر، اور جو چیز سوائے اس کے ہے (اس کی عبادت کی جاوے) اور رواجب ہے توڑ دینا اور ڈھا دینا ان سب چیزوں کا۔

اور حافظ ابن قیمؒ نے لکھا ہے: ومن الانصاب ما قدہ نصب للمشرکین من شجر او ھود، او دشن، او خشبۃ و نحو ذالک و الواجب ھدم ذلک نحو أثرہ:

پس دیکھو کہ حافظ ابن قیم اور صاحب مجالس الابرار نے صاف لکھ دیا کہ جو چیز پوجی جاوے اللہ تعالیٰ کے سوا، خواہ درخت ہو، یا پتھر ہو یا قبر ہو کسی کی، یا لکڑی ہو یا جو چیز مثل اس کے ہو، سب: نصب: میں داخل ہے اس کا توڑ دینا واجب ہے۔

او ر اللہ تعالیٰ نے بُرائی، شراب اور انصاب اور جوا تینوں کی ایک ہی جگہ بیان فرمایا اور تینوں کو نجس و کام شیطان

قرار دیا، اور تعزیہ کا بھی انصاب میں داخل ہونا یقینی ہے، کیونکہ پوجا جانا تعزیہ کا یعنی اس کو سجدہ کرنا اور اس سے انواع واقسام کی مدد چاہنا اظہر من الشمس ہے۔ پس ہر مسلمان کو چاہئے کہ اس کو توڑ دیں اور خاک سیاہ کر دیں۔

دیکھو! جناب نبی کریم ﷺ سال فتح مکہ میں، مکہ معظمہ کو تشریف لے گئے، آپ ﷺ اندر بیت اللہ داخل نہ ہوئے بسبب اس کے کہ بیت اللہ کے چاروں طرف تین سو ساٹھ تصویریں (بت) رکھی تھی کہ جن میں تصویر حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل علیہم السلام کی بھی تھی۔ آپ ﷺ نے حکم دیا کہ وہ سب تصویریں نکالی جاویں، اور توڑ دی جاویں، چنانچہ تصویریں نکالی گئیں، آپ ﷺ ان تصویروں کو لکڑی سے مارتے تھے اور کسی تصویر کے آنکھ میں ٹھوکر لگاتے تھے، پس سب بُت گرتے جاتے تھے، اور جو تصویریں کہ دیواروں پر منقش تھیں ان کو پانی سے دھو دینے کا حکم دیا۔

ابو داؤد طیالسی نے لکھا ہے کہ: اسامہ نے کہا کہ ہم گئے حضور اکرم ﷺ کے پاس کعبہ میں پس دیکھا آپ ﷺ نے بہت سی صورتیں پس ایک ڈول پانی مانگا، ہم نے لا دیا، پس پانی چھینٹا آپ ﷺ نے ان صورتوں پر، پس وہ تصویریں جن میں تصویر حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل علیہم السلام کی بھی تھی حضور اکرم ﷺ نے باقی نہیں رکھا، بلکہ تصویریں ذی جسم کو توڑ دیا اور ذی نقش کو پانی سے دھو دیا۔

پس اب تعزیہ کے توڑ دینے میں کسی قسم کا تردد وشبہ باقی نہیں رہا، کیونکہ ان تصویروں کی پرستش ہوتی تھی اسی لئے حضور اکرم ﷺ نے ان کو توڑا، اور مٹا دیا، وہی وجہ بعینہ تعزیہ میں بھی موجود ہے، اور قطع نظر پرستش کے جس گھر میں ذی روح کی تصویر رہتی ہے وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ پس جس جگہ تعزیہ وغیرہ صورت ذی جان کی ہو وہاں فرشتے نہیں آتے ہیں۔

تمامی ممالک ہندوستان وغیرہ میں جہاں جہاں تعزیہ داری ہوتی ہے ہزاروں در ہزار آدمی شرک میں گرفتار رہتے ہیں، کوئی اس کو سجدہ کرتا ہے، کوئی اولاد اس سے چاہتا ہے، کوئی ترقی مال و دولت، کوئی صحتِ مریض، کوئی کچھ اور کوئی کچھ، اور ایسی عظمت وتعظیم جو خاص واسطے باری تعالیٰ کے لائق ہے کرتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ ذرا سا بے ادبی کرنے میں قہر و بلا نازل ہونے لگے گی۔

اب اے غافل لوگو! تم سب متنبہ اور ہوشیار ہو جاؤ کہ تم لوگ کیسے عظیم گناہ میں مبتلا ہو، ہوشیار ہو جاؤ۔ دیکھو! اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ایاك نعبدو ایاك نستعین: یعنی تجھ ہی کو پوجتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

اور فرمایا: فلا تجعلوا اللّٰه اندادا وّ انتم تعلمون: پس نہ ٹھہراؤ اللہ تعالیٰ کے ساجھی اور تم جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے برابر کوئی نہیں ہے۔

اورفرمایا:واعبدالله ولاتشرکوابه شیئا:اورعبادت کرواللہ کی اورمت ٹھہراؤاِس کے ساتھ شریک ۔

اورفرمایا:اتعبدون من دون الله مالایملک لکم ضرا وّلانفعا:تم لوگ ایسی چیزکوپوجتے ہو اللہ تعالیٰ کوچھوڑکرجومالک نہیں تمہارے نفع اورنقصان کا۔

اورفرمایا:وان یمسسک الله بضرّفلاکاشف له الّاھو،وان یمسسک بخیرفھو علیٰ کل شیءٍ قدیر:اوراگرپہنچادےاللہ تعالیٰ تجھ کوکچھ مصیبت نہیں دُورکرنے والااُس کوسوائےاللہ تعالیٰ کےاور اگرپہنچائےاللہ تعالیٰ بھلائی،پس وہ ہرچیزپرقادرہے۔

اورفرمایا:وماأمروا الّالیعبدوا الھاوّاحدا،لااله الّاھو:اورحکم یہی ہواتھاکہ بندگی کریں ایک اللہ تعالیٰ کی،نہیں کوئی قابل عبادت کےمگروہی۔

الغرض..... ہزاروں آیتیں ہیں جن سےیہ ثابت ہےکہ شدائداورمصیبتوں کےوقت اللہ تعالیٰ جل شانہ ہی کوپکارناچاہئے،اوراسی سےاستعانت ومدد،وطلبِ روزی واولاد،وصحتِ امراض کرناچاہئے،اوراس کےسوائے کسی کوخواہ انبیاءکرام علیہم السلام،واولیاءکرامؒ،وقطبؒ ہوں علم غیب حاصل نہیں،کہ شدائدکےوقت جب وہ پکارے جاوےتووہ سنیں اورمددکریں،اوران کوذرابھی اختیارحاصل نہیں،کہ کسی کوکچھ نفع نقصان پہنچائیں۔

تعزیہ پرستوں،وقبرپرستوں نےخالق مخلوق کوبرابرکردیا،بلکہ مخلوق سےزیادہ ڈرنےلگےاوراللہ تعالیٰ جل شانہ کی کچھ قدرنہیں پہچانتے۔

اوراگرفرضاً کوئی شخص تعزیہ وغیرہ بہ نیت پرستش وعبادت وتعظیم لغیراللہ کےنہ بنادے،بلکہ اپنےزعم فاسدمیں ماتم حضرت حسینؓ قراردےیاصرف بنابررسم ورواج وطمع دنیاوی کےبنادےتب بھی گناہِ کبیرہ ہونےسےخالی نہیں۔ اوربنابررسم ورواج کےتعزیہ بنانایہ بھی معصیت میں داخل ہے،کیونکہ یہ فعل اس کا:معین علی الشرك: ہے،اور پابندی رسم ورواج کی درباب اُمورشرکیہ کےخودشرک ہے۔اوروہ داخل ہےاس آیت کریمہ میں:واذاقیل لھم اتّبعواماانزل الله قالوابل نتّبع ماالفیناعلیه اباءنا:اورجب کہاجاتاہےواسطےان کےپیروی کرواس چیزکی کہ اُتارااللہ تعالیٰ نے،کہتےہیں بلکہ پیروی کریں گےہم اس چیزکی کہ پایاہم نےاُوپراس کےباپوں اپنےکو۔

پس تعزیہ پرستوں کولازم وواجب ہےکہ تعزیہ بنانےاورتعزیہ کی پرستش سےتوبہ کرے،اورعذاب آخرت اپنی گردن میں نہ لیں،اورجوآدمی بعدتوبہ کرنےکےتعزیہ پرستی سےپھرمرتکب اس کاہوااورتعزیہ پرستی شروع کیا،اس شخص کا وہی حکم ہےجوکہ تفصیلاً اُوپربیان ہوااوروہ انہیں صورتوں میں داخل ہوا(العیاذبالله)۔

اور جو لوگ اپنے کو سنی کہتے ہیں اُن کو تعزیہ پرستوں کے ساتھ اتحاد و محبت رکھنا گناہ ہے، اور جائز نہیں کہ اُن کے جلسے میں شریک ہوں، اور نہ اُن کی دعوتیں کریں بلکہ اُن کی اس فعلِ شنیع پر مزاحمت کریں، ورنہ انہی تعزیہ پرستوں کے ساتھ یہ بھی قیامت میں اُٹھائے جاویں گے۔

حضرت ابو سعیدؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: مت ساتھ کر کسی کا سوائے مومن کے اور مت کھلا اپنا کھانا مگر پرہیز گار کو۔

یعنی بدکاروں کی دعوت نہ کرے اور ان کی صحبت میں نہ بیٹھے، نہ ان کے ساتھ خلط ملط رکھے، ورنہ اُن کی عادتیں اس میں بھی اثر کریں گی۔

علامہ خطابی صاحبؒ لکھتے ہیں کہ بدکاروں کی دعوت نہ کرے، کیونکہ حضور اکرم ﷺ نے بدکاروں کے ساتھ رہنے کو، اور میل جول رکھنے کو اور اُن کے ساتھ کھانے پینے کو اِس واسطے منع فرمایا کہ ان لوگوں سے دوستی و محبت نہ ہو جائے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنے دوست کے دِین پر ہوگا، تو دیکھ لے کہ کس سے دوستی کرتا ہے۔

یعنی سمجھ بوجھ کر دوستی کرلے۔ ایسا نہ ہو کہ مشرک یا بدعتی سے دوستی کرے، پھر اس کے ساتھ آپ بھی جہنم میں جاوے۔

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی قوم کو دوست رکھتا ہے وہ اس کے ساتھ قیامت میں اُٹھایا جاوے گا۔

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ سے میں نے سنا ہے، آپ ﷺ فرماتے تھے جو شخص کسی قوم میں بُرے کام کیا کرتا ہو، اور قوم والے باوجود قدرت کے اس کو اور اس کے کام نہ بگاڑیں تو اللہ تعالیٰ اپنا عذاب ان پر ان کے موت سے پہلے ہی پہنچاتا ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ...... اِن مذکورہ بالا آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ مذکورہ بالا سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بدعتیوں اور بدکاروں کے ساتھ محبت و دوستی و کھانا پینا نہ رکھے، اور نہ ان کے بُرے کاموں اور بدعتوں پر راضی ہو، اور نہ اُن کی شرکت دے، ورنہ عذابِ الٰہی میں گرفتار ہوگا۔ (فتاویٰ مولانا شمس الحق عظیم آبادی: ص 186)

تعزیہ داروں سے خلط ملط رکھنا:

تعزیہ پرستی شرک ہے،اس سے توبہ کرنا فرض ہے اور مشرکوں سے خلط ملط رکھنا بھی معصیت ہے۔

(فتاویٰ مولاناشمس الحق عظیم آبادی:ص201)

تعزیہ داری حضرت حسینؓ کی توہین ہے:

تعزیہ داری شرک وکفر ہونے کے علاوہ حضرت حسینؓ کی خاص بے عزتی و بے حرمتی وتوہین ہے۔کوئی آدمی اپنے آباء کی نقل بنانے کو پسند نہیں کرتا،تو حضرت حسینؓ کی نقل بنانا کس طرح پسند ہوسکتی ہے۔

(فتاویٰ مولاناشمس الحق عظیم آبادی:ص201)

تعزیہ بنانا اوراس میں مدد کرنا:

بیشک تعزیہ بنانا اوراس میں مدداورکوشش کرنا شرک وبدعت ہے۔ہرمسلمان کولازم ہے کہ اس سے بچے اور توبہ کرے اوراس کے مٹانے میں جان ومال سے کوشش کرے۔حضرت شیخ قطب سیدمحی الدین عبدالقادرجیلانی صاحبؒ اپنی کتاب:غنیۃ الطالبین :میں بدعتی کے بارے میں تحریرفرماتے ہیں کہ:

بدعتیوں سے دوستی اورمصاحبت نہ رکھے اورنہ ان کے طریقے چلے اورنہ ان لوگوں کوسلام کرے،اوربدعتیوں کے ساتھ نہ بیٹھے اورنہ ان لوگوں سے نزدیک ہووے،اورنہ ان لوگوں کی خوشی میں مبارکبادیں،اورجب وہ لوگ مرجاویں ان کی نمازجنازہ نہ پڑھی جاوے،اورجب ان لوگوں کاذکرہوتورحم نہ کیاجاوے ان پربلکہ دُورکیاجاوے رحمت سے،اورعداوت(دشمنی)رکھے ان سے،اللہ تعالیٰ جل شانہ کے واسطے،یہ برتاؤاُن کے ساتھ اس واسطے کرے کہ ان کی مذہب کابطلان اس کی اعتقادمیں آجاوے اوربہت بڑے ثواب اوربڑی مزدوری کااُمیدوار ہے۔

اورحضوراکرمﷺ سے روایت ہے فرمایا:کہ جس نے بدعتی کواللہ تعالیٰ کے واسطے بغض سے دیکھاتو اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کے دل کوایمان اورامن سے بھردیتا ہے اورجس نے بدعتی کواللہ تعالیٰ کے واسطے جھڑکا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کوامن میں رکھےگا اورجس نے بدعتی کی حقارت کی اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کے واسطے جنت میں سودرجہ بلندکرےگا اورجوشخص بدعتی سے خوشی سے ملا تحقیق ہلکا جانا اس چیزکوکہ اُتارا اللہ تعالیٰ جل شانہ نے محمدﷺ پر۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضوراکرمﷺ فرمایا:نے انکارکیا اللہ تعالیٰ جل شانہ نے کہ بدعتی کا عمل

قبول کرے یہاں تک کہ بدعت کو چھوڑ دے۔

حضرت فضیل بن عیاضؒ نے کہا کہ: جس نے محبت رکھا بدعتی سے اللہ تعالیٰ جل شانہ اس کے عمل کو نیست کر دے گا اور نورِ ایمان اس کے دل سے نکال لے گا، اور جب جان لیا اللہ تعالیٰ جل شانہ نے کسی آدمی کو کہ بغض رکھنے والا ہے بدعتی سے اُمید کرتا ہوں اللہ تعالیٰ جل شانہ سے کہ اس کے گناہ کو معاف کرے اگر چہ عمل اس کا کم ہو، اور جب دیکھے تو بدعتی کو ایک راستے پر چلتے ہوئے تو دوسرے راستے سے جا۔

اور کہا حضرت فضیل بن عیاضؒ نے کہ سُنا میں نے سفیان بن عیینہؒ سے کہ فرماتے تھے کہ جو بدعتی کے جنازے میں گیا ہمیشہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے عذاب میں رہتا ہے یہاں تک کہ لوٹ آوے، اور تحقیق لعنت کی حضور اکرم ﷺ نے بدعتی پر۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی بدعت نکالی یا بدعتی کو جگہ دی، اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اور سب لوگوں کی لعنت ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی فرض اور نفل عبادت قبول نہیں کرتا۔

(فتاویٰ مولانا شمس الحق عظیم آبادی:ص202)

تعزیہ داری شرک ہے اور تعزیہ پرست مشرک ہیں:

بے شک تعزیہ داری شرک ہے اور تعزیہ پرست مشرک ہے اور مشرکین مکہ سے بدرجہا بڑھ کر ہے۔ اس لئے کہ وہ لوگ مشرکین مکہ، مصیبت واضطرار کے وقت خاص اللہ تعالیٰ جل شانہ سے فریاد کرتے تھے اور اپنے معبودوں کو نہیں پکارتے تھے اور یہ لوگ یعنی تعزیہ پرستان، مصیبت واضطرار کے وقت بھی اپنے رب کی طرف رجوع نہیں کرتے بلکہ ان کا شرک اُس وقت اور زیادہ ہو جاتا ہے۔(فتاویٰ مولانا شمس الحق عظیم آبادی:ص204)

تعزیہ پرستوں سے ترکِ سلام کلام اور ترکِ معاملات اور ترکِ مناکحت لازم واجب ہے:

واقعی تعزیہ پرستی شرک جلی ہے، تمام اہل اسلام موحدین سنیوں پر تعزیہ پرستوں سے ترکِ سلام کلام اور ترکِ معاملات اور ترکِ مناکحت لازم واجب ہے، کیونکہ یہ لوگ مسلمان نہیں جب تک توبۂ نصوح اس کفر سے نہ کریں۔

(فتاویٰ مولانا شمس الحق عظیم آبادی:ص205)

کفار اور مشرکین کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ ایک گورِ غریباں مسلمانوں کا جو سینکڑوں برس سے قائم مقام ہے، اور برابر اس میں میت مسلمانوں کی دفن ہوا کرتی ہے، بالفعل ایک مردہ غیر مسلم کا ہاتھ پیر باندھ کر ایک گڑھا کھود کر اس گورستان قدیم میں بٹھا کر مٹی سے ڈھانک دیا اور باوجود منع کرنے کے عام مسلمانوں کے زبردستی سے ایک مسلمان اہل دول کے یہ کام ہوا۔

اب سوال یہ ہے کہ یہ فعل اس مسلمان اہلِ دول نے جو کیا جائز کیا یا ناجائز کیا تو قابل ملامت ہے یا نہیں؟ اور سلف سے کیا انتظام گورستان کا چلا آتا ہے، عام گورستان مسلمانوں کا اور غیر مسلمانوں کا علیحدہ علیحدہ رہا کیا ہے یا نہیں؟

جواب: جاننا چاہیے کہ مسلمانوں کے مقبروں میں کفار و مشرکین کو دفن کرنا حرام ہے، ہرگز جائز نہیں ہے اور اس فعل میں امواتِ مسلمین کے ساتھ بے حرمتی کرنا ہے جس مسلمان نے ایسا فعل کیا ہے اس نے گناہ کبیرہ کیا اس کو توبہ لازم ہے۔

امواتِ مشرکین و کفار کو مقابرِ مسلمین میں دفن کرنے کی دلیلِ حرمت یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے امواتِ مسلمین کی زیارت کا حکم دیا ہے اور ان کی قبر کے پاس کھڑے ہو کر ان کیلئے دعا کرنے کو فرمایا ہے اور اللہ تعالیٰ جل شانہ نے مشرکین کی قبر کے پاس کھڑے ہونے سے منع فرمایا ہے اور حضور اکرم ﷺ نے مشرکین کی قبور سے جلد گزر جانے کا حکم دیا ہے اور تاکید کیا ہے کہ ذرا بھی وہاں مت ٹھہرو۔ پھر جب اختلاط قبورِ مسلمین و مشرکین کا ہوگا تو مسلمانان کیونکر امواتِ مسلمین کی زیارت کریں گے اور کیونکر ان کی قبر کے پاس کھڑے ہوں گے۔ کیونکہ جب مسلمانوں کی قبر کے پاس کھڑے ہوں گے تو باعثِ اختلاط قبورِ مشرکین کے مشرکین کی قبر کے پاس بھی کھڑا ہونا لازم آئے گا۔ اور شریعت نے حکم دیا ہے کہ تم مشرکین کی قبر کے پاس سے بھاگو۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے سورۃ التوبہ میں فرمایا: و لا تصلّ علیٰ احد مّنھم مّات ابدوّالا تقم علیٰ قبرہ: یعنی جو کوئی اِن منافقین مشرکین سے مر جاوے ان پر نماز نہ پڑھیے اے محمد ﷺ! اور نہ کھڑے ہوئیے ان کی قبر کے پاس۔

ترمذی میں ہے کہ جب یہ آیت اُتری اس کے بعد حضور اکرم ﷺ نے کسی منافق میت کی نماز نہ پڑھی اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوئے۔

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ جب صحابہ کرامؓ کے حجر یعنی دیارِ ثمود کے پاس

پہنچے جہاں پر قوم ثمود گڑی ہوئی تھی تو حضور اکرم ﷺ نے اپنے اصحابؓ کو فرمایا: تم لوگ قوم ثمود کی قبروں کے پاس مت جاؤ اور خود حضور اکرم ﷺ وہاں پر سے بہت تیز گزر گئے۔

حافظ عبد العظیم منذری نے کتاب: الترغیب والترھیب: میں باب باندھا ہے کہ: ظالمین یعنی مشرکین وکفار کی قبور کے پاس سے گزر جانے میں خوف کرنا چاہئے اور تیز چلنا چاہئے اور یہی حدیث حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی اس باب میں لائے ہیں۔

اور قدیم الایام حضور اکرم ﷺ کے زمانہ مبارک سے اس وقت تک یہی دستور عمل رہا کہ مسلمانوں کا مقبرہ مشرکین کے مقبرہ سے علیحدہ رہے، کیونکہ شارع علیہ السلام نے اموات مسلمین کے احترام کرنے کا حکم دیا ہے اور اموات کفار کا کچھ بھی احترام نہیں ہے۔

امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں ایک باب منعقد کیا ہے: باب ھل ینبش قبور مشرکی الجاھلیة ویتخذ مکانھا مساجد: اور اس باب میں حدیث قصۂ بناء مسجد نبوی کا لائے ہیں، اس کا جملہ اخیرہ یہ ہے: قال انسؓ فکان فیہ ماأقول لکم قبور المشرکین وفیہ خرب وفیہ نخل فامر النبی ﷺ القبور المشرکین فنبشت ثم بالخرب فسویت.....الحدیث:

اس حدیث سے صاف ظاہر ہوا کہ قبور مشرکین کے ساتھ کچھ بھی احترام نہیں ہے، بلکہ وقت ضرورت کے مشرکین کی قبر کو اکھاڑ کر زمین کو برابر کر دینا جائز ہے۔

اور صحیح بخاری کے باب: ماجآء فی قبر النبی ﷺ وابی ابکرؓ وعمرؓ: میں ہے نقل یسأذن عمر بن الخطابؓ فان اذنت لی فادفنونی، والا فردونی الی مقابر المسلمین، انتھیٰ: اس روایت سے مقابر مسلمین کا علیحدہ ہونا ثابت ہوا۔ (فتاوی مولانا شمس الحق عظیم آبادی: ص130)

شیعہ نے اپنے آپ کو سنی ظاہر کر کے سنی عورت سے نکاح کر لیا:

سوال: ایک آدمی نے فریب دیتے ہوئے اپنے آپ کو سنی مذہب ظاہر کر کے ایک سنی عورت سے نکاح کر لیا، جب عورت کو معلوم ہوا کہ یہ شیعہ ہے تو اس سے نفرت کرنے لگی۔ کیا عورت کو فسخ نکاح کا اختیار ہے یا نہیں؟

جواب: اس صورت میں عورت کو اختیار ہے۔ درمختار میں ہے کہ اگر مرد نے بتایا کہ وہ آزاد ہے یا سنی ہے ہے یا حق مہر دے سکتا ہے یا خرچ پورا کر سکتا ہے اور اس کے خلاف ثابت ہوا، مثلاً: وہ حرام زادہ نکلا تو عورت کو اختیار ہوگا۔

یہ جواب صحیح ہے، کیونکہ ناکح نے اپنے آپ کو سنی قرار دیا اور اس کا یہ جملہ نکاح کیلئے شرط تھا، جب شرط مفقود ہوگئی تو مشروط بھی ختم ہوگیا۔(فتاویٰ مولاناشمس الحق عظیم آبادی:ص350)

فضیلۃ الشیخ ابومحمد حافظ

عبدالستار الحماد کا فتوی

اہل سنت کے ساتھ شیعوں کے اصولی اختلافات ہے،شیعہ اہل کتاب نہیں ہے،اہل سنت لڑکی کو شیعہ مرد کے نکاح میں دینا:

سوال: اہل سنت کے ساتھ شیعوں کے اصولی اختلافات کیا ہیں؟ کیا انہیں اہل کتاب میں شمار کیا جا سکتا ہے؟نیز اہل سنت لڑکی کو شیعہ مرد کے نکاح میں دیا جا سکتا ہے؟

جواب: شیعوں کا روز اوّل ہی سے یہ مقصد رہا ہے کہ اسلام کے نام پر اسلام اور اہل اسلام کو جہاں تک ممکن ہو ذلیل ورسوا کیا جائے ،انہوں نے عقائد و عبادات اور معاملات واخلاقیات سے متعلق ایک ایسا متوازی دین ایجاد کر رکھا ہے جو دین اسلام کے بالکل متصادم ہے،الغرض وضو،اذان، روزہ،زکوۃ بلکہ ہر دینی شعار عام مسلمانوں سے ہٹ کر علیحدہ قائم کر رکھا ہے۔ان کے ساتھ اہل سنت کے اصولی اختلافات حسب ذیل ہیں:

1.....ان کے نزدیک ائمہ اہل بیت خدائی تصرفات کے مالک ہیں اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے بھی بلند مقام کے حامل ہیں۔

2.....ان کے نزدیک موجودہ قرآن تحریف شدہ ہے،اس مزعومہ ردوبدل کی وجہ سے یہ صحیفۂ آسمانی ان کے ہاں نا قابلِ عمل ہے۔

3.....وحی الٰہی کے اوّلین مخاطب اور اصلی حاملین اسلام حضرات صحابہ کرامؓ کو سوائے چند اشخاص کے ان کے ہاں کافر،مرتد،منافق،ایمان سے قطعی محروم اور خالص دنیا پرست کہا جاتا ہے بلکہ انہیں سب وشتم کرنا ان شیعوں کا جزو ایمان ہے۔(معاذاللّٰہ)

4.....تقیہ کے نام سے ان کے نزدیک ہر قسم کی مکاری،فریب کاری اور جھوٹ بولنا جائز ہے۔

5.....اخلاق و کردار کی بربادی کیلئے متعہ جیسی حیا سوز بدکاری کو نہ صرف عام کیا جاتا ہے بلکہ خودساختہ احادیث کے ذریعے اس کے فضائل ومناقب بھی بیان کئے جاتے ہیں۔

یہ چند اصولی اختلافات نمونے کے طور پر ہیں،ان کی موجودگی میں خود انہوں نے اپنے آپ کو اہل سنت سے الگ کرلیا ہے،جبکہ ان عقائد ونظریات کی وجہ سے انہیں اہل کتاب میں بھی شمار نہیں کیا جاسکتا۔

ایسے حالات کے پیش نظر ایک باغیرت مسلمان کے شایانِ شان نہیں کہ وہ ان کے ساتھ رشتہ ناطہ کرے،اس بنیاد پر ان کے ساتھ اہل سنت لڑکی کا رشتہ بھی ناجائز ہے،اگر رشتہ ہوجاتا ہے تو دانستہ طور پر گناہ کی زندگی گزارنے کے مترادف ہے،ایسا نکاح ہوجانے کے بعد سب سے بڑی پیچیدگی یہ ہے کہ سرے سے یہ نکاح ہی نہیں ہوا،اسلام سے متصادم نظریات کے حامل انسان کے ساتھ ایک مسلمان لڑکی کا نکاح کیونکر صحیح ہوسکتا ہے؟برادری اور ماحول کے ہاتھوں مجبور ہوکر اگر کوئی اس ناجائز نکاح کو نبھانے کیلئے تیار ہوجاتا ہے تو مسلمان لڑکی کو اپنے دین سے ہاتھ دھونے پڑیں گے اور اسی طرح کی زندگی گزارنا ہوگی جس طرح یہ لوگ گزار رہے ہیں۔متعہ اور تقیہ جیسے حیا سوز مناظر دیکھنے اور عمل میں لانے کیلئے خود کو تیار کرنا ہوگا،صحابہ کرامؓ سے بغض وعناد رکھنے اور انہیں سب وشتم کرنے کیلئے بھی اپنے اندر رزم گوشہ پیدا کرنا ہوگا۔

الغرض.....مذکورہ عقائد کے حامل انسان کے ساتھ ایک مسلمان لڑکی کا نکاح ناجائز ہے،ایمانی غیرت اور حمیت کا تقاضا یہی ہے کہ ان کے ساتھ کسی قسم کا رشتہ اور تعلق نہ رکھا جائے البتہ دعوت وتبلیغ کا سلسلہ رہنا چاہئے عین ممکن ہے کہ ان کوششوں سے اللہ تعالیٰ جل شانہ انہیں راہ راست پر لے آئے۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج 1:ص 348)

گستاخِ رسول ﷺ اور گستاخِ صحابہؓ کے ساتھ تعلقات رکھنا اور ایسے شخص کو دینی جماعت یا مسجد کا ممبر بنانا:

سوال: ایک شخص حدیث اور کتب حدیث پر اس طرح تنقید کرتا ہے کہ ان کی توہین کا پہلو نمایاں ہوتا ہے، نیز وہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کی صحابیت کا بھی منکر ہے، اس کے علاوہ وہ کہتا ہے کہ اسلام میں پہلا اختلاف حضرت علیؓ نے ڈالا۔ کیا اس طرح کے عقائد رکھنے والے کو مسجد کا ممبر بنایا جاسکتا ہے، بالخصوص جبکہ اندیشہ ہو کہ یہ اپنے فاسد عقائد ونظریات دوسرے نمازیوں میں بھی پھیلائے گا؟ ایسے شخص کے ساتھ تعلقات رکھنا شرعاً کیسا ہے؟ کیا ایسے شخص کو سلام کرنا یا اس کے سلام کا جواب دینا درست ہے؟ کیا ایسے شخص کو زندیق کہا جاسکتا ہے؟ نیز زندیق کی شرعی طور پر سزا کیا ہے؟

جواب: واضح ہو کہ دین اسلام کی بنیاد قرآن کریم اور اس کے بیان (حدیث) پر ہے، بیان قرآن کریم کیلئے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حضور اکرم ﷺ کو مبعوث فرمایا ہے، آپ ﷺ نے اپنے فرمودات وارشادات اور سیرت وکردار سے قرآن کریم کی وضاحت اور تشریح کی ہے جو ہمارے پاس کتب حدیث کی شکل میں موجود ہے۔ لیکن دورِ حاضر کے متجددین.... کتب حدیث کو ہدفِ تنقید بنا کر نہ صرف ان دفاتر حدیث کی توہین کا ارتکاب کرتے ہیں بلکہ حضور اکرم ﷺ سے وہ اعزاز بھی چھیننا چاہتے ہیں جو خود اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حضور اکرم ﷺ کو عطا فرمایا ہے۔

دراصل بات یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے فرمودات کے ذریعہ قرآن کریم کے اجمال کی تفصیل اور اطلاق کی تقلید ان معتزلہ کو گوارا نہیں، وہ صرف اپنی عقل عیار کو بنیاد بنا کر قرآن کریم کی تشریح کرنا چاہتے ہیں تاکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف سے نازل شدہ اس ضابطۂ حیات کو اپنی من مانی تاویلات کی بھینٹ چڑھایا جاسکے۔ ان کے نزدیک حدیث اور کتب حدیث ایک: عجمی سازش: کا حصہ ہیں۔ (معاذاللہ)

صورت مسئولہ میں ایک ایسے شخص کے متعلق دریافت کیا گیا ہے جو توہین رسالت کے علاوہ صحابہ کرامؓ کو بھی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھتا بلکہ حضرت علیؓ کو تشتت واختلاف کا موجب گردانتا ہے۔ ایسے ہی لوگوں کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے: کہ ایسے لوگوں کے ساتھ مت بیٹھیں تا آنکہ وہ کسی دوسری بات میں لگ جائیں۔

ایسے شخص کو کسی مسجد یا دینی جماعت کا ممبر بنانا جائز نہیں۔ اس کے ساتھ تعلقات اصلاح احوال کیلئے تو رکھے جاسکتے ہیں لیکن جب اس قسم کے گندے جراثیم آگے منتقل ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسے عضو کو کاٹ دینا ہی بہتر ہے، یعنی ایسے

شخص سے روابط ختم کرلئے جائیں ۔ ایسے شخص کو سلام کرنے میں ابتدا نہیں کرنی چاہئے، البتہ اگر وہ سلام کہتا ہے تو اس کا جواب دیا جا سکتا ہے۔ بلاشبہ ایسا انسان زندیق اور ملحد ہے اور اسلامی حکومت میں ایسے شخص کی سزا قتل ہے اور اس قسم کی سزا بھی اسلامی حکومت کا کام ہے۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج1:ص439)

روافض کی جنازہ پڑھانے والے کے پیچھے نماز پڑھنے اور روافض کے اذان کے جواب میں:لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین: کہنے کا حکم:

سوال: جب رافضی مؤذن اپنے اذان میں:علیّ ولیّ اللّٰہ وصی رسول اللّٰہ وخلیفتہ بلافصل: کہے تو کیا اہل سنت سامعین کو یہ سن کر:لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین: کہنا درست ہے یا نہیں؟ نیز ایک رافضی کا جنازہ اہل سنت امام نے پڑھایا ہے، ہمارے ہاں مشہور ہے کہ اس کا نکاح ٹوٹ گیا یا اسے اپنی بیوی سے دوبارہ نکاح کرنا ہوگا۔ کیا صحیح ہے؟

جواب: روافض.....دراصل یہود ومجوس کی مشترکہ سازش کی پیداوار ہیں، انہوں نے عقائد ونظریات اور عبادات ومعاملات کے متعلق ایک ایسا متوازی دین قائم کر رکھا ہے جو دین اسلام کے بالکل متصادم ہے۔ اذان میں :علیّ ولیّ اللّٰہ وصی رسول اللّٰہ وخلیفتہ بلافصل: جیسے کلمات کا اضافہ ان کے ہاں رائج متوازی دین کی ایک مثال ہے۔ یہ اضافہ خلافِ اسلام ہے بلکہ صحابہ کرامؓ بالخصوص خلیفہ راشد سیدنا صدیق اکبرؓ کے بغض وعداوت کی ایک بدترین مثال ہے۔ ایمانی غیرت کا تقاضا یہی ہے کہ اس طرح کے جھوٹ پر مبنی کلمات سن کر:لعنۃ اللّٰہ علی الکاذبین: کہا جائے۔

صورت مسئولہ میں اگر اس قسم کے جھوٹے کلمات سننے والا اکیلا ہے یا چند ایک ہم ذہن ہیں تو اس لعنت کا برملا اظہار کیا جا سکتا ہے، لیکن اگر مخاطب سامنے ہے تو دل میں کہہ دیا جائے تاکہ وہ ہمارے اکابر (صحابہ کرامؓ) کے متعلق بدزبانی نہ کریں۔

اگر کسی اہل سنت امام نے اپنی لاعلمی کی وجہ سے رافضی کی نماز جنازہ پڑھائی ہے تو اسے معذور تصور کیا جائے، اور اگر دانستہ طور پر ایسا کام کیا ہے تو وہ بہت بڑے جرم کا مرتکب ہوا ہے۔ افہام وتفہیم کے ذریعے اس جرم کی سنگینی کا اسے احساس دلایا جائے، ہنگامہ درست نہیں اور نہ ہی ایسا کرنے سے نکاح ٹوٹتا ہے۔

اگر امام کو اس فعل پر ندامت نہ ہو بلکہ وہ اپنے فعل کے صحیح ہونے پر اصرار کرتا ہے تو ایسے امام کو امامت سے

معزول کردیا جائے کیونکہ در پردہ وہ روافض کا حمایتی ہے۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج1:ص478)

عباس علمبردار کے جھنڈے اُٹھا کر گھومتے پھرنے کی بدعت سے اجتناب ضروری ہے:

سوال: عباس علمبردار کے جھنڈے اُٹھانا جائز ہیں یا نا جائز؟

جواب: عباس علمبردار کے جھنڈے اُٹھا کر مخصوص دنوں میں گھومتے پھرنا یہ تمام ایک خاص طبقہ فکر کی شعبدہ بازیاں ہیں جو سادہ لوح مسلمانوں کو پھانسنے کے لئے عمل میں لائی جاتی ہیں تا کہ ان کے سامنے اہل بیتؓ کے ساتھ اپنی خودساختہ محبت کا اظہار کر کے ان کے جذبات سے کھیلا جائے۔واضح رہے کہ یہ سب کچھ دینداری کی آڑ میں کیا جاتا ہے، جس پر کتاب وسنت سے کوئی دلیل نہیں دی جاتی۔لہذا ایسا کرنا نا جائز ہے،مسلمانوں کو اس قسم کی بدعات سے اجتناب کرنا چاہئے۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج1:ص479)

شیعہ کے اذان کا جواب دینا:

سوال: کیا اہل تشیع کی اذان کا جواب دینا چاہئے یا نہیں؟

جواب: شیعہ کی اذان کا شریعت کے خلاف ہونے کی وجہ سے جواب نہیں دینا چاہئے، کیونکہ انہوں نے اذان میں اضافہ کیا ہے جو سیدنا صدیق اکبرؓ،سیدنا فاروق اعظمؓ اور سیدنا عثمان غنیؓ سے بغض وعداوت پر مبنی ہے۔

(فتاوی اصحاب الحدیث:ج2:ص148)

شیعہ اور مرزائی کا جنازہ پڑھنے والوں سے بائیکاٹ کرنا چاہئے:

سوال:1.....ہمارے ہاں کچھ لوگوں نے شیعہ کی نماز جنازہ پڑھ لی ہے،ان کے متعلق شرعاً کیا حکم ہے؟

2.....جو امام جان بوجھ کر کسی مرزائی کی نماز جنازہ پڑھا دے،اس کے متعلق شرعاً کیا حکم ہے؟

جواب: مذکورہ قسم کے لوگوں کا دانستہ طور پر جنازہ پڑھنے والے کا سزا کے طور پر بائیکاٹ کرنا چاہئے،تا کہ اسے اس کی سنگینی کا احساس ہو۔کیونکہ ایسا محض مفادات کے پیش نظر کیا جاتا ہے،جبکہ دینی غیرت وحمیت کا تقاضا ہے کہ ایسے لوگوں کا جنازہ نہ پڑھا جائے۔اگر کوئی دینی غیرت کو بالائے طاق رکھ کر جنازہ پڑھتا ہے تو مسلمانوں کو چاہئے کہ اس قسم کے لوگوں کا بائیکاٹ کریں۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج2:ص361)

غیر مسلم اپنے تہوار کے موقع پر کوئی چیز بھیجیں تو اس کا قبول کرنا اور کھانا:

سوال: اگر غیر مسلم اپنے تہوار کے موقع پر کوئی چیز بھیجیں تو ہم اسے کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ حالانکہ وہ چیز مارکیٹ سے خرید کردہ ہو، صرف تہوار کی وجہ سے ہم تک پہنچی ہو؟

جواب: شرعی طور پر مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ یہود و نصاریٰ اور ہندو و مجوس کی مخالفت کریں۔ اس مخالفت کا تقاضا ہے کہ ہم کسی بھی پہلو سے ان کے تہواروں میں شریک نہ ہو۔ ان کے تہواروں کے موقع پر ان کے تحائف قبول کرنا ان کی خوشی میں شرکت کرنا ہے، جس کی شرعاً اجازت نہیں ہے، بلکہ ان کی مخالفت کرنا سنت نبوی ہے۔ کتنے ہی معاملات ہیں جن میں حضور اکرم ﷺ نے ان کی مخالفت کی ہے۔ اگر ہم ان کے تہوار کے موقع پر بھیجی ہوئی چیزیں قبول کریں اور اسے استعمال کریں تو یہ مخالفت نہیں ہے، بلکہ ان کی حوصلہ افزائی اور ہمنوائی ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ:
جس قوم کی مشابہت اختیار کی ہے وہ انہی سے ہے۔

اس بنا پر اسلامی غیرت کا تقاضا ہے کہ ہم غیر مسلم لوگوں کے تہواروں پر ان کے تحائف قبول نہ کریں، اگر چہ وہ مارکیٹ سے خرید کر ہی کیوں نہ بھیجے گئے ہوں۔ یہود و نصاریٰ کی ہر رسم ہماری تہذیب کے لئے زہر قاتل ہے۔ اس سے اجتناب کرنا ہمارا مذہبی فریضہ ہے۔

صورت مسئولہ میں اگر کوئی غیر مسلم اپنے تہوار کے موقع پر ہمیں کوئی چیز بھیجتا ہے تو ہمیں قبول نہیں کرنی چاہئے اور نہ ہی اسے استعمال میں لانا چاہئے۔ (فتاوی اصحاب الحدیث: ج 2: ص 266)

مشرک اور بدعقیدہ کی امامت:

سوال: بدکردار اور بدعقیدہ امام کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر کوئی امام کفریہ عقائد رکھتا ہے مثلاً: حضور اکرم ﷺ غیب کلی جانتے ہیں اور ہر جگہ حاضر و ناظر ہیں، نیز اولیاء اللہ حاجت روا اور مشکل کشا ہیں تو اختیاری حالات میں ایسے امام کے پیچھے نماز درست نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی امام کھلے عام شرک کا ارتکاب کرتا ہے تو اس کے پیچھے بھی نماز ادا کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔

حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے کہ: نماز کیلئے ایسے امام کا انتخاب کرو جو تم سے بہتر ہو، کیونکہ امام تمہارے اور تمہارے رب کے درمیان ایک رابطہ ہے۔ (بیہقی: ج 3: ص 90)

اس حدیث کے پیش نظر امام کسی ایسے شخص کو بنایا جائے جو عقائد کے لحاظ سے اور اخلاق و کردار کے لحاظ سے

صاف ستھرا ہو،البتہ اضطراری حالت میں اگر امام کا پتہ نہ چل سکے تو کرید کرنے کی ضرورت نہیں لیکن قصداً کفر وشرک کے مرتکب کو امام نہیں بنایا جا سکتا۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج1:ص126)

مشرک کا ذبیحہ:

سوال: مشرک کے ذبیحہ کے متعلق کیا حکم ہے،یعنی اس کا ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے؟

جواب: ذبح کرنا بھی ایک عبادت ہے، جو مشرک سے قبول نہیں کی جاتی۔اس لئے جو بنیادی طور پر مشرک ہیں،مثلاً:ہندو،سکھ اور بدھ مت وغیرہ اِن کا ذبیحہ حرام ہے۔(فتاوی اصحاب الحدیث:ج2:ص451)

مولانا محمود احمد

میرپوری کا فتوی

حضرت علیؓ کو مشکل کشا کہنا:

سوال: کیا حضرت علیؓ کو :علی مولا: اور :مشکل کشا: کہنا درست ہے؟

جواب: عربی زبان میں :مولیٰ: کے مختلف معانی ہیں، مثلاً: مالک و سردار، غلام، انعام دینے والا، محبت کرنے والا، پڑوسی، مہمان، ساتھی، آزاد شدہ غلام وغیرہ۔

اس لئے اگر کوئی شخص حضرت علیؓ کو اپنے ساتھی محبت کرنے والا یا پیارے کے معنی میں :مولیٰ: کہتا ہے تو یہ جائز ہے، لیکن اگر کوئی شخص حضرت علیؓ کو آقا و مالک سمجھ کر پکارتا اور بلاتا ہے (جیسا شیعوں کا عقیدہ ہے) تو یہ جائز نہیں ہے، کیونکہ حقیقی مالک و مختار صرف اللہ رب العزت کی ذات ہی ہے۔

:مشکل کشا: یعنی مشکل یا مصیبت دُور کرنے والا یہ کہنا، پکارنا یا یہ عقیدہ رکھنا بالکل نا جائز ہے۔ اور اگر کوئی شخص حضرت علیؓ کا نام اس عقیدے کے ساتھ پکارتا ہے کہ وہ مشکل دُور کرنے پر قادر ہیں تو یہ واضح شرک ہے۔ کیونکہ حضرت علیؓ نہ زندگی میں (اسباب کے بغیر) مشکلیں حل کرنے پر قادر تھے اور نہ موت کے بعد وہ اس کی طاقت رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں قرآن کریم کی درج ذیل آیات پر اگر غور کر لیا جائے تو :مشکل کشائی: کا یہ مسئلہ سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں

آ ئے گی۔

:وان یمسسک اللّٰہ بضرّفلاکاشف لہ الّاھو،وان یمسسک بخیرفھوعلی کلّ شی ءقدیر:(الانعام:آیت 17)

ترجمہ: اور اگر اللہ تعالیٰ تمہیں مصیبت سے دوچار کردے تو اس کے سوا اس مصیبت کو ٹالنے والا اور کوئی نہیں،وہ کسی کو بھلائی پہنچائے تو وہ ہر بات پر قادر ہے۔

:وان یمسسک اللّٰہ بضرّفلاکاشف لہ الّاھووان یردك بخیرفلارآدّ لفضلہ:(یونس:آیت 107)

ترجمہ: اور اگر اللہ تعالیٰ کسی کو تنگی میں ڈال دے تو اس تنگی کو اس کے سوا اور کوئی دُور کرنے والا نہیں اور اگر کسی کے ساتھ وہ بھلائی کا فیصلہ کرلے تو اس کے فضل کو کوئی رد بھی نہیں کرسکتا۔

:ان ینصرکم اللّٰہ فلاغالب لکم وان یخذلکم فمن ذاالّذی ینصرکم مّن بعدہ، وعلی اللّٰہ فلیتوکّل المؤمنون:(آل عمران:آیت160)

ترجمہ: اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے گا تو پھر تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا اور اگر اس نے تمہیں رسوا کردیا تو پھر کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کرسکے اور مومنوں کو چاہیئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھیں۔

اب اِن آیات کے بعد:یا علی مدد:کہنا اور:علی مشکل کشا:کہنا کس زمرے میں آتا ہے۔قرآنی احکام کی روشنی میں اس کا تعین کرنا چنداں مشکل نہیں۔

حضرت علیؓ کے دَور میں جو مشکلات پیش آئی وہ زندگی میں ان مشکلات کو حل نہ کرسکے،پھر خود اچانک شہید کردیئے گئے،پھر ان کے لختِ جگر حضرت حسینؓ کو ظالمانہ طریقے سے شہید کیا گیا مگر وہ کسی کی بھی مدد نہ کرسکے اور نہ ہی مشکل حل کرسکے۔تو آج وہ کسی کے پکارنے پر اس کی مشکل حل کرنے یا مدد کرنے پر آخر کس طرح قادر ہوسکتے ہیں...؟

اس طرح کے عقائد وخیالات قرآنی تعلیمات سے جہالت کی بناء پر ہی پیدا ہوتے ہیں۔

(فتاوی صراط مستقیم:ص68)

رجب کے کونڈے کی رسم سے اجتناب کرنا چاہیئے:

سوال: ہمارے ہاں بعض لوگ حضرت جعفر صادقؒ کے نام کے کونڈے دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس سے رزق میں اضافہ ہوتا ہے؟

جـــواب: ہر وہ کام جو ثواب کی نیت سے کیا جائے مگر اس پر کتاب وسنت سے دلیل نہ ہو تو وہ عمل غیر مقبول ہے۔حضرت جعفر صادقؒ یا حضرت فاطمۃ الزاہراؓ کے نام کونڈے دینے ایسے عمل میں سے ہیں جس کا ثبوت: خیـــــــر القـرون: میں نہیں ملتا۔بخاری شریف کی حدیث ہے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہمارے دین میں کوئی ایسی بات پیدا کرے گا جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ مردود ہوگی۔

اس لئے یہ محض ایک رسم ہے جس کا کوئی ثبوت نہیں۔اور ایسا عمل بجائے ثواب کے موجب گناہ ہوسکتا ہے۔لہٰذا ہمیں ایسے رسموں سے اجتناب کر کے صحیح اور اصل دین پر چلنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

(فتاوی صراط مستقیم:ص438)

گستاخِ صحابہؓ سے خیر و بھلائی کی توقع نہیں کی جاسکتی:

جہاں تک شیعہ کا تعلق ہے ان میں متعدد فرقے ہیں لیکن صحابہ کرامؓ سے بغض وعناد رکھنے والے اور ان کی شان میں گستاخی کرنے والے صحیح مسلمان نہیں ہوسکتے اور ان کے عقائد گمراہ ہیں۔

ایسے لوگوں سے خیر و بھلائی کی توقع نہیں کی جاسکتی جو ان پاک مقدس جماعت (صحابہ کرامؓ) کا بھی احترام نہ کریں جن کے واسطے سے یہ دین دنیا میں پھیلا اور صحیح شکل میں ہم تک پہنچا(فتاوی صراط مستقیم:ص523)

زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو جائے:

ســوال: ایک مسلم مرد اور مسلم عورت کا نکاح ہوا ہے،پھر عورت عیسائی ہوجاتی ہے۔تو کیا نکاح نہیں ٹوٹتا؟ یا آدمی عیسائی ہوجاتا ہے،تو کیا اس کے ساتھ مسلم عورت ویسے ہی رہ سکتی ہے؟

جواب: مسلمان مرد اور عورت کے نکاح کے بعد ان میں سے ایک کے اسلام چھوڑ دینے کی شکل میں نکاح باقی نہیں رہے گا۔اگر عورت عیسائی ہوجاتی ہے تو مرد کیلئے جائز نہیں کہ اسے اپنے نکاح میں رکھے،اور اگر مرد عیسائی ہوجائے تو مسلم عورت اس کے عقد میں نہیں رہ سکتی۔(فتاوی صراط مستقیم:ص402)

ایسے گروہ کو چندہ دینا جو دین میں تحریف کرتا ہے:

ســوال: مسلمانوں کا ایک ایسا گروہ جو دین حنیف میں کھلم کھلا ترمیم وتخفیف (اپنی ضروریات کے مطابق) کرتا رہے،غیر اللہ کے نام ونذر ونیاز بھی دیتا رہے بالفاظِ دیگر شرک کا مرتکب ہوتا رہے تو کیا ایسے گروہ کو دین کے کسی کام

میں وسعتِ تعاون بڑھانے کو کہا جاسکتا ہے جبکہ وہ پہلے کی طرح اپنے خودساختہ طورطریقوں پر اڑے رہیں، حالانکہ ایسے لوگوں کے بارے میں قرآن کریم کے یہ الفاظ: ان الشرك لظلم عظيم: موجود ہوں۔ اور اگر ایسا گروہ دین کے نام پر کسی قسم کی مالی یا دیگر قسم کی امداد کی درخواست کرے تو کیا ایسے لوگوں کی مدد کرنا جائز ہے؟

جواب: جو لوگ دین میں تحریف اور کھلم کھلا غیر اللہ کے نام پر نذر و نیاز دیں تو انہوں نے شرک کا ارتکاب کیا ہے اور شرک سب سے بڑا گناہ ہے جو توبہ کے بغیر نا قابلِ معافی ہے۔ ایسے لوگوں سے ایسے کاموں میں ہرگز تعاون نہیں کرنا چاہئے جن کے ذریعے شرک وبدعت پھیلتا ہو اور دین کی بنیادوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ اس سلسلے میں قرآن کریم کا اُصول بڑا واضح ہے: و تعاونوا على البرّ والتّقوى و لا تعاونوا على الاثم والعدوان: کہ نیکی اور تقویٰ کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو اور گناہ اور زیادتی کے کاموں میں مت تعاون کرو۔

ظاہر ہے کہ شرک سب سے بڑا گناہ اور زیادتی کا کام ہے۔ ایسے کاموں میں تو تعاون کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ (فتاوی صراط مستقیم: ص 526)

غیر مسلموں سے پیار کرنے والی جماعتوں کو چندہ دینا:

سوال: اب تک کئی ایسی جماعتیں ہیں جو مسلمانوں کو نفرت سے دیکھتی ہیں اور غیر مسلموں سے پیار کرتی ہیں۔ ایسی جماعتوں کو چندہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر ان سے تعاون کرنے کی وجہ سے ان کے بُرے پہلو نمایاں ہونے کا خطرہ ہے یا اس چندے سے وہ غلط کام کرنے شروع کردیں گے تو ایسے لوگوں سے مالی تعاون نہیں کرنا چاہئے۔ جو لوگ خالص دین کی بجائے فرقہ پرستی اور نفرت انگیزی پھیلاتے ہیں اور ان کی وجہ سے مسلمانوں میں فتنہ وفساد پھیلنے کا اندیشہ ہے، ایسے لوگوں کی مالی امداد نہیں کرنی چاہئے۔

مسلمانوں سے نفرت اور غیر مسلموں سے پیار..... یہ کسی مسلمان کا شیوہ نہیں ہوسکتا۔ دشمنانِ اسلام سے قلبی تعلق قائم کرنا اور مسلمانوں سے نفرت کرنا سنگین جرم ہے۔ قرآن کریم نے واضح طور پر کہا ہے: يايها الذين امنوا لاتتخذوا عدوّى و عدوّكم اولياء: اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔

تو معلوم ہوا کہ وہ غیر مسلم جن کے سینوں میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف بغض وکینہ ہے اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں، مسلمان ایسے لوگوں کو دوست نہیں بنا سکتے۔

بہر حال ایسی جماعتیں یا ادارے جن کے طرز عمل سے اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچتا ہے اور اسلامی تشخص خطرے میں پڑ جاتا ہے ان سے تعاون نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ ان سے ایسا طرز عمل :اثم :و: عدوان: کے زمرے میں آتا ہے۔(فتاوی صراط مستقیم:ص 527)

غیر مسلم کو سلام کرنا یا اس کا جواب دینا:

سوال: غیر مسلموں کو مسلمانوں کی طرح :السلام علیکم: کہنا چاہئے یا اس کا کوئی دوسرا طریقہ ہے؟

جواب: غیر مسلموں کو سلام کرنے میں اگر ابتدا کی جائے یا انہیں مخاطب کیا جائے تو :السلام علیکم: کی بجائے :والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ: کہنا چاہئے۔

بعض اوقات غیر مسلم کی طرف سے سلام کی ابتدا کی جاتی ہے یا وہ مسلمان کو :السلام علیکم: کہتا ہے تو اس کے جواب میں بھی بجائے :و علیکم السلام: کے صرف :و علیکم: کہنا چاہئے۔

حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے بعض غیر مسلموں کے سلام کے جواب میں یہ الفاظ فرمائے، جس کا مطلب ہے.....اور تم پر وہ چیز ہو جس کے تم مستحق ہو۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: لاتبدو ا الیھود و النصاریٰ باالسلام: یہود و نصاریٰ کو :السلام علیکم: کہنے میں پہل نہ کرو اور اگر وہ کہہ دیں تو دوسری حدیث میں ہے :اذ سلم علیکم اھل الکتاب فقولو او علیکم: جب اہل کتاب میں سے تمہیں کوئی سلام کہے تو تم جواب میں صرف :و علیکم: کہو۔(فتاوی صراط مستقیم:ص 566)

غیر مسلموں کے جنازے اور مذہبی رسموں میں شرکت کرنا:

سوال: اگر کوئی عیسائی فوت ہو جائے تو اس کی آخری رسوم میں مسلمان کس طرح شرکت کرسکتا ہے؟ نیز کیا مسلمان اس کی بخشش کے لئے دعا کرسکتا ہے؟

جواب: غیر مسلم چاہے عیسائی ہو یا یہودی یا ہندو اور سکھ ان کے جنازے میں مسلمان کیلئے شرکت جائز نہیں، وہ اپنے مخصوص طریقے اور مذہب کے مطابق آخری رسومات ادا کرتے ہیں، جنہیں اسلام درست نہیں سمجھتا۔ اس لئے مسلمان کیلئے ان کی کسی بھی مذہبی رسم میں شرکت صحیح نہ ہوگی۔

اسی طرح قرآن کریم کی واضح نص ہے کہ مشرکین و کفار اور منافقین کیلئے بخشش کی دعا کی اجازت نہیں۔ خود

حضوراکرم ﷺ کوبھی ان کے حق میں دعا کرنے سے منع کر دیا گیا تھا۔اس مسئلے کی درج ذیل آیاتِ قرآنی سے مزید وضاحت ہو جاتی ہے:

1.....اے نبی ﷺ! آپ بخشش مانگیں یا نہ مانگیں برابر ہے۔اگر ستر دفعہ بھی بخشش طلب کریں تو اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز معاف نہیں کرے گا۔کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا انکار کیا ہے۔(التوبہ:آیت 80)

2.....نبی اور اہل ایمان کیلئے یہ جائز نہیں کہ وہ مشرکین کیلئے بخشش مانگیں۔اگر چہ وہ ان کے قریبی ہی کیوں نہ ہوں،جب یہ پتہ چل گیا کہ یہ لوگ اپنے بد اعمال کی وجہ سے جہنم والے ہیں۔(سورۃ التوبۃ:آیت 113)

3.....اے نبی!جب اِن میں سے کوئی مر جائے تو اس پر نہ تو نماز پڑھیں اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں،کیونکہ انہوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا انکار کیا اور اسی فسق کی حالت میں مر گئے۔(سورۃ التوبہ:آیت 84)

(فتاوی صراط مستقیم:ص259)

محقق العصر حضرت مولانا عبدالقادر حصاری کا فتویٰ

رافضی، مرزائی اور بریلوی کو قربانی میں شامل کرنا:

سوال: اگر قربانی کے جانور میں کئی اشخاص شریک ہوں اور اُن میں بعض قبر پرست (بریلوی) اور بعض تعزیہ پرست (رافضی) اور بعض ختم نبوت کے منکر (مرزائی) وغیرہ جو عند الشریعت مشرک و کافر ہوں، شریک ہو جائیں تو وہ قربانی قبولیت کے درجہ کو پہنچ جائے گی یا مردود اور باطل ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس قربانی میں سے جو مؤمن اور موحد ہیں اُن کی طرف سے قربانی قبول ہو جائے گی اور جو مشرک اور کافر ہیں، اُن کی طرف سے مردود ہوگی۔

جواب: واضح ہو کہ اُمتِ محمدیہ کئی فرقوں میں تقسیم ہو چکی ہے، یہ سب فرقے گمراہ ہیں، صرف ایک طائفہ ناجیہ ہے، باقی سب: کلھم فی النار: کے مصداق ہیں۔ پھر ان گمراہ فرقوں میں سے بعض وہ ہیں جن کی گمراہی کفر و شرک کو پہنچ چکی ہے، جیسے قبر پرست، تعزیہ پرست، منکرِ ختم نبوت ہیں، ان کو اپنی قربانیوں میں شامل کرنا سخت جرم ہے۔ اگر ان کو شامل کیا گیا اور اپنا بھائی مسلمان ان کو تصور کر لیا گیا تو پھر قربانی سب کی مردود ہے، کسی کی بھی قبول نہیں ہوگی۔ کیونکہ قربانی کی جہاں سے ابتدا ہوتی ہے قرآن کریم میں اس کا ذکر ہے، وہاں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے قبولیت کا یہ اصول بیان فرمایا ہے: انما یتقبل اللّٰہ من المتقین: یعنی اللہ تعالیٰ صرف اُن لوگوں کی قربانی قبول کرتا ہے جو متقی ہیں۔

پس غیر متقی کی قربانی قبول نہیں۔ مشرکوں، کافروں، اہل بدعت گمراہ فرقوں کا غیر متقی ہونا اظہر من الشمس ہے، اور جو اُن کو اپنے ساتھ قربانی میں شامل کرتے ہیں اور اپنا مسلمان بھائی تصور کرتے ہیں، یہ بھی ان کی طرح ہیں۔ پس

ایسی قربانیاں جن میں کافر و مشرک شامل ہوں، سب مردود ہیں۔

سورۃ الممتحنہ: میں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اہل ایمان کو خطاب فرما کر یہ حکم دیا ہے: لاتتخذوا عدوّی وعدوّکم اولیآء تلقون الیھم بالمودۃ۔الآیۃ: تم میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ کہ تم محبت کے ساتھ ان کی طرف پیغام بھیجتے ہوں۔ اور آخر آیت میں فرمایا کہ: جس نے میرے دشمنوں سے دوستی کی، وہ سیدھے راستہ سے گمراہ ہوا۔

علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی ایمان دار قوم کا نمونہ پیش کیا ہے کہ انہوں نے تبلیغ کا فریضہ ادا کرنے کے بعد فرمایا: انّابرآء منکم و ممّا تعبدون من دون اللّٰہ، کفرنابکم وبدا بیننا وبینکم العداوۃ والبغضآء ابدا: یعنی ہم بیزار ہیں تم سے اور اُس چیز سے جن کو تم پوجتے ہو، ہم تمہارے اس طریقہ کے منکر ہیں اور ہمارے تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض ظاہر ہو گیا۔

پس مشرکوں، کافروں سے دشمنی اور بیزاری کا حکم ہے۔ قربانی اُمور شرعیہ ہے، اس میں مشرکوں، کافروں کو جو حق اور اہل حق کے دشمن ہیں، شریک کرنا ایمان کے منافی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے: لاتصاحب الا مؤمنا: کہ مؤمن کے بغیر کسی شخص کا ساتھی نہ بن۔

حضرت جریرؓ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کے ہاتھ پر ان اُمور پر بیعت کی تھی: علی اقام الصلوۃ وایتاء الزکوۃ والنصح لکل مسلم وعلی فراق المشرك: یعنی نماز کو قائم رکھنا ہوگا اور اپنے مال سے زکوۃ ادا کرنی ہوگی اور مشرک سے علیحدہ اور جدا رہنا ہوگا۔

جب مشرکوں سے جدا رہنے کا حکم ہے تو پھر قربانی میں اپنے ساتھ شریک کرنا جو محبت اور مصاحبت اور مجالست کو مستلزم ہے، کیسے جائز ہوسکتا ہے؟

حضرت سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: من جامع المشرکین وسکن معہ فھو مثلہ: کہ جو شخص مشرکوں سے مل جل کر رہا اور ان کے ساتھ رہن سہن اور قیام رکھا تو وہ ان مشرکوں جیسا ہے۔

تلخیص الحبیر: میں یہ حدیث ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: انا بری من کل مسلم مع مشرك: کہ میں ہر اُس مسلمان سے بیزار ہوں جو مشرک کے ساتھ رہتا ہے۔

اِن دلائل سے صاف مترشح ہے کہ اہل توحید مؤمن اور اہل سنت مسلمان.... مشرکوں، کافروں، مبتدعین، گمراہ

فرقوں کوقربانی میں اپنے ساتھ شریک نہ کریں ورنہ سب کی قربانی مردود ہو جائے گی۔

ہدایہ کے متن قدوری میں ہے: وان کان شریک السنة نصرانیا او رجلا یرید اللحم لم یجز عن واحد منهم: یعنی اگر قربانی کے شرکاء میں سے چھ مسلمان اور ایک نصرانی قربانی میں شامل ہو گیا تو کسی ایک کی بھی قربانی نہ ہوگی، سب کی مردود ہو جائے گی۔

پس قربانی کے سب شرکاء متقی ہونے چاہئے۔ ساتھیوں میں سے ایک بھی متقی نہ ہوا، مشرک، کافر، حرام خور ہو تو قربانی برباد ہو جائے گی۔ کیونکہ قبولیت کیلئے متقی ہونا شرط ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ان اللّٰہ طیب ولا یقبل الا طیبا: یعنی اللہ تعالیٰ جل شانہ پاک ہے اور وہ پاک عمل اور پاک چیز ہی قبول کرتا ہے۔ دوسری حدیث مشکوۃ میں حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ: جس شخص نے کوئی کپڑا دس درہم سے خریدا، ان میں ایک درہم حرام کا تھا تو اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہ کرے گا، جب تک کہ وہ کپڑا اس کے جسم پر رہے گا۔

ظاہر ہے کہ جس طرح قربانی اور نماز اور دیگر عبادات کیلئے حلال وطیب مال ضروری ہے اور اس میں اگر ذرا بھی مالِ حرام کی آمیزش ہوگئی تو وہ عبادت عنداللہ نامقبول قرار پائے گی۔ اسی طرح ایک قربانی اگر کئی افراد مل کر کریں تو سب کا متقی اور موحد ہونا ضروری ہے۔ اگر ایک ان میں مشرک ہوا تو قربانی کی مقبولیت مشکوک ہو جائے گی۔ مشکوۃ شریف میں حدیث ہے: افضل الاعمال الحب فی اللّٰہ والبغض فی اللّٰہ: محکم ایمان کی دلیل ہے۔

پس کوئی اہل انصاف بتائے کہ جس شخص کے ساتھ دشمنی ہو، کیا اُس کے ساتھ قربانی وغیرہ کسی چیز میں شریک ہو سکتا ہے؟ ہرگز نہیں، تجربہ شاہد ہے۔ تو پھر کافر دشمن کو شریک کیوں کیا جائے؟

حدیث شریف میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جب بنی اسرائیل گناہوں میں مبتلا ہوئے تو علماء نے ان کو روکا، لیکن وہ باز نہ آئے: فجالسوھم فی مجالسھم واکلوھم وشاربوھم: پھر وہ علماء ان کے ہم مجلس اور ہم مشرب ہو گئے: فضرب اللّٰہ قلوبھم ببعضھم فلعنھم علیٰ لسان داؤد وعیسی بن مریم: یعنی پس اللہ تعالیٰ نے بعض کے دلوں کو بعض سے ماردیا اور حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے ان پر لعنت برسائی۔ (فتاوی حصاریة و مقالات علمیه: ج5: ص338)

گستاخِ صحابہؓ کی قربانی قبول نہیں:

جولوگ صحابہؓ پر تبرا کرنے والے ہیں، اُن پر اللہ تعالیٰ اور تمام فرشتوں اور لوگوں کی لعنت آئی ہیں: لا یقبل

الـلّٰه منه یوم القیامة صرفاوّلاعدلاً: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کی فرض، نفل کوئی عبادت بھی قبول نہ کرے گا۔ پس قربانی کی عبادت بھی قبول نہ ہوگی۔(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج5:ص358)

عاشورہ کے متعلق موضوع روایات اور رافضیوں کے افعالِ شنیعہ:

یوم عاشورہ کے متعلق بہت سی موضوع اور جھوٹی روایات گھڑی گئی ہیں، جن کو نیم ملا، شکم پرست واعظ، عبدالدرھم والدینار، اور گمراہ فرقوں کے لیڈر اور رافضی علماء بڑے زور سے بیان کرتے ہیں، جن کی تفصیل شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اور دیگر محققین نے اپنی اپنی تصانیف میں کی ہے۔

باطل واقعات اور جھوٹی روایات اور بے بنیاد الزامات اور موضوع حکایات اور غلط رسومات کی بنا پر رافضیوں (شیعہ) نے کئی ایک چیزیں اختراع کرلی ہیں اور ان کو مذہب اسلام قرار دے رکھا ہے، اور جاہل حکومت نے اس شعار کو مذہبی تسلیم کر چھوڑا ہے، حالانکہ بروئے قرآن وحدیث ان کا کوئی ثبوت نہیں ہے، بلکہ وہ صریح شرک یا بدعت ہیں۔ مثلاً: تعزیہ اور تابوت بنانا، گھوڑے نکالنا، رونا، پیٹنا، نوحہ کرنا، ماتم وشیون کرنا، چیخنا چلانا، واقعاتِ کربلا کو جھوٹ ملا کر بیان کرنا، صحابہ کرامؓ پر تبرا کرنا اور لعنت بھیجنا (العیاذ باللّٰہ)، ماتمی لباس پہن کر سینہ کوبی کرنا، باجوں گاجوں کے ساتھ تعزیہ کا جلوس نکالنا، مردوں اور عورتوں کا اجتماع کرنا، تعزیہ کی نذریں نیازیں، حضرت حسینؓ اور ائمہ اہل بیتؓ کو پکارنا اور ان سے فریاد کرنا اور حاجات چاہنا، ان کے نام کی سبیلیں لگانا، ظاہر میں ماتم اور حقیقت میں عید منانا، قسم قسم کے کھانے پکانا اور اپنی بنائی ہوئی چیزوں کو اصلی چیزوں کا حکم دینا اور ان مصنوعی چیزوں کی بت پرستوں کی طرح تعظیم کرنا، پھر ان کو توڑ پھوڑ کر خود ہی ان کی بے حرمتی کرنا وغیرہ وغیرہ شرکیات وبدعات محض رافضی لوگ کر رہے ہیں۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج7:ص168)

شیعوں سے میل ملاپ کرنا اور ان کی رسومات میں شامل ہونا:

رافضی شیعہ اور فرقہ خارجی کے بالمقابل گروہ اہل سنت ہے، جو ان تمام شرکیہ وبدعیہ رسوماتِ محرم سے محفوظ ہے اور ان ہر دو گمراہ فرقوں سے علیحدہ ہے۔

اور بعض ناداں سنی ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی اور بعض تماش بینی کے طور پر، بعض حرص، لالچ کی بنا پر، رافضیوں کے اجتماع اور جلوسوں میں شریک ہوجاتے ہیں اور بعض تماشہ کے طور پر ان کے ساتھ شامل ہوجاتے ہیں، جو صریح گناہ ہے۔

تمام اہل سنت والجماعت حضرات کی خدمت میں عرض ہے کہ سنی اور رافضیوں کے درمیان: بــعــد المشــرکین: ہے۔ ہر دو کے مذہب الگ الگ ہیں اور عقائد جدا، اعمال جدا ہیں، ان سے میل ملاپ کرنا اور ان کی رسومات میں شامل ہونا کبیرہ گناہ ہے اور بروئے قرآن مجید ان میں شامل ہونے والے رافضی ہی شمار ہوں گے اور اہل سنت سے خارج ہو جائیں گے۔

اہل سنت حضرات کو کچھ شرم کرنی چاہئے کہ جو فرقہ قرآن کریم کو صحیح اور محفوظ نہیں مانتا اور یہ کہتا ہے کہ قرآن ہمارے لئے کوئی دلیل نہیں ہے، اور یہ کہتا ہے کہ قرآن کامل نہیں ہے بلکہ خلفاء راشدینؓ نے اس میں تغیر تبدل کر دیا ہے اور وہ اس قرآن کے ماننے سے انکار کرتا ہے اور خلفاء راشدینؓ اور صحابہ کرامؓ پر تبرا کرتا ہے، لعنت بھیجنا ثواب جانتا ہے اور نفاق اور تقیہ کو اسلام قرار دیتا ہے اور تارکِ تقیہ کو مثلِ تارکِ نماز تصور کرتا ہے۔ تو پھر ایسے فرقہ سے میل ملاپ کرنا اور ان کی رسومات میں شریک ہونا کس طرح جائز ہے؟ خصوصاً جبکہ یہ رسومات خود ہی شرک و بدعت ہیں۔ کیا آپ حضرات اپنا مذہب اہل سنت چھوڑ کر شیعہ اور رافضی تو نہیں بن رہے.....؟ ذرا غور کریں۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّہ:ج 7:ص 169)

شیعہ کی جلوسوں اور اجتماعات میں شرکت کرنے والے بالآخر شیعہ مذہب قبول کر لیتے ہیں، سنیوں کو اہم انتباہ.....!

شیعہ لوگ تقیہ کے طور پر اہل سنت سے میل جول، ظاہری اتفاق، سیاسی اُمور میں مشارکت کر لیتے ہیں اور سنی لوگ جو قرآن و حدیث سے ناواقف ہیں، سادہ لوح ہیں، بھولے بھالے ہیں، اور اُن رافضیوں کے اجتماع میں جلوسوں میں اور رسومات میں شریک ہو کر اِن کا شکار ہو جاتے ہیں اور بالآخر مذہب اہل سنت سے خارج ہو کر شیعہ بن جاتے ہیں۔ چنانچہ مولوی خیرات احمد وکیل شیعہ اپنی کتاب: نور الایمان: میں تعزیہ اور اس کے متعلقات پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہے کہ:

مطلب صاف ہے کہ تعزیہ وغیرہ سے واقعاتِ کربلا پر نظر رہتی ہے اور شیعہ مذہب زندہ رہتا ہے۔ بعض سنی چونکہ سادہ لوح اور بھولے ہوتے ہیں، وہ ایسے وقت میں جذبات اور ہنگامی جوش سے متاثر ہو کر شیعہ مذہب قبول کر لیتے ہیں۔

پس اس تحریر کو پڑھ کر ہمارے سنی بھائیوں کو کچھ غیرت کرنی چاہئے کہ ان رافضیوں کے بالکل قریب نہ جائیں

اوران کے جلوسوں اوران کے اجتماعوں اور کھانے پینے کی چیزوں سے بچیں کہ یہ سب حرام ہیں۔اور علماء اہل سنت کو بھی چاہئے کہ اپنی مذہب کی حفاظت کریں کہ رافضی لوگ تقیہ اور اہل بیتؓ کی ظاہری محبت کے فریب سے سنیوں کو شیعہ بنا رہے ہیں اور اپنے اجتماعوں اور جلوسوں میں سنیوں کو شامل کرکے اپنے اندر جذب کر رہے ہیں۔آپ حضرات متفقہ طور پر کوشش کریں کہ کوئی سنی ان رافضیوں کے ساتھ ان کی رسومات میں شمولیت نہ کرے۔

(فتاوی حصاریۃ و مقالات علمیّہ:ج7:ص170)

شیعوں کے متعلق حضور اکرم ﷺ کی پیشن گوئی:

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ میرے بعد ایک چھوٹی سی جماعت آئے گی،جن کو رافضی کہا جائے گا،اگر تُو اُن کو پائے تو اُن سے مقابلہ کرنا،کیونکہ وہ مشرک ہیں۔حضرت علیؓ نے عرض کیا:یا رسول اللہ ﷺ !اُن کی علامت کیا ہے؟حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:وہ تیری تعریف میں غلو کریں گے اور حد سے بڑھ جائیں گے اور سلف (صحابہ کرامؓ) پر طعن کریں گے۔یہ رافضی گروہ شیعہ ہیں۔

(فتاوی حصاریۃ و مقالات علمیّہ:ج7:ص171)

تعزیہ بنانے والے اسلام سے خارج ہیں:

تعزیہ اور روضہ حضرت حسینؓ کی نقل بنانا اور اس کا جلوس نکالنا اور حضرت حسینؓ کی روح کو اِس میں حاضر ماننا اور ان کو پکارنا اور ان خود ساختہ چیزوں کو سجدے کرنا اور ان کے نام نذریں نیازیں دینا اور عرضیاں لکھ کر ساتھ لٹکانا اور اِردگرد گھومنا وغیرہ وغیرہ اُمور شرک و کفر ہیں۔

شیعہ مذہب کی کتاب:من لا یحضرہ الفقیہ: کے صفحہ نمبر 37 میں ہے کہ:حضرت علیؓ نے فرمایا:من جلدقبرا او مثل مثالا فقدخرج من الاسلام: کہ جس نے قبر کو پھر نیا بنایا یا اس کی مثال یا نقش تیار کیا تو وہ اسلام سے خارج ہوا۔یعنی جو شخص اس طرح نقلی چیز بنا کر اس پر اصلی کے احکام جاری کر دے تو وہ اسلام سے خارج ہے۔

پس اس طرح تمام شیعہ تعزیہ اور روضہ کے نقل اتارنے والے کافر ہوئے جو اس نقلی چیز پر اصلی کا حکم نافذ کرتے ہیں اوران خود ساختہ مورتیوں سے مدد مانگتے ہیں اور یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ ہماری آوازیں سن کر حاجات پوری کریں گے،یہ عقیدہ شرک ہے۔(فتاوی حصاریۃ و مقالات علمیّہ:ج7:ص171)

گستاخِ صحابہؓ کی سزا:

:جامع الاخبار شیعی: کے صفحہ نمبر 9 پر ہے:قال النبیﷺ من سبّ اصحابی فقد کفر:
حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے صحابی کو گالی دی وہ کافر ہوا۔نیز اسی کتاب میں ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جو مجھے گالی دے اسے قتل کردو اور جو میرے صحابہ کو گالی دے،اس کو دُرے مار دو۔

چونکہ شیعہ محرم میں بھی شیطانی کام کرتے ہیں اور تبرا اور لعنت بزرگانِ دین کو عبادت تصور کرتے ہیں اور سیدنا صدیق اکبرؓ وسیدنا فاروق اعظمؓ وسیدنا عثمان غنیؓ کو گالیاں دینا بہت ثواب جانتے ہیں۔لہذا اِن کو تعزیر لگانی واجب ہے، کیونکہ برائے قرآن وحدیث کسی ادنیٰ درجے کے مسلمان کو کافر کہنے والا بھی فاسق، بلکہ کافر ہے،تو صحابہ کرامؓ کو گالی دینے اور کفر کی نسبت کرنے سے کافر کیوں نہ ہوگا۔(فتاوی حصاریۃ ومقالات علمیۃ:ج7:ص172)

تعزیہ کے رسم سے بچنا واجب ہے:

تعزیہ اور اس کے لوازمات.....اسلام کے بعد کی پیداوار ہیں،اسلام میں اس کا ثبوت نہیں ہے، بلکہ اب یہ کفر کی حد کو پہنچ کر قطعی حرام ہیں۔ہر موحد، متقی، عامل بالقرآن والحدیث مسلمان کو ان رسموں سے بچنا واجب ہے۔

تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے لے کر حضور اکرم ﷺ کے زمانہ سے لے کر قرونِ ثلاثہ کے آخری عہد تک کسی نبی،صحابی،ولی،شہید اور امام کا تعزیہ نہیں بنایا گیا اور نہ کسی نے اس کے بنانے کا حکم دیا،حالانکہ ہر زمانہ میں بزرگانِ دین کے ایسے واقعات گزر چکے ہیں جو کربلا کے واقعہ سے بھی زیادہ افسوس ناک ہیں۔

(فتاوی حصاریۃ ومقالات علمیۃ:ج7:ص173)

تصویروں کی حرمت اور شیعہ مذہب میں تعزیہ اور شبیہہ بنانا:

باتفاق علمائے اسلام بروئے قرآن وحدیث روضہ کی شبیہہ صورت بنانا اور حضرت حسینؓ کی صورت مثل تعزیہ بنانا حرام اور باطل ہیں،اسلام نے اس کے مٹانے کا حکم دیا ہے۔چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت علیؓ کو حکم فرمایا اور اس کام پر مقرر کیا کہ جہاں کہیں اُونچی قبریں دیکھیں،مسمار کردیں اور جہاں تصویر پائیں،مٹادیں۔چنانچہ حضرت علیؓ نے ایسا ہی کیا اور پھر اپنی خلافت میں کروایا۔

نیز:فتح الباری:جلد نمبر 17:صفحہ نمبر 38 میں ہے کہ: نبی کریم ﷺ کعبہ میں داخل ہوئے تو اُس میں

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی صورت دیکھی ۔پس آپ ﷺ نے پانی منگوا کر اُس کو مٹا دیا۔

اِس سے معلوم ہوا کہ تعزیہ وغیرہ اور قبوں کو مٹا دیا جائے، کیونکہ یہ اسلام کے خلاف ہے۔تعزیوں وغیرہ میں دلدل وغیرہ کی تصویریں ہوتی ہیں جو حرام ہیں۔(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّہ:ج 7:ص 173)

سبیلِ حضرت حسینؓ کا شربت پینا اور پلانا:

نذر غیر اللہ اور سبیل نیاز حسینؓ حرام ہے۔ان کا شربت پینا اور پلانا گناہ کبیرہ ہے۔قرآن کریم میں ہے و ما اهلّ به لغير الله: کہ جو چیز غیر اللہ کیلئے پکاری جائے، وہ حرام ہے۔ایسے پانی پینے سے پیاسا رہنا بہتر ہے۔
(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّہ:ج 7:ص 175)

تعزیہ کے جلوس میں شرکت کرنے والی عورتیں جنت سے محروم ہے:

بروئے قرآن و حدیث مستورات کا گھر میں رہنا اور پردہ رکھنا واجب ہے۔مستورات وہی ہیں جو ستر میں ہوں، باقی بے حیا ہیں۔ بے حیاؤں کا جلوس کے ساتھ نکلنا حرام ہے، ایسے مجمعوں پر لعنت برستی ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جو عورت بن سنور کر اور معطر ہو مر مردوں کے مجمع میں گزرے، وہ زانیہ ہے اور جو ایسے مجمعوں میں اپنی عورتیں، لڑکیاں، بہنیں بھیجتے ہیں وہ دیوث ہیں اور دیوثوں پر جنت کی خوشبو حرام ہے۔پس تعزیہ کے جلوسوں میں شامل ہونے والے جنت سے محروم رہیں گے۔
(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّہ:ج 7:ص 175)

تعزیہ کی جلوسوں میں شرکت کرنے کی وجہ سے نمازیں چھوڑ دیتے ہیں:

تعزیے نکالنے والے اکثر.....نہ علماء ہوتے ہیں اور نہ مشائخ اور نہ متقین، بلکہ یہ لوگ خود ان رسموں سے علیحدہ ہو کر گھر میں بیٹھ کر جہلا او رعوام کو ان پر لگا دیتے ہیں، وہ اکثر بے نماز، بے دین، عوام کالانعام، جاہل مطلق ہوتے ہیں، جو پہلے ہی سے لامذہب ہوتے ہیں، وہ اپنی نفسانی خواہشات کی بنا پر ان رسموں سے دلچسپی لیتے ہیں اور بعض امرا فیس لے کر یہ حرام فعل کرتے ہیں، اور جو نمازی سادہ لوح جلوسوں میں پھنس جاتے ہیں، وہ نمازیں ترک کر دیتے ہیں، نماز ترک کرنا کفر اور شرک ہے اور بت پرستی کے برابر ہے۔

بہر کیف محرم کی رسومات گناہوں کا مجموعہ ہیں اور نیکیوں کے تلف کرنے کا باعث ہیں ۔مسلمانوں کا فرض منصبی

ہے کہ ان بدرسموں سے خود بھی بچیں اور اپنے احباب کو بھی بچائیں، کیونکہ یہ سب موجب: عذاب النار: ہیں۔قرآن کریم میں ہے:قوا انفسکم و اھلیکم نارا:کہ اپنی جانوں اور اپنے اہل کو دوزخ سے بچاؤ۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج 7:ص 176)

مشرک کو سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا:

سوال: مشرک کو سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: مشرکوں کو خود سلام نہ کرنا چاہئے۔اگر وہ کہہ دیں تو جواب میں صرف: وعلیکم: کہہ دو۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج 1:ص 343)

مشرک کے پیچھے نماز پڑھنا:

جو بھی مشرک بدعتی ہو اس کے پیچھے نماز جائز نہیں ہے۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج 3:ص 226)

مشرک اور کافر کی قربانی قبول نہیں:

مشرک اور کافر کی قربانی قبول نہیں۔سورۃ الکھف: میں ہے:فحبطت اعمالھم:کافروں کے اعمال برباد ہو گئے پس نہ قائم کریں گے ہم ان کیلئے قیامت کے دن تول۔یعنی کافروں کے اعمال کا وزن نہ ہو گا کہ ان کے عمل برباد ہو گئے۔پس جو شخص بروئے شرع کافر ہو،اس کو توبہ کر کے پھر قربانی کرنی چاہئے۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج 5:ص 357)

بدعتی کو سلام کرنا اور سلام کا جواب دینا:

سوال: بدعتی کو سلام کرنا یا سلام کا جواب دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: بدعتی کو خود سلام نہ کرنا چاہئے۔اگر وہ کہہ دیں تو جواب میں صرف: وعلیکم: کہہ دو۔

(فتاوی حصاریة و مقالات علمیّه:ج 1:ص 343)

بدعتی کی قربانی قبول نہیں:

بدعتی شخص کی قربانی قبول نہیں ہے۔ یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے:أبی اللّٰہ ان یقبل عمل صاحب بدعته حتی یدع بدعته:فرمایا:رسول اللہﷺ نے کہ اللہ تعالی نے بدعتی کا عمل قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

(فتاوی حصاریة ومقالات علمیّه:ج5:ص357)

حضرت مولانا ابوالوفاء ثناءاللہ امرتسری کا فتوی

سنی لڑکی کا نکاح شیعہ کے ساتھ کرنا:

سوال: کیا اہل سنت جماعت کی لڑکی کا رشتہ شیعہ مذہب سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ اگر غالی ہے، جن کا یہ قول ہے کہ :علیٰ کلّ شي ء قدیر: حضرت علیؓ ہے یا اسی قسم کے اور غلط خیالات رکھتا ہے، چونکہ وہ خود اسلام سے خارج ہے، اس لئے کسی مسلمان لڑکی کا نکاح اس سے جائز نہیں ہے۔اور اگر معمولی اختلاف خلافت پر رکھتا ہے تو غلطی پر ہے، نکاح اس سے جائز ہے۔

شرفیه:

پھر بھی یقینی بات نہیں، اس قوم میں تقیہ کا پلید عقیدہ ہی عدم جواز کیلئے کافی ہے۔حضرت جبرئیل علیہ السلام کی غلطی، ائمہ کی انبیاءکرام علیہم السلام کی طرح عصمت وغیرہ خرافات۔(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص332)

ایام عاشورہ میں شادی کرنا:

سوال: ایام عاشورہ میں شادی کرسکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: بے شک کرسکتے ہیں۔جو لوگ ان رسوم کے پابند ہیں وہ بدعتی ہیں۔

(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص144)

تعزیہ کی مجلس میں شرکت کرنا:

سوال: زید ماہِ محرم کے عشرہ کے دنوں میں تعزیہ کی مجالس میں جا کر کھیلتا کودتا ہے۔ازروئے قرآن وحدیث ایسی مجلسوں میں زید کا جانا جائز ہے یا نہیں؟اور زید اس کو ثواب یا جائز سمجھ کر نہیں جاتا فقط اس نیت سے جاتا ہے کہ محرم کی مجلسوں میں ہندو اور مسلمان سب جاتے ہیں اس لئے مسلمانوں کا زور ہندوؤں پر غالب رہے اور ہندو مغلوب رہیں اور آئندہ اسلام میں ہندو قوم کوئی قسم کا خلل یا زور نہ پہنچائیں؟

جواب: تعزیہ وغیرہ کی مجلس میں کسی نیت سے جانا بھی جائز نہیں۔قرآن کریم اور حدیث شریف میں منع ہے:ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان:(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص151)

یا علیؓ مدد کہنا شرک ہے:

سوال: یا علیؓ مدد:جو لوگ کہتے ہیں،اس میں شرک لازم آتا ہے یا نہیں؟

جواب: نماز کی ہر رکعت میں:ایاك نستعین:پڑھتے ہیں۔یا علیؓ مدد کہنے کے برخلاف ہے۔لہذا شرک ہے۔(فتاوی ثنائیہ:ج1:ص339)

محرم میں حلوا پکانا:

سوال: ہم محرم میں ملید پکاتے ہیں۔نیاز نہیں دیتے،کھانے کیلئے لڑکے بالے مل کر جاتے ہیں۔ازروئے قرآن وحدیث جواب عنایت ہو۔

جواب: محرم کا حلوا بند کرنا چاہئے،یہ بدعت ہے۔(فتاوی ثنائیہ:ج1:ص366)

تعزیہ اور اس کے رسوم ادا کرنا خدا تعالیٰ جل شانہ اور رسول ﷺ کے غضب کو دعوت دیتا ہے:

تعزیہ اور اس کے لوازمات علم،شدّے وغیرہ بنانا اور ان کا احترام کرنا،اور شربت و مالیدہ،شیرینی وغیرہ ان پر چڑھانا اور دُرود دِلانا اور ان کاموں کو دارین کی کامیابیوں کا وسیلہ جاننا یہ سارے افعال سراسر ناجائز حرام اور صریح اللہ تعالیٰ جل شانہ اور رسول ﷺ کے خلاف ہیں۔اہل سنت والجماعت کے واسطے ہرگز لائق نہیں کہ ایسے بدعی کاموں کے

مرتکب ہوکراللہ تعالیٰ جل شانہ اور رسول ﷺ کے غضب میں گرفتار ہوں اور دوزخ کی آگ کو اپنے لئے ضروری قرار دیں۔(فتاوی ثنائیہ:ج1:ص181)

مشرک والدین کے لئے دعائے مغفرت مانگنا:

سوال: کسی کے ماں باپ تمام عمر شرک وبدعت میں مرے ہوں، اور نہ اس بارے میں توبہ کی ہو، بظاہر تو یوں ہو، باطن خدا تعالیٰ جانے۔ ایسے شخص کی اولاد اُن کے واسطے دعائے مغفرت مانگ سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: قرآن مجید میں ارشاد ہے: ماکان للنّبیّ والّذین اٰمنوا ان یّستغفروا للمشرکین ولو کانوا اُولی قربیٰ: مسلمانوں کو جائز نہیں کہ مشرکوں کے حق میں دعائے بخشش مانگیں چاہے وہ قریبی ہوں۔ پس جس ماں باپ کی بابت علم ہو کہ وہ مشرک تھے، ان کے حق میں تو یہی حکم ہے۔(فتاوی ثنائیہ:ج1:ص274)

کافر مرد سے مسلمہ عورت کا نکاح:

سوال: ہندہ کی شادی زید کے ساتھ بحالتِ لاعلمی کی گئی ،بعد معلوم ہونے کے ہندہ نے کہا کہ مجھ کو ایسا آدمی منظور نہیں۔ ہندہ نے زید کو کہا کہ نماز پڑھو، زید نے جواب دیا کہ ہم تمہاری نماز نہیں جانتے، وہ کیا چیز ہے، اور ہندہ باقاعدہ نماز، روزہ ادا کرتی ہے، اور وہ آدمی اللہ تعالیٰ جل شانہ ورسول ﷺ کو پہچانتا ہی نہیں، اور مسلمان کو بہت بُرا تصور کرتا ہے، اور مذہب غیر اسلام کو برگزیدہ شمار کرتا ہے، اور مجلس اہل ہنود کے ساتھ رکھتا ہے اور مسلمانوں میں بیٹھنا ہی نہیں چاہتا، اور: لاالٰہ الّاالـلّٰـہ: کو بھی نہیں پڑھ سکتا۔ ہندہ کا سوال یہ ہے کہ ایسے آدمی سے تفریق کرا کر دوسرے آدمی کے ساتھ نکاح کیا جائے تو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اگر سوال کا واقعہ صحیح ہے تو ایسا شخص مرتد ہے، اس سے نکاح فسخ ہو جاتا ہے۔

شرفیہ:

بلکہ صورتِ مذکورہ میں نکاح منعقد ہی نہیں ہوا، اس لئے کہ کافر سے مسلمہ کا نکاح صحیح نہیں۔ شخص مذکورہ شروع ہی سے کافر ہے۔(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص326)

غیر مسلموں کے مذہبی میلوں میں تجارت کی غرض سے جانا:

سوال: مسلمان کو قبروں اور مزاروں کے سالانہ عرسوں اور نیز ہندوؤں کے مذہبی میلوں میں تجارت اور

خرید وفروخت کی غرض سے جانا جائز ہے یا نہیں؟

جــــواب: جہاں شرک یا کسی نا جائز کام کی تائید ہو، وہاں نہ جانا چاہئے۔قرآن کریم میں ارشاد ہے:و لا تعاونوا علی الاثم و العدوان: خرید وفروخت سے بھی اِن کو رونق اور مدد پہنچتی ہے۔

(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص390)

مسلمان کا وارث کافر نہیں ہوسکتا:

ســوال: ایک عورت مسلمان ہوئی اور کچھ امانت اپنی ایک مسلمان کے پاس رکھ گئی، اس کا ایک لڑکا بھی ہے مگر وہ کافر ہے۔اب اس عورت کا انتقال ہوگیا۔اب اس امانت کو مسجد میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟

جواب: مسلمان کا وارث کافر نہیں ہوسکتا۔اس لئے مرحومہ کا ترکہ کسی کارِ خیر میں لگا دیں تو جائز ہے۔

(فتاوی ثنائیہ:ج2:ص493)

مشرک کے چھوڑے ہوئے جانور کو ذبح کر کے کھانا:

ســـوال: ہماری طرف ہندو قوم اپنے باپ دادوں کے ایصال ثواب کیلئے ایک جانور داغ کر مطلق العنان چھوڑ دیتی ہے جو اُن کی ملکیت سے بھی خارج ہوجاتا ہےاور:مَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰه: کا حکم بھی ان پر صادق نہیں آتا۔اس جانور سے فصلوں کا سخت نقصان ہوتا ہے۔کیا ایسے جانور کو ذبح کر کے کھا لینے میں شرعاً کوئی حرج ہے؟

جواب: مشرک جو کچھ بھی چھوڑے اس میں:مَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰه: کا اثر ضرور ہوتا ہےعلاوہ اس کے مالِ غیر ہے، بلا اجازت اس کا کھانا جائز نہیں۔

قرآن کریم کی رو سے جن چیزوں کا کھانا حرام ہے اُن میں ایک وہ چیز بھی ہے جس پر تعظیم وتقرب کیلئے کسی غیراللہ کا نام پکارا جائے،یعنی غیر خدا تعالیٰ کیلئے اس کو شہرت دے دی جائے وہ چیز:مَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰه:میں داخل ہے۔

(فتاوی ثنائیہ:ج1:ص106)

مشرکین کو زکوۃ کا مال دینا:

زکوۃ کا مال کفار ومشرکین کو دینا جائز نہیں ہے،حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ میں ہے:فاخبرهم ان اللّٰه قدفرض عليهم صدقة توخذمن اغنيانهم و تردعلىٰ فقراء هم:

اس حدیث کے تحت میں حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں: ان المزکوۃ لاتدفع الی الکافرلعود الضمیر فی فقراء ھم الی المسلمین: (فتاوی ثنائیہ: ج 1: ص 749)

مشرکہ عورت سے نکاح:

بحکم قرآن مجید مشرکہ عورت سے نکاح درست نہیں: و لاتنکحوا المشرکت حتّٰی یؤمن:

(فتاوی ثنائیہ: ج 2: ص 320)

ابوالحسنات علی محمد سعیدی

کا فتوی

(مہتمم جامعہ سعیدیہ خانیوال مغربی پاکستان)

شیعہ کا جنازہ پڑھنا اور اِن کے لئے بخشش کی دعا مانگنا:

سوال: شیعہ کا جنازہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ کے کئی فرقے ہیں، ایک زیدی کہلاتے ہیں، وہ سیدنا صدیق اکبرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کو گالی نہیں دیتے، نہ ان کو منافق کہتے ہیں، بلکہ صرف سیدنا علی المرتضیٰؓ کو سیدنا صدیق اکبرؓ و دیگر صحابہ کرامؓ پر فضیلت دیتے ہیں تو ایسے شیعہ کافر نہیں، ان کا جنازہ اگر کوئی پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں، لیکن اچھا نہیں، کیونکہ پھر لوگوں کے دلوں میں اِن کی نفرت نہیں رہتی، بلکہ ان کو اچھا سمجھنے لگتے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ تنبیہ کیلئے مقروض کا جنازہ نہیں پڑھتے تھے، زیدی شیعہ تو اس سے کئی درجہ بُرے ہیں، ان کا جنازہ بطریق اولیٰ نہ پڑھنا چاہئے۔ اور جو شیعہ سیدنا صدیق اکبرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کو گالی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کا ایمان منافقانہ تھا (معاذ اللہ) تو ایسے شیعہ کافر ہیں اور کافروں کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہیں:

:انّ اللّٰہ حرّمھما علی الکافرین: یعنی کافروں پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کردی ہے۔ اسی طرح

مشرک کے بارے میں فرمایا ہے:انّه من یّشرك باللّٰه فقدحرّم اللّٰه علیه الجنّة: یعنی جوشرک کرے اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کردی۔جب جنت حرام ہے تو نمازِ جنازہ کس چیز کے لئے ہوگی؟

دوسری آیت میں ہے:ماکان للنّبیّ والّذین اٰمنوا ان یّستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربیٰ من بعد ما تبیّن لھم انّھم اصحٰب الجحیم: یعنی نبی کیلئے اور ایمان والوں کیلئے لائق نہیں کہ مشرکوں کیلئے بخشش مانگیں،خواہ ان کے رشتہ دار ہوں،جب ان کو معلوم ہوگیا کہ وہ دوزخی ہیں۔

یہ اس آیت میں مشرکوں کیلئے بخشش نہ مانگنے کی وجہ بتاتی ہیں،یعنی ان کو دوزخ سے کسی وقت نجات نہیں،پس جس شخص کی کسی وقت نجات کی اُمید نہ ہو،اس کیلئے بخشش کی دعا کرنی منع ہے۔اور شیعہ مذکور چونکہ کافر ہے،اس کی نجات کی بھی اُمید نہیں۔پس اس کی بابت بھی بخشش کی دعا منع ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ تقدیر سے انکار کرنے والے اُمت کے مجوسی ہیں،اگر بیمار ہوجائیں تو اِن کی بیمار پُرسی نہ کرو،اگر مرجائیں تو اِن کے کفن دفن اور جنازہ میں حاضر نہ ہو۔

جیسے تقدیر کے منکروں کو اِس حدیث شریف میں اُمت کے مجوسی قرار دیئے ہے،اسی طرح شیعہ کو ایک اور حدیث میں اس اُمت کے نصاریٰ قرار دیئے ہے۔مشکوٰۃ شریف باب مناقبِ حضرت علیؓ میں حدیث ہے:

حضور اکرمﷺ نے حضرت علیؓ کو فرمایا:تیری مثال حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح ہے،یہود نے اس سے بغض رکھا یہاں تک کہ ان کی ماں پر بہتان باندھا،اور نصاریٰ نے ان سے محبت کی یہاں تک کہ اِن کو اس مرتبہ تک پہنچا دیا کہ جو اِس کے لائق نہ تھا،یعنی ایک بغض میں ہلاک ہوگئے ایک محبت میں۔حضرت علیؓ نے فرمایا مجھ سے محبت میں افراط کرنے والا بھی ہلاک ہوجائے گا،جس کو میرا بغض بہتان پر آمادہ کرتا ہے۔سو یہ پیشن گوئی ہوکر ہی رہی۔خارجی حضرت علیؓ سے بغض رکھتے ہیں،گویا کہ وہ اس امت کے یہود ہے اور شیعہ محبت میں افراط کرتے ہیں یہاں تک کہ حضرت علیؓ کی محبت کی وجہ سے سیدنا صدیق اکبرؓ سے بغض رکھتے ہیں،تو گویا کہ شیعہ اس امت کے نصاریٰ ہوئے۔

پس جیسے قدریہ کا جنازہ جائز نہیں،کیونکہ وہ اُس اُمت کے مجوسی ہیں،اِسی طرح شیعہ اور خارجی کا بھی جنازہ جائز نہیں،کیونکہ وہ اِس اُمت کے یہود و نصاریٰ ہیں۔جس امام نے جنازہ پڑھا ہے،اُس کو امامت سے معزول کردینا چاہئے،اس لئے کہ اس نے ایک کافر کا جنازہ پڑھادیا۔(فتاوی علماء حدیث:ج5:ص52)

تعزیہ داری اور مرثیہ خوانی میں شرکت کرنے والے کی امامت:

سوال: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور محفل تعزیہ داری میں جاوے، اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور محفل تعزیہ داری میں جاوے، سوایسا شخص اگر نماز پڑھا رہا ہو، اور کوئی اس کے ساتھ نماز میں شریک ہوجاوے تو اس کی نماز ہوجاوے گی، مگر ایسے شخص کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے، اور نماز پڑھانے کیلئے آگے نہیں کرنا چاہئے، اس واسطے کہ مرثیہ خوانی اور تعزیہ داری بلاشبہ فسق وفجور کے کام ہیں، اور فسق وفجور کے کام سے جو راضی ہو، اور اس کی محفل میں جاوے، وہ بھی فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز تو ہوجاتی ہے مگر اس کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے۔(فتاوی علماء حدیث:ج 1:ص 252)

شیعہ سے محبت اور تعلقات رکھنے والے کی امامت:

سوال: شیعہ سے محبت ظاہری اور باطنی اور رشتہ داری رکھنے والے کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ سے محبت وتعلق رکھنے والے کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز پڑھنا ناجائز ہے، ہاں اگر اس سے اُس جگہ میں افضل امام نہ ہو اور وہ جبروت سے اُس جگہ میں امام ہو اور معزول ہونا اس کا نہ ہو سکے تو پڑھ لے، جمعہ جماعت کا تارک نہ بنے۔(فتاوی علماء حدیث:ج 1:ص 188)

رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: چی فرمایند علمائے دین در حق کسے کہ رافضی است و مذھب خود را پیش مردماں شیعہ اقرار اظہار می کند و تناکح و تناسل در رشتہ وقرابت با رافضی کما ینبغی می دارد۔ آیا نماز پس ایں چنیں رافضی جائز است؟جواب مطابق مذھب حنفی تحریر کردہ شود:

جواب::درصورت مرقومہ حسب مذھب حنفی نماز پس رافضی غیر جائز وناروا است۔قال المرغینانی:یجوز الصلوۃ خلف صاحب ھوی وبدعتہ ولاتجوز خلف الرافضی والجھمی والقدری والمشبہ ومن یقول بخلق القرآن:

(فتاوی علماء حدیث:ج 1:ص 217)

شیعہ کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: کیا شیعہ کے پیچھے نماز جائز ہے؟

جواب: جب اِن کا طریق نماز ہی جدا ہے تو آپ کی نماز ان کے پیچھے کیونکر ہوگی۔

(فتاوی علماء حدیث:ج5:ص137)

رافضیہ وغیرہ فرقے.... نماز میں ان کی اقتدا کرنا، ان سے سلام مصافحہ کرنا، ان کی ورثہ مسلمان کو یا مسلمان کی وراثت ان کو پہنچتی ہے یا نہیں؟ ان کے ساتھ نکاح کرنا، اِن لوگوں سے میل ملاپ رکھنا:

سوال: رافضیہ بلاتفضیلیہ، معتزلہ، جہمیہ، قدریہ، مرزائیہ، چکڑالویہ وغیرہ وغیرہ فرقے.....یہ قطعی کافر ہیں یا نہیں؟ نماز میں ان کی اقتدا اور ان سے سلام مصافحہ کرنا روا ہے یا نہیں؟ ان کی ورثہ مسلمان کو یا مسلمان کی وراثت ان کو پہنچتی ہے یا نہیں؟ اور مسلمان عورت کو اِن کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر مسلمان عورت کا خاوند اِن فرقوں میں داخل ہو جائے، مذہب اہل سنت والجماعت بدل لیوے تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بغیر طلاق کے وہ دوسری جگہ نکاح کر سکتی ہے یا نہیں؟

جواب: اِن فرقوں کے گمراہ، زندیق، ملحد، بدعتی ہونے میں تو کوئی شبہ نہیں، البتہ کافر ہونے میں تفصیل ہے۔ مرزائیہ، چکڑالویہ یہ تو بے شک کافر ہیں۔ معتزلہ، جہمیہ، قدریہ جبریہ بھی تقریباً ایسے ہی ہیں، لیکن صاف کافر کہنا ذرا مشکل ہے۔ رافضیہ میں سے غالی قطعاً کافر ہیں، جو سیدنا صدیق اکبرؓ وغیرہم کو مرتد کہتے ہیں۔ اور زیدیہ کافر نہیں، جن کا عقیدہ ہے کہ سیدنا صدیق اکبرؓ کی امامت خطا نہیں ہے، مگر حضرت علیؓ افضل ہے اور حضرت عثمانؓ کے بارے میں ساکت ہے نہ اچھا کہتے ہے نہ بُرا۔

رہا اِن لوگوں سے میل ملاپ تو یہ بالکل ناجائز ہے تفسیر ابن کثیر: جلد دوم: صفحہ 201 میں مسند احمد وغیرہ سے یہ حدیث شریف ذکر کی ہے کہ: جب تم متشابہ آیتوں کے پیچھے جانے والوں کو دیکھو تو اُن سے بچو۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ ان لوگوں سے رشتہ ناطہ وغیرہ کرنا یا ویسے میل ملاپ رکھنا یا نماز میں امام بنانا اس قسم کا تعلق کوئی بھی جائز نہیں، بلکہ جو اِن میں سے کافر ہیں، اگر اتفاقی طور پر ان کے پیچھے نماز پڑھ لی جائے یا غلطی

سے ان کے ساتھ نکاح کا تعلق ہو گیا ہو تو نماز بھی صحیح نہیں اور نکاح بھی صحیح نہیں، نماز کا اعادہ کرنا چاہئے، بلکہ اگر نکاح پڑھا ہوا ہو، اور بعد میں ایسی بدعت کے مرتکب ہوئے جو حدِ کفر کو پہنچ گئی تو بھی نکاح خود بخود فسخ ہو جاتا ہے، طلاق کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: و لاتنكحوا المشركين حتّٰى يؤمنوا: یعنی مشرک مردوں کو نکاح نہ دو۔ اور دوسری جگہ ہے: و لا تمسكوا بعصم الكوافر: یعنی کافر عورتوں کے ساتھ نکاح مت رکھو۔

اگر اسی حالت میں مر جائیں تو مسلمان اِن کے وارث نہیں اور یہ مسلمان کے وارث نہیں۔

(فتاوی علماء حدیث: ج9: ص363)

تعزیہ اور عرسوں کے میلوں میں جا کر تجارت اور خرید و فروخت کرنا:

سوال: عرس، تعزیہ کے میلوں اور دیگر میلوں میں جا کر تجارت اور خرید و فروخت کرنا کیسا ہے؟

جواب: جہاں کفر و شرک اور بدعت وغیرہ جیسے ناجائز کام ہوتے ہوں، وہاں جانا ہی درست نہیں ہے اور نہ وہاں جا کر خرید و فروخت کرنا چاہئے۔ یہ سب مقامات زور کے ہیں، اور قرآن مجید میں مومنین کے اوصاف میں سے بیان کیا گیا کہ: لايشهدون الزور: مومن وہی ہیں جو ناجائز مجلسوں میں شریک نہیں ہوتے۔

(فتاوی علماء حدیث: ج10: ص49)

سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کے گستاخ کی امامت:

سوال: ایک شخص جماعت اسلامی سے وابستہ ہے، وہ سیدنا حضرت امیر معاویہؓ کے متعلق عقیدہ رکھتا ہے کہ وہ (نعوذ باللّٰہ) ظالم و جابر حکمران اور بدعتی تھے، اور انبیاء کرام علیہم السلام کو غیر معصوم سمجھتا ہے۔ کیا ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: یہ سب باتیں گمراہی کی ہیں، سیدنا حضرت امیر معاویہؓ حضور اکرم ﷺ کے جلیل القدر اور سچے صحابی تھے چہ جائیکہ (معاذ اللّٰہ) ظالم اور جابر ہوں، حسبِ تصریح قرآن مجید: و كلا وعدالله الحسنىٰ: سے صحابہ کرامؓ سے جنت کا وعدہ فرمایا گیا ہے، اور: رضى الله عنهم و رضوا عنه: کا سرٹیفکیٹ انہیں دنیا میں ہی عطا فرما دیا گیا ہے۔

صحابہ کرامؓ کے حق میں ایسے الفاظ گستاخی ہیں، جن کے مرتکب کو اپنے ایمان کی خیر منانی چاہئے۔ انبیاء کرام علیہم السلام کو معصوم سمجھنا اہل سنت والجماعت کا متفقہ عقیدہ ہے، اس سے انکار عقیدۂ صحیحہ سے انحراف ہے۔ ایسے شخص کو

ہرگز امام نہیں بنانا چاہئے۔

وقال رسول اللہﷺ:اجعلوا انمتکم خیارکم: امام ایسے شخص کو بناؤ جو تم میں (عقیدہ وعمل میں) سب سے بہتر ہو۔(فتاوی علماء حدیث:ج 10:ص 78)

تعزیہ بنانا اوراس میں شرکت کرنا،ماتم کرنا اوراس میں سامان مہیا کرنا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ تعزیہ داری کرنا، بچوں کو طوق بیڑی پہنانا، اور ماتم کرنا، بھوسا اُڑانا وغیرہ اور ذکر سوانح و وقائع شہادت وغیرہا میں سامان کرنا اوراس پر رُونا اور رُلانا، اوراس کے واسطے انعقاد مجلس تعزیت کرنا موجبِ ثواب ہے یا باعثِ عقاب؟ اور نوحہ و مرثیہ خوانی کرنا کیسا ہے؟

جواب: تعزیہ داری، علمداری، ماتم کرنا، بچوں کو طوق بیڑیاں پہنانا، فقیر بنانا وغیرہ قرونِ ثلاثہ:مشھود لھابالخیر: سے ثابت نہیں، نہ کسی اصل شرعی کے تحت میں مندرج ہے، نہ سلف وخلف صالحین کا اس پر عمل۔

پس محض بدعت وضلالت و:احداث فی الدین: ٹھہرا، جس کے عدمِ قبول اور رَدّ ہونے پر حضور اکرمﷺ کا یہ قول منقول ہے:من احدث فی امرناھذامالیس منہ فھورد:

ھوالمصوب:

واقعی رسمِ تعزیہ داری بدعت ہے، نہ حضور اکرمﷺ کے زمانہ میں پایا گیا، نہ خلفاءؓ کے زمانہ میں، بلکہ اس کا وجود قرونِ ثلاثہ میں کہ: مشھو دلھا بالخیر: ہیں منقول نہیں ہوا، اور نہ کسی اصل شرعی کے تحت میں مندرج ہے، پس یہ بدعت ضلالہ ٹھہرا، اور بدعت ضلالہ کو اختیار کرنا لعنتِ خدا تعالیٰ و ملائکہ کا موجب اور رسول مقبولﷺ کی رنجیدگی کا باعث ہے۔

حضور اکرمﷺ نے فرمایا: جو کوئی بدعت ایجاد کرے یا بدعتی کو پناہ دے اس پر اللہ تعالیٰ، فرشتوں اور سارے جہاں کی لعنت ہے، اللہ تعالیٰ نہ اس کی نفل عبادت قبول کرے گا نہ فرض۔اور فرمایا: جو کوئی ہمارے دین میں ایسا کام کرے جو اس کا حصہ نہیں تو وہ کام مردود ہے۔اور فرمایا: بدترین کام بدعت ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

اور سینہ کوبی کرنا، کپڑے پھاڑنا، نوحہ کرنا، خاک اُڑانا، بال نوچنا یہ سب افعال منہیات وممنوعات سے ہیں، جیسا کہ حدیث شریف میں ہے کہ:

جو سر کے بال نوچے، سینہ کوبی کرے اور کپڑے پھاڑے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، اور فرمایا جو رُخسار پیٹے،

گریبان پھاڑے، وہ ہم میں سے نہیں ہے، اور فرمایا: خدا تعالیٰ نوحہ کرنے والے پر لعنت کرے۔

جامع الرموز میں ہے کہ: اگر حضرت حسینؓ کا واقعہ بیان کرنا چاہے تو پہلے تمام صحابہ کرامؓ کی شہادت کا تذکرہ کرے، تاکہ شیعہ کے ساتھ مشابہت نہ ہو۔

تعزیہ بنانا، اس میں شریک ہونا، اس پر چڑھاوا چڑھانا یا منت ماننا، اِن ایامِ عشرۂ محرم میں ذکرِ شہادتِ حضرت حسینؓ کرنا، رونا پیٹنا، چلّانا، نوحہ کرنا، کپڑے پھاڑنا، یہ سب نادرست اور بدعت سیئہ ہے۔ تعزیہ داری کرنا وغیرہ اُمورِ مذکورہ فی السوال ناجائز و بدعت ہیں۔ (فتاوی علماء حدیث: ج 11: ص 368)

تعزیہ پرستی کرنے والے اسلام سے خارج ہیں، بانس و کاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اور اس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، محرم میں رافضیوں کے رسوم خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث اور جہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے، مسلمانوں کو اِن اُمورِ بدعیہ سے پرہیز کرنا چاہیئے:

سوال: بعض آدمی اہل سنت ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور حضرت حسینؓ کی محبت کو وسیلہ بنا کر عشرۂ محرم میں تعزیہ پرستی کرتے ہیں۔ اِس کی کیفیت اس طرح ہے کہ پانچویں محرم کو کہیں سے دو مشت خاک لے آتے ہیں اور اس کو حضرت حسینؓ کی لاش قرار دے کر اس کی تعظیم کرتے ہیں، اور چبوترہ رکھتے ہیں، پھر ہر روز اس پر شربت، فالودہ اور مٹھائی وغیرہ کے چڑھاوے چڑھاتے ہیں، اس مٹی کو باعثِ نجات و مطلب برآری سمجھتے ہوئے سجدہ کرتے ہیں اور اس سے مال و دولت و اولاد وغیرہ مانگتے ہیں۔ پھر ساتھویں رات کو طہارت کرتے ہیں، ایک پگڑی باندھتے ہیں اور اس پر پھولوں کا سہرا لٹکاتے ہیں، اور ایک چوکی پر جس کی دونوں طرف ہاتھ کی شکل کی ہوتی ہے وہ دستار بڑی عزت سے رکھ دیتے ہیں۔ آٹھویں رات کو اِس چوکی کو مع دستار کے سر اُٹھا لیتے ہیں ڈھول بجتا ہے اور ماتم و سینہ کوبی کرتے ہوئے گلی کوچوں میں پھرتے ہیں۔ اور نویں رات کو اس دو مشت خاک کو کفن پہنا کر اس قبر میں جو تعزیہ کے اندر بنی ہوتی ہے دفن کردیتے ہیں اور پھر اس کو کندھوں پر اُٹھا کر گریہ وزاری اور سینہ کوبی کرتے ہوئے ہائے حسین ہائے حسین کہتے ہوئے گشت کرتے ہیں۔ اور دسویں تاریخ کو چاشت کے وقت اس کفن میں لپٹی ہوئی مٹی کو بمعہ ساز و سامان کے روتے پیٹتے

اپنے بنائے ہوئے کربلا میں لے جا کر دفن کر دیتے ہیں، اور اس کے بعد کئی چیزوں پر جن کو اپنے ہاتھ لے جاتے ہیں، فاتحہ پڑھتے ہیں، اور شام کو اس قبر پر چراغ جلاتے ہیں۔

اور ان لوگوں کے متعلق کیا حکم ہے جو حضرت حسینؓ کی قبر کی شبیہ اپنی طاقت کے مطابق لکڑی، سونے چاندی سے بناتے ہیں، اس کو اپنے گھروں میں نہایت تعظیم سے رکھتے ہیں، اس کی پوجا کرتے ہیں بعض لوگ ہاتھ وغیرہ کا علم بنا کر قبر کے ساتھ باندھ دیتے ہیں، اور ساتویں رات علم کو تعزیہ سے جدا کر کے گشت کیلئے لے جاتے ہیں اور دسویں دن علم مذکور کو سہرے وغیرہ پہنا کر تعزیہ کے ساتھ قبر میں دفن کر دیتے ہیں۔

ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے جو محرم شروع ہوتے ہی پورے تکلفات سے کمروں کو آراستہ کرتے ہیں، آدمیوں کو بُلا کر مرثیہ خوانی کرتے ہیں، کربلا کے واقعات سناتے ہیں، مستورات کی بے عزتی کی داستانیں بیان کرتے ہیں اور ہائے حسین کہتے ہوئے ماتم کرتے ہیں، پھر شیرینی تقسیم ہوتی ہے۔ کیا یہ لوگ اہل سنت والجماعت ہیں؟ اور کیا یہ کام جائز ہیں؟ یا کفر اور شرک ہے؟ یا گناہِ کبیرہ یا صغیرہ ہے؟

جواب: اہل سنت والجماعت وہ آدمی ہو سکتا ہے جو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی راہ پر چلتا ہو، اور یہ تمام اُمور جو سوال میں مندرج ہیں نامشروع حرکات ہیں، حضور اکرم ﷺ، صحابہ کرامؓ اور ایمان داروں کی یہ راہ نہیں ہے۔ خدا تعالیٰ جل شانہ کی ناراضگی کا باعث ہیں، جہنم میں داخل ہونے کا سبب ہے۔ اللہ تعالیٰ جل شانہ فرماتے ہیں: جو ہدایت کے واضح ہو جانے کے بعد رسول کی نافرمانی کرے اور ایمان داروں کی راہ چھوڑ کر کوئی اور راستہ اختیار کرے تو جدھر جاتا ہے جائے، ہم اس کو جہنم میں داخل کریں گے، اور وہ بدترین جگہ ہے۔

امام بیضاویؒ کہتے ہیں کہ اس آیت سے اجماع کی مخالفت کی حُرمت معلوم ہوتی ہے اور ایسے لوگ اہل سنت ہونے کا دعویٰ کرنے میں بالکل جھوٹے ہیں، شریعت مطہرہ کے دائرہ سے خارج ہیں، ایسے لوگوں کی کوئی عبادت قبول نہ ہوگی۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بدعتی آدمی کا روزہ، نماز، صدقہ، حج، عمرہ، جہاد، نفل اور فرض کچھ قبول نہیں کرتے، اور وہ اسلام سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسے آٹے سے بال۔

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیزؒ فرماتے ہیں کہ تعزیہ کو سجدہ کرنا بُت کو سجدہ کرنے کے برابر ہے، کیونکہ لغتاً ہر وہ چیز جس کی اللہ تعالیٰ کے سوا عبادت کی جائے نصب (بت) ہے۔

شرح مواقف میں ہے کہ سورج کو سجدہ کرنا کفر ہے۔ اب خود ہی سوچو! تعزیہ اور سورج میں کیا فرق ہے۔

مسلمانوں کو اِن اُمورِ بدعیہ سے پرہیز کرنا چاہئے، تاکہ صحیح مسلمان بن سکیں۔

ترمذی میں حدیث ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ غزوہ حنین کو نکلے تو راستہ میں ایک درخت آیا، جس پر مشرک لوگ اپنی تلواریں لٹکایا کرتے تھے، اس کو ذات انواط کہتے تھے، تو مسلمانوں نے کہا: یارسول اللہ ﷺ! ہمیں بھی ایک ذات انواط بنادیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! یہ تو قوم موسیٰ علیہ السلام کی سی بات ہوئی کہ انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی تھی کہ ان کے خداؤں جیسا کوئی ہمیں بھی خدا بنادیں۔ خدا کی قسم! تم یہود ونصاریٰ کی ضرور پیروی کرو گے۔

پس تعزیہ داری بھی ذات انواط ہی کی ایک صورت ہے کہ لوگ اس پر چڑھاوے چڑھاتے ہیں، یہ لوگ پورے مشرک و کافر ہیں، کیونکہ انہوں نے خدا کیلئے شریک بنادیئے، جس کی مخالفت قرآن مجید کی آیت: فلا تجعلوا لله اندادا: میں ہے۔

باقی رہا سینہ کوبی اور نوحہ وشیون تو آنحضرت ﷺ کی سنت کے بالکل برخلاف ہے، اور یہ بانس و کاغذ وغیرہ سے تعزیہ بنانا اور اس کی زیارت کرنا لعنت کا موجب ہے، حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُس آدمی پر لعنت کرے جو کسی فرضی قبر کی جس میں کوئی مُردہ دفن نہیں ہے زیارت کرے۔

پس ایسے لوگ جو محض اتباع ہوائے نفس کی بنا پر تعزیہ پرستی وغیرہ کرے اور سنت کی پرواہ نہ کریں، اہل سنت والجماعت بلکہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں، ایسے لوگوں کو شرک و بدعت چھوڑ کر توبہ واستغفار کرنی چاہئے۔

(فتاوی علماء حدیث:ج11:ص395)

تعزیہ داری میں شرکت اور تعاون کرنا اور اس کی زیارت کرنا:

سوال: اگر مسلمان کوئی میلہ کریں جس کی مذہب میں کوئی اصل نہیں، جیسے تعزیہ داری، اور کافر، نہ اس لحاظ سے کہ میلہ کی تخریب ہو بلکہ اس لحاظ سے کہ مسلمانوں کو بحیثیت مذہب ہزیمت ہو مزاحم ہوں، تو ایسی صورت میں میلہ والے مسلمانوں کی شرکت دوسرے مسلمانوں کو جائز ہے یا نہیں؟

جواب: درصورت مرقومہ ارباب فطانت ودیانت پر مخفی نہیں کہ مسلمانوں کو بحیثیت مذہب ہزیمت جب ہو کہ یہ میلہ تعزیہ داری کا مذہب وملت یا ادنیٰ شعائرِ اسلام میں بھی داخل ہوتا، حالانکہ داخل نہیں، اور جب یہ میلہ مذکورہ اسلام میں داخل ہی نہیں ہوا، بلکہ یہ میلہ بعض وجوہ سے میلہ فسقیہ ہے اور بعض وجوہ سے میلہ شرکیہ ہے تو اس صورت میں

مسلمانوں کومن حیث الملۃ ہب دینی وملت یقینی کیونکر ہزیمت متصور ہوگی؟ یہ خیال خام بعض بلایان نا فرجام ہے۔وقول رب العالمین:یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا۔الآیۃ۔ان یتبعون الا الظن وان ھم الا یخرصون: مناسب حال ومقال بلایان بدخصال کے ہے،پس:فذرھم ومایفترون: ان کواوران کے بہتانوں کو چھوڑ دو۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ میلہ تعزیہ داری کا میلہ فسقیہ ہے باعتبار اجتماع فساق تماش بین کے،اور یہ میلہ باعتبار بنانے والے اور تعظیم کرنے والے اور تقرب لغیر اللہ چاہنے والے کے میلہ شرکیہ ہے۔

پس پہلی صورت میں تماشہ دیکھنا ان کے میلہ کا اور تماشہ دیکھنا تعزیہ کے میلہ کا دونوں برابر ہیں۔زور وکذب ومالا ینبغی: اور غیر مشروع ہونے میں بموجب اس آیت کریمہ کے:فلا تقعد بعد الذکرٰی مع القوم الظلمین:یاد آجانے کے بعد ظالم قوم کے پاس مت بیٹھو۔نیز بدلیل آیت سورۃ الفرقان:والذین لا یشھدون الزور: جو بےہودہ چیزوں پر حاضر نہیں ہوتے۔

ہر چند یہ آیت محتمل احتمالاتِ کثیرہ کو ہے،لیکن احتمال قوی یہی ہے کہ:یہ حاضر ہونا ہر اُس چیز کو شامل ہے جو لائق وشائستہ نہیں،اس میں مشرکوں کی عیدیں اور فاسقوں کی مجالس بھی شامل ہیں۔کیونکہ جو بد لوگوں کے پاس جائے گا،ان کے افعال کو دیکھے،ان کی مجلس میں حاضر ہو،تو اُس نے ان کے گناہ میں شرکت کی۔

او رمدد دینا بنابر تکثیر سواد اور اشاعت ورونق تعزیہ کی زیادہ ترسخت گناہ ہے حسب منطوق لازم الوثوق کے:تعاونوا علی البرّ والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان: نیکی اور پرہیز گاری پر ایک دوسرے کی مدد کرو،اور گناہ اور زیادتی میں مدد نہ کرو۔

ونیز مطابق فرمودہ آنحضرت ﷺ:من کثّر سواد قوم فھو منھم: جو آدمی کسی قوم کی تعداد بڑھائے وہ انہی میں سے ہے۔

اورصورت ثانیہ میں یہ میلہ شرکیہ بلاریب ہے،کیونکہ یہ تعزیہ منصوبہ:فی ما نصب وعُبِدَ من دون اللّٰہ: جو کھڑا کیا جائے اور اللہ تعالیٰ کے سوا اس کی عبادت کی جائے۔میں داخل ہے:کقولہ تعالیٰ:کانّھم الی نصب یّوفضون: گویا وہ اپنی بتوں کی طرف دوڑتے جارہے ہیں۔:نُصُب:بضمتین:ہر وہ چیز جو کھڑی کی جائے،جیسے جھنڈا وغیرہ۔

پس تعزیہ بنانا اور ساتھ نشان توقیر وتعظیم کے چبوترہ یا کسی بلند مقام پر قائم کرنا اور رکھنا اور نذرونیاز بتوقع حصول

مطالب دنیاوی واُمید حاجت روائی اور فراخی روزی وطلب اولاد و جاہ ومنصب کے اس پر چڑھانا اور اس کی بے ادبی میں نقصانِ جان ومال کا اعتقاد رکھنا اور بجہت عقیدہ واجب التعظیم کے سلام اور مجرا اور سجدہ اس کو کرنا، جیسا کہ رسم ورواج وعرف وعادت تعزیہ پرستوں کی ہے، صریح بت پرستی ہے، کفار مکہ وغیرہ کی بت پرستی کی طرح۔

ایام جاہلیت میں کفار مکہ نے تقریباً تین سو بت گردا گرد خانہ کعبہ کے کھڑے کر رکھے تھے اور نذر ونیاز اور ذبح جانور بنابر تعظیم بتوں کیا کرتے تھے۔ پس درمیان تعزیہ داران اور کفار بت پرستان مکہ مکرمہ وغیرہ کے کچھ فرق نہیں ہے، اس لئے کہ تعزیہ دار تعزیہ سے اعتقاد جلب منفعت ودفع مضرت کا رکھتے ہیں جیسے کفار بتوں سے معتقد حصول منافع ودفع مضار کے ہیں۔ الغرض جو معاملہ کفار اپنے بتوں کے ساتھ کرتے تھے وہی معاملہ تعزیہ دار تعزیہ سے کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ جل شانہ سارے مسلمانوں کو ایسے عقیدۂ فاسدہ اور عمل مذموم شرکی تعزیہ داری سے محفوظ رکھے، اور دین محمدی پر توفیق رفیق عطا فرمادے، اور جو لوگ خود نہیں بناتے، مگر مددگار اُمور شرکیہ کے ہوتے ہیں ان کو بھی اس بلائے عظیم تائید شرکی سے توبہ نصیب کرے کہ امداد غیر مشروع سے باز آویں۔ اور حسب توفیق: فلا تقعد بعد الذکرٰی مع القوم الظّٰلمین: کہ تعزیہ دار کی صحبت سے احتراز کرتے رہیں، کہ غضب الٰہی میں گرفتار نہ ہو۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ بدعتی آدمی کا روزہ، نماز، صدقہ، حج، عمرہ، جہاد، نفل اور فرض کچھ قبول نہیں کرتے، اور وہ اسلام سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسے آٹے سے بال۔

اور فرمایا: آنحضرت ﷺ نے جو کوئی احداث بدعت کرے یا محدث کو جگہ دے یا اس کی تعظیم کرے اس پر بھی اللہ تعالیٰ کی لعنت اور اس کی نماز، روزہ، حج مقبول نہیں۔

اور فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ جو کوئی کسی قوم کی کثرت اور بھیڑ بھاڑ اس کی بڑھاوے، یا تشبیہ کرے وہ اسی قوم سے شمار کیا جائے گا۔

اور جب تعزیہ پرست تعزیہ کے سبب ظالمین میں داخل ہوئے تو تعزیہ پرست مثل راون وکالی والوں کے ہوئے۔ تو اب دونوں کی شرکت واعانت مساوی الاقدام ہوئی، بلکہ تعزیہ والوں کی اعانت بدتر ہے۔ کیونکہ بسبب تعزیہ پرستی کے کفار اسلام پر بت پرستی کا الزام دیتے ہیں اور اکثر اوقات مسلمانوں میں تعزیہ پرستی کو دیکھ کر ہدایت سے باز رہتے ہیں۔ پس جس چیز کے سبب اسلام پر دھبہ لگے اور طریقہ ہدایت کا مسدود ہو، اس چیز کی شرکت واعانت سراسر اسلام پر ظلم کرنا ہے اور کیوں ایسے امرِ قبیح کو مسلمانوں نے اختیار کیا جس کے سبب بمقابلہ کفار ہزیمت اُٹھانی پڑے۔

پس ہر مسلمان پر فرض ہے کہ ان سب میلوں کی تخریب (خراب کرنے میں) برابر کوشش کرے، بلکہ تعزیہ داری

کے اندر اس تخریب میں زیادہ کوشش کرے تا کہ اسلام پر الزام نہ آئے ،اور ہدات کا راستہ مسدود نہ ہو،اور ہزیمت بھی نہ اُٹھانی پڑے،اور نیز اس میں اہل بیتؓ کی توہین لازم آتی ہے،جیسا کہ ماہرین شریعت غرا پر مخفی نہیں ہے۔پس پائے شگون پر ناک کٹانی عقلمندوں کا کام نہیں ہے۔(فتاوی علماء حدیث:ج 11:ص 403)

تعزیہ داری اور ہنود کے میلوں میں شامل ہونا:

سوال: تعزیہ داری کے میلوں میں شامل ہونا کیسا ہے؟ہنود کے میلوں میں خواہ بغرض تجارت یا بلاغرض جانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: ایسے میلوں میں جانا منع ہے،ہرگز شامل نہ ہونا چاہئے،بلکہ اس قسم کے تمام منکرات کو ہاتھ اور زبان سے مٹانا چاہئے،اگر اس کی طاقت نہ ہو تو دل سے تو ضرور بُرا جاننا چاہئے:قال النبیﷺ:من رای منکم منکرافلیغرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذٰلک اضعف الایمان:

دیکھو!دعوت کا قبول کرنا اور اس میں شریک ہونا ضروری ہے،مگر وہاں بھی اگر منکرات ہوں تو وہاں نہیں جانا چاہئے،اور اگر جاوے،اور جانے کے بعد کوئی امر منکر دیکھے تو لوٹ آنا چاہئے۔

:عن علیؓ قال:صنعت طعاما فدعوت رسول اللہﷺ فجآء فرای فی البیت تصاویر فرجع: حضرت علیؓ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرمﷺ کو کھانے کی دعوت دی،آپﷺ آئے اور گھر میں تصویریں دیکھیں تو واپس چلے گئے۔

پس معلوم ہوا کہ ایسے حرام وناجائز و منکر میلوں میں بذریعہ تجارت بھی نہیں جانا چاہئے۔

(فتاوی علماء حدیث:ج 11:ص410)

تعزیہ بنانا گناہِ کبیرہ ہے:

سوال: تعزیہ بنانا کیسا گناہ ہے؟یعنی کس درجہ کا گناہ ہے؟

جواب: تعزیہ پر حکم لگانے سے پہلے بنانے والوں کی نیت اور کام کو جاننا ضروری ہے۔بعض لوگ تعزیہ اس نیت سے بناتے ہیں کہ یہ حضرت حسینؓ کی قبر کی نقل ہے اور اس کو کارِثواب جانتے ہیں،چونکہ شریعت نے اس کام کے کرنے کا حکم نہیں دیا،نہ اس کو کارِثواب بتایا ہے،لہذا یہ فعل بدعت،موجبِ گناہِ کبیرہ ہے۔بعض لوگ تعزیہ کے آگے

سر جھکاتے اور عرضیاں لکھ کر تعزیہ سے یا امامِ ممدوح سے حاجات مانگتے ہیں، ایسی صورت میں تعزیہ بنانا شرک ہے، اس کا گناہ اتنا بڑا ہے کہ بغیر توبہ کے نہ بخشا جائے گا: قال اللّٰہ تعالیٰ: ان اللّٰہ لایغفران یشرك به:

(فتاوی علماء حدیث: ج10: ص102)

جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، ایسے شخص کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟

جواب: جو شخص مرثیہ خوانی کرے اور تعزیہ داری کی محفل میں جاوے، سو ایسا شخص اگر نماز پڑھا رہا ہو، اور کوئی اس کے ساتھ نماز میں شریک ہو جاوے، تو اس کی نماز ہو جاوے گی مگر ایسے شخص کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے اور نماز پڑھانے کیلئے آگے نہیں کرنا چاہئے۔ اس واسطے کہ مرثیہ خوانی اور تعزیہ داری بلا شبہ فسق و فجور کے کام ہیں، اور فسق و فجور کے کام سے جو راضی ہو، اور اس کی محفل میں جاوے وہ بھی فاسق ہے اور فاسق کے پیچھے نماز تو ہو جاتی ہے مگر اس کو بالقصد امام نہیں بنانا چاہئے۔ (فتاوی علماء حدیث: ج11: ص411)

تعزیہ کے نزدیک شیرینی اور حلوا لے جانا:

تعزیہ کے نزدیک جو شرینی اور حلوا لے جاتے ہیں کہ لوگ اس کے سامنے بطریق پیشکش کے رکھتے ہیں، یہ مکروہ تحریمی ہے۔ (فتاوی علماء حدیث: ج5: ص249)

مندر کی تعمیر کے لئے اہل ہنود کو چندہ دینا:

سوال: کیا ہم اہل اسلام اہل ہنود کے کسی ایک مذہبی اُمور میں ان کی امداد کیلئے کچھ چندہ وغیرہ دے سکتے ہیں؟ یہاں ایک قریہ میں اہل ہنود بہ تعدادِ کثرت آباد ہیں اور وہ مندر کی تعمیر کے تحت میں مسلمانوں سے بھی چندہ طلب کرتے ہیں۔ تو کیا از روئے شریعت چندہ دینا جائز ہے؟ خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ اہل ہنود کی کثرت کی وجہ سے آئندہ نا جائز سلوک کا خطرہ ہو؟

جواب: ہندوؤں کے مذہبی اُمور عموماً شرکیہ و کفریہ ہوتے ہیں، پس ان کے کسی مذہبی اُمور میں چندہ وغیرہ

سے امداد کرنا جائز نہیں ہے۔مندر کی تعمیر میں چندہ سے امداد کرنا تو شرک وکفراور بت پرستی کی صراحتاً اعانت وحمایت ہے جو قطعاً حرام ہے،ارشادِباری تعالیٰ ہے:تعاونوا علی البرّو التقویٰ و لاتعاونوا علی الاثم والعدوان:

اکثریت کی طرف سے آئندہ موہومی ناجائز سلوک کے اندیشہ اور خطرہ کی بنا پر شریعت نے شرک وبت پرستی اور:اثم:و:عدوان:کی اعانت وحمایت کی اجازت نہیں دی ہے۔ایمان عزیز ہے اور آپ مومن کامل ہے تو ان موہومی خطرات کو خاطر میں نہ لائیں:الاانّ حزب اللّٰہ هم المفلحون:

(فتاوی علماء حدیث:ج10:ص116)

زکوۃ کا مال کفار اور مشرکین کو دینا:

سوال: زکوۃ کا مال کفار اور مشرکین کو دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: زکوۃ کا مال کفار اور مشرکین کو دینا جائز نہیں ہے۔حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے حدیث میں ہے:انّ اللّٰہ قدافترض علیھم صدقة تؤخذمن اغنیائھم و تردعلیٰ فقرائھم:

اس حدیث کے تحت حافظ ابن حجرؒ لکھتے ہیں:ان الزکوۃ لاتدفع الی الکافر لعودالضمیر فی فقرائھم الی المسلمین،الخ:(فتاوی علماء حدیث:ج7:ص255)

غیر مسلم کو زکوۃ یا فطرہ دینا:

سوال: ہمارے یہاں دستور ہے کہ فطرہ کا غلہ نکال کر رکھ لیا جاتا ہے اور فقیروں مسکینوں کو دیا جاتا ہے،جن میں بعض غیر مسلم بھی ہوتے ہیں،حتیٰ کہ جو لوگ ہمارے ہاں کھیتی باڑی کے مزدور غیر مسلم ہیں ان کو بھی فطرہ دیا جاتا ہے۔کیا غیر مسلم کو فطرہ یا زکوۃ دینی جائز ہے؟

جواب: غیر مسلم کو فطرہ یا زکوۃ ہرگز نہیں دینی چاہئے،اگر ان کو یہ اموال دیئے گئے تو شرعاً یہ خیرات مردود ہوگی۔اموالِ زکوۃ وصدقہ فطر کے مستحق صرف مسلمان ہیں،یہ عطیے صرف مسلمانوں کیلئے مخصوص ہیں۔صدقہ فطر کے متعلق احادیث میں وارد ہے:طعمة للمساکین:اس میں الف اور لام عہد خارجی ہے،جس سے مسلمان مساکین مراد ہیں،نہ کہ کافر۔(فتاوی علماء حدیث:ج7:ص291)

کافراور مشرک کے روپیہ مسجد میں لگانا:

سوال: ہندوؤں اورعیسائیوں سے مسجد کیلئے چندہ لینا اوراس سے مسجد تعمیر کرنا جائز ہے یانہیں؟

جواب: کافراورمشرک کے روپیہ سے مسجد بنانا ناجائز ہے،ان کا روپیہ مسجد میں نہیں لگ سکتا۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:ما کان للمشرکین ان یّعمروامسٰجداللّٰہ شاھدین علیٰ انفسھم بالکفر: یعنی مشرکوں کو حق نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مسجدوں کو تعمیر کریں،جب تک کہ وہ اپنے شرک پر جمے ہوئے ہیں۔

اس آیت سے ہمارا مدعا ثابت ہے کہ کسی کافر کا روپیہ مسجد میں نہیں لگایا جاسکتا۔کتب تفاسیر میں اس مسئلہ کو اچھی طرح محقق کیا گیا ہے۔(فتاوی علماء حدیث:ج1:ص 37)

اہل ہنود کے مذہبی اُمور میں چندہ دینا:

سوال: کیاہم اہل اسلام اہل ہنود کے کسی ایک مذہبی اُمور میں ان کی امداد کیلئے کچھ چندہ وغیرہ دے سکتے ہیں؟یہاں ایک قریہ میں اہل ہنود بہ تعدادِ کثرت آباد ہیں اوروہ مندر کی تعمیر کے تحت میں مسلمانوں سے بھی چندہ طلب کرتے ہیں۔تو کیاازروئے شریعت چندہ دیناجائز ہے؟خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ اہل ہنود کی کثرت کی وجہ سے آئندہ ناجائز سلوک کا خطرہ ہو؟

جواب: ہندوؤں کے مذہبی اُمورعموماً شرکیہ وکفریہ ہوتے ہیں،پس ان کے کسی مذہبی اُمور میں چندہ وغیرہ سے امداد کرنا جائز نہیں ہے۔مندر کی تعمیر میں چندہ سے امداد کرنا تو شرک وکفراوربت پرستی کی صراحتاً اعانت وحمایت ہے جوقطعاً حرام ہے،ارشادِباری تعالیٰ ہے:تعاونواعلی البرّوالتقویٰ ولاتعاونواعلی الاثم والعدوان:

اکثریت کی طرف سے آئندہ موہومی ناجائز سلوک کے اندیشہ اورخطرہ کی بناپرشریعت نے شرک وبت پرستی اوراثم وعدوان کی اعانت وحمایت کی اجازت نہیں دی ہے۔ایمان عزیز ہےاورآپ مومن کامل ہےتوان موہومی خطرات کوخاطر میں نہ لائیں۔(فتاوی علماء حدیث:ج1:ص 39)

قربانی میں مشرک کوشریک کرنا:

سوال: قربانی کی گائے میں سات اوراُونٹ میں دس آدمی شریک ہوں،تو کیااُن سب کا مسلمان ہونا ضروری ہے؟اگر چند حصہ دار موحد،نمازی ہوں اوران کے ساتھ چند مشرک بھی ہوں تو کیااس صورت میں اہل توحید کی

قربانی صحیح ہوگی؟

جواب: ایک جانور کی جان ایک ہے، چاہئے تھا کہ ایک گائے، ایک ہی شخص یا گھر کی طرف سے قربانی ہو، کیونکہ قربانی خون بہانے کا نام ہے، گوشت کے حصوں کا نام نہیں وہ تو انسان خود ہی کھالیتا ہے، اور جان بکری، دُنبے اور گائے کی ایک ہی ہے، پس گائے کا سات کا قائم مقام ہونا محض خدا تعالیٰ جل شانہ کی مہربانی ہے، اس لئے قربانی میں شریک بھی ایک ہی قسم کے ہونے چاہئے، یعنی سب موحد مسلمان ہوں، مشرک نہ ہوں۔

(فتاوی علماء حدیث:ج 14:ص 66)

مشرک کے پیچھے نماز پڑھنا:

سوال: مشرک یا بدعتی کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟

جواب: حدیث شریف میں ہے: فلیئمکم خیارکم: صالح عمل انسان امامت کرائے، اس لئے مستقل امام پابندِ سنت ہونا چاہئے، مشرک و بدعتی درست نہیں۔ اگر اس کا اشراک ابتداء سے واضح ہے تو پھر اس کی اقتداء ہرگز نہ چاہئے، نماز نہ ہوگی۔ ہاں اگر کبھی کبھار اتفاقی طور پر ایسے امام سے پالا پڑ جائے تو طوعاً کرہاً اقتداء کر لینی چاہئے۔

(فتاوی علماء حدیث:ج 1:ص 247)

مشرک اور بدعتی شخص کا مرید ہونا:

سوال: اگر کوئی شخص ایسے شخص کا مرید ہو جاوے کہ اُس شخص کے ہاں علانیہ شرک و بدعت ہوتا ہو، تو کیا بعد معلوم ہو جانے حالات مندرجہ کے اُس مرشد سے تعلقاتِ مریدی منقطع کر لینے چاہئیں؟ اگر ایسے مرشد سے قطع تعلق اور سلسلہ آمد و رفت کا بند کیا جاوے تو وہ شخص قابل مواخذہ تو نہیں ہوسکتا؟

جواب: اِس صورت میں اُس مرشد سے قطع تعلق کرنا ضروری ہے، اور آمد و رفت کا سلسلہ بھی بند کرنا لازم ہے، اور ایسے مرشد کی تابعداری شرعاً ہرگز درست نہیں۔ (فتاوی علماء حدیث:ج 11:ص 383)

فتنہ اور فساد سے بچنے کے لئے مشرک کا نماز جنازہ پڑھنا:

سوال: اگر کوئی کسی مشرک کا جنازہ بواسطے دفعہ فتنہ کے پڑھ لے اور صرف تکبیریں کہے، اور دعائیں نہ پڑھے، کیونکہ اگر جنازہ سے انکار کرتا ہے تو لوگ گاؤں سے نکالتے ہیں تو اس کیلئے کیا حکم ہے؟ جائز ہے یا منع ہے؟

جواب: نماز جنازہ مشرکین مجاہرین کی کسی صورت میں جائز نہیں:قال اللّٰہ تعالیٰ:انما المشرکون نجس:وقال اللّٰہ تعالیٰ:انّ اللّٰہ لایغفران یّشرك بہ : اللہ تعالیٰ نے فرمایا:مشرک ناپاک ہیں،اور فرمایا:اللہ تعالیٰ کسی مشرک کونہیں بخشے گا۔

پس جب مشرک ہرگز مغفور نہیں تو اس کیلئے جنازہ (کہ سراسر استغفار ہے) لغو ہوگا،اور اللہ تعالیٰ جل شانہ نے اپنے پیارے رسول ﷺ کوجب منافقین کے جنازے سے منع کیا تو مشرک کا بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

:قال اللّٰہ تعالیٰ:ولا تصلّ علیٰ احدمّنھم مّات ابداوّلا تقم علیٰ قبرہ: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:اگر ان میں سے کوئی مرجائے تو اس کی نماز نہ پڑھ اور اس کی قبر پر بھی نہ جا۔

تنبیه:

باقی ایسے اُمور میں انسان کو نہ ڈرنا چاہئے کہ اگر مشرک کا جنازہ وغیرہ نہ پڑھوں گا تو گاؤں سے یا دیار سے یا شہر سے نکالا جاؤں گا، بلکہ دلیر ہو کر جہاں تک ہو، اتباعِ سنت کا خیال رکھنا چاہئے۔

(فتاوی علماء حدیث:ج5:ص78)

اہلِ ہنود کے میلوں یا مسلمانوں کے عرس میں بغرض تجارت اپنا سامان لے جانا:

سوال: اہلِ ہنود کے میلوں یا مسلمانوں کے عرس میں بغرض تجارت اپنا سامان لے جانا، کوئی چیز خریدنے کے لئے جانا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اہلِ ہنود کے میلوں یا مسلمانوں کے عرس میں تجارت یا کسی غرض سے شریک ہونا درست نہیں، بلکہ عقلاً اور نقلاً ہر طرح قبیح ہے۔ہندوؤں کے تمام میلے شرکیہ اور فسقیہ ہوتے ہیں پھر وہ غیر مسلموں کے تہوار میں اور خود عرس ایک بدعت ہے، پھر اس میں شریک ہونے والے عموماً فساق وفجار اور مبتدعین ہوتے ہیں،اور اس اجتماع میں شرک اور فسق وفجور کا بازار گرم ہوجاتا ہے۔ظاہر ہے کہ ایسے خلافِ شرع اور ناپاک بیہودہ مجمع میں خرید وفروخت وغیرہ کی غرض سے بھی شریک ہونا کیونکر مباح ہوسکتا ہے؟مومن کی شان قرآن کریم میں یہ بیان کی گئی ہے:

:والّذین لایشھدون الزّور:اورارشاد ہے:فلا تقعد بعدالذّکریٰ مع القوم الظّٰلمین: اور ارشاد ہے:تعاونوا علی البرّ والتّقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان:اور آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں

من كثّر سواد قوم فهو منهم:

خرید وفروخت کی نیت سے شریک ہونے والوں کا مقصد اگر چہ مراسم شرکیہ وفسقیہ میں شریک ہونا نہیں ہوتا اور نہ تکثیرِ مجمع مدِ نظر ہوتا ہے، لیکن بلاارادہ اس خلاف شرع مجمع کی رونق بڑھانے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ میلے اور عرس کو بازار پر قیاس کرنا کھلی ہوئی غلطی ہے۔(فتاوی علماء حدیث:ج14:ص 191)

کفریہ عقائد والے کی امامت:

اگر مقتدیوں اور امام کے عقیدہ میں اصولی اختلاف ہو یعنی کفر واسلام کا فرق ہو تو ایسے امام کی اقتداء میں نماز نہیں ہوگی۔(فتاوی علماء حدیث:ج1:ص 253)

بدعتی امام کے پیچھے نماز پڑھنا اور اس کا وعظ سننا:

سوال: بدعتی عالم امام کے پیچھے اقتدا کرنا خصوصا صلوات خمسہ میں کوئی حرج ہے یا نہیں؟ علیٰ ہذا القیاس وعظ وپند اگر بدعتی عالم کا استماع میں لادیں تو کیا مضائقہ کی بات ہے؟ ممکن ہے کہ سامعین جو باتیں کہ وعظ کے اندر خلافِ کتاب اللہ وسنتِ رسول ﷺ کے ہوں خیال میں نہ لادیں، بقیہ باتیں خیال میں لادیں۔

جواب: واضح ہو کہ بموجبِ حدیث شریف کے بدعتی کو قصداً امام بنانا نہیں چاہئے بلکہ اپنے میں سے جو اچھا شخص ہو اُس کو امام بنانا چاہئے:عن ابن عباسؓ قال:قال رسول اللّٰہ ﷺ:اجعلوا ائمتکم خیارکم فانهم وفدکم فیمابینکم وبین ربکم:

اور بوقتِ ضرورت اگر بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ لے تو جائز ہے، مثلا: وہ حاکم یا رئیس ہے اور اگر اس کا خلاف کرتے ہیں تو فتنہ اور فساد زیادہ ہو جاتا ہے۔

اور وعظ ونصیحت کے سننے اور سنانے کا فائدہ یہی ہے کہ ہدایت ہو، لوگ شرک وبدعت اور معاصی سے بچیں، توحید واتباعِ سنت کو لازم پکڑیں، اور ظاہر ہے کہ بدعتی مولویوں کے وعظ سے بجائے ہدایت کے گمراہی پھیلتی ہے، ان کے بدعتی وعظ سے لوگ گمراہ ہوتے ہیں، بدعت میں مبتلاء ہوتے ہیں، سنت کو چھوڑ دیتے ہیں اور طرح طرح کی خرابیاں ہوتی ہیں:کمالا یخفی۔

رہا یہ خیال کہ بدعتی مولویوں کے وعظ کے اندر جو باتیں خلافِ قرآن وحدیث ہوں ان کو سامعین خیال میں نہ لادیں اور باقی باتوں کو خیال میں لادیں، صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ ہر شخص کو اس کی تمیز نہیں کہ کون سی بات قرآن وحدیث کے

خلاف ہے اور کون موافق ۔اور جس کو اس کی تمیز ہوا سے خلاف اور ناحق اور منکر باتوں کو سن کرا نکار کرنا چاہئے ، ہاتھ سے یا زبان سے یا دل سے ۔ہاتھ اور زبان سے انکار کی یہی صورت ہے کہ اس بدعتی واعظ کو بدعتی وعظ سے رُوکے اور دل سے انکار کی صورت یہ ہے کہ اس کی مجلسِ وعظ میں شریک نہ ہو ۔الحاصل بدعتی مولویوں کا بدعتی وعظ سننا نہیں چاہئے ۔

(فتاوی علماء حدیث:ج 1:ص 199)

اہل بدعت کی بدعت اگر حدِ کفر تک پہنچ جائے تو ان کے پیچھے نماز پڑھنا:

میں نہیں جانتا ہوں کہ اہل سنت میں بلکہ اہل اسلام میں کوئی صاحبِ علم اس بات کا قائل ہو کہ اہل بدعت واہل ہوا اگر چہ اس کی بدعت حدِ کفر و شرک تک پہنچتی ہو اور ضروریاتِ دین سے منکر ہو، اس کے پیچھے اقتداء جائز اور نماز پڑھنی صحیح ہے، جس قدر اقوال سلف صالحینؒ و کتب فقہیہ مذاہب اربعہ جو میری زیر نظر ہیں: کہ اُنھم یک زبان: اس پر متفق ہیں کہ عقائد کفریہ والے کے پیچھے نماز پڑھنی صحیح نہیں ۔اس جگہ پر نمونہ از خروارد یکی از ہزار نقل کرتا ہوں ۔منصف مزاج وعدالت پسند کو اسی قدر کافی ہیں:

1.....امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک جہمی و رافضی کے پیچھے نماز پڑھنی اور یہودی و نصرانی کے پیچھے نماز پڑھنی برابر جانتا ہوں ، نہ ان کو سلام کیا جائے ، نہ بیمار پُرسی کی جائے ، اور نہ ان سے نکاح کیا جاوے ، نہ گواہ بنایا جاوے ، اور نہ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ کھایا جاوے ۔

2.....محقق ابن الہمام فتح القدیر میں لکھتے ہیں کہ اہل ہوا کے پیچھے نماز جائز ہے سوائے قدریہ و جہمیہ و روافض غالیہ اور خلق قرآن کے قائل اور خطابیہ اور مشبہ کے ،غرض کہ اہل قبلہ کی بدعت اگر حدِ کفر تک نہ پہنچی ہو تو ان کے پیچھے نماز مع الکراہتہ جائز ہے اور شفاعت و دیدار الٰہی و کراماً کاتبین وعذاب قبر کے منکر کے پیچھے نماز نا جائز ہے، اس لئے کہ وہ کافر ہے ۔

3.....ممدوح حاشیہ شرح وقایہ میں ہے کہ فاسق مبتدعی کے پیچھے نماز پڑھنی مکروہ تحریمی ہے، اور اگر بدعتی کی بدعت کفر تک پہنچتی ہو تو اس کے پیچھے مطلقاً نماز جائز نہیں ۔

4.....منہاج میں ہے کہ اگر نماز پڑھانے کے بعد معلوم ہو جاوے کہ امام عورت یا کافر معلن تھا تو نماز کا اعادہ واجب ہے، کیونکہ کافر نماز کا اہل نہیں قولِ صحیح و مذہب جمہور یہ ہی ہے کہ کافر معلن ہو یا مخفی اعادہ واجب ہے ۔

5.....تقی الدین محمد بن شیخ الاسلام احمد حنبلی منتہی اور اس کا شارح شرح میں لکھتے ہیں کہ گونگے اور کافر کے پیچھے

نماز صحیح نہیں ۔کو نگے کے پیچھے اس لئے صحیح نہیں کہ وہ قراءت جو فرض ہے ادا نہیں کر سکتا،اور کافر کے پیچھے اس لئے صحیح نہیں کہ اس کے واسطے اپنی نماز صحیح نہیں تو غیر کے واسطے کیونکر صحیح ہو سکتی ہے؟اصلی کافر ہو یا بدعت وغیرہ کی وجہ سے کافر ہو گیا ہو۔

یہ روایات تو دریا سے قطرہ ہیں،اگر تمام نقل کی جاویں تو ایک بڑی کتاب بن جاوے گی،غرض یہ کہ احقر کو آج تک معلوم نہیں کہ اہل سنت والجماعت بلکہ اہل اسلام میں کوئی بھی اہل علم اس بات کا قائل ہو کہ اہل بدعت (اگر چہ اس کی بدعت حدِ کفر او رارتداد تک پہنچی ہو) ان کے پیچھے نماز جائز ہے۔

تعجب ہے کہ اسلام جو صحتِ نماز وغیرہ اعمال کے واسطے شرط ہے اس کا تو کچھ اعتبار ہی نہ ہو اور پاکی بدن و جامہ پر نماز کا دارومدار رہو۔نماز کی فرضیت کا اقرار تو صحتِ نماز کے واسطے شرط ہو اور اللہ تعالی جل شانہ کی توحید و تقدیس وصفات کا اقرار نہ ہو۔امام کی نجاست بدن یا کپڑے سے تو مقتدی کی نماز فاسد اور باطل ہو،اور عقیدے کی نجاست و خباثت سے جو بحکمِ آیتِ کریمہ:أولئك الّذين حبطت اعمالهم في الدّنيا والآخرة: موجب حبطِ اعمال ہے اس سے مقتدی کی نماز کو نقصان ہی نہ ہو۔

واللہ!خاکسار نے کتب اسلامیہ کی کسی کتاب میں یہ فرق نہیں دیکھا کہ امام کے اعتقادات اگر چہ کفریہ ہی ہوں مقتدی کی نماز کو ضرر نہیں دیتے اور اگر افعال شرائط نماز میں قصور کریں تو مقتدی کی نماز ہوتی بلکہ بالعکس روایات موجود ہیں۔(فتاوی علماء حدیث:ج1:ص189)

مجتہد العصر حافظ عبداللہ محدّث روپڑی کا فتوی

رافضی کے پیچھے نماز پڑھنا، ان سے سلام مصافحہ کرنا، ان کے ساتھ نکاح کرنا، اِن لوگوں سے میل ملاپ رکھنا:

سوال: رافضیہ بلاتفضیلیہ، معتزلہ، جہمیہ، قدریہ، مرزائیہ، چکڑالویہ وغیرہ وغیرہ فرقے..... یہ قطعی کافر ہیں یا نہیں؟ نماز میں ان کی اقتدا اوران سے سلام مصافحہ کرنا روا ہے یا نہیں؟ ان کی ورثہ مسلمان کو یا مسلمان کی وراثت ان کو پہنچتی ہے یا نہیں؟ اور مسلمان عورت کو اِن کے ساتھ نکاح کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اگر مسلمان عورت کا خاوند اِن فرقوں میں داخل ہو جائے، مذہب اہل سنت والجماعت بدل لیوے تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟ بغیر طلاق کے وہ دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟

جواب: اِن فرقوں کے گمراہ، زندیق، ملحد، بدعتی ہونے میں تو کوئی شبہ نہیں، البتہ کافر ہونے میں تفصیل ہے۔ مرزائیہ، چکڑالویہ یہ تو بے شک کافر ہیں۔ معتزلہ، جہمیہ، قدریہ، جبریہ بھی تقریباً ایسے ہی ہیں، لیکن صاف کافر کہنا ذرا مشکل ہے۔ رافضیہ میں سے غالی قطعاً کافر ہیں، جو سیدنا صدیق اکبرؓ وغیرہم کو مرتد کہتے ہیں، اور زیدیہ کافر نہیں، جن کا عقیدہ ہے کہ سیدنا صدیق اکبرؓ کی امامت خطا نہیں ہے، مگر حضرت علیؓ افضل ہے اور حضرت عثمانؓ کے بارے میں ساکت ہے نہ اچھا کہتے ہے نہ بُرا۔

رہاان لوگوں سے میل ملاپ تو یہ بالکل نا جائز ہے تفسیر ابن کثیر: جلد دوم: صفحہ 201 میں مسند احمد وغیرہ سے یہ حدیث شریف ذکر کی ہے کہ: جب تم متشابہ آیتوں کے پیچھے جانے والوں کو دیکھو تو اُن سے بچو۔

اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ ان لوگوں سے رشتہ ناطہ وغیرہ کرنا یا ویسے میل ملاپ رکھنا یا نماز میں امام بنانا اس قسم کا تعلق کوئی بھی جائز نہیں، بلکہ جو ان میں سے کافر ہیں، اگر اتفاقی طور پر ان کے پیچھے نماز پڑھ لی جائے یا غلطی سے ان کے ساتھ نکاح کا تعلق ہو گیا ہو تو نماز بھی صحیح نہیں اور نکاح بھی صحیح نہیں، نماز کا اعادہ کرنا چاہئے، بلکہ اگر نکاح پڑھا ہوا ہو، اور بعد میں ایسی بدعت کے مرتکب ہوئے جو حدِ کفر کو پہنچ گئی تو بھی نکاح خود بخود فسخ ہو جاتا ہے، طلاق کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: و لا تنکحوا المشرکین حتّٰی یؤمنوا: یعنی مشرک مردوں کو نکاح نہ دو۔ اور دوسری جگہ ہے: و لا تمسکوا ابعصم الکوافر: یعنی کافر عورتوں کے ساتھ نکاح مت رکھو۔

اگر اسی حالت میں مر جائیں تو مسلمان ان کے وارث نہیں اور یہ مسلمان کے وارث نہیں۔

(فتاوی الحدیث: ج1: ص1)

شیعہ کا جنازہ پڑھنا اور اِن کے لئے بخشش کی دعا مانگنا:

سوال: شیعہ کا جنازہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: شیعہ کے کئی فرقے ہیں، ایک زیدی کہلاتے ہیں، وہ سیدنا صدیق اکبرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کو گالی نہیں دیتے، نہ ان کو منافق کہتے ہیں، بلکہ صرف سیدنا علی المرتضیٰؓ کو سیدنا صدیق اکبرؓ و دیگر صحابہ کرامؓ پر فضیلت دیتے ہیں تو ایسے شیعہ کافر نہیں، ان کا جنازہ اگر کوئی پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں، لیکن اچھا نہیں، کیونکہ پھر لوگوں کے دلوں میں اِن کی نفرت نہیں رہتی، بلکہ ان کو اچھا سمجھنے لگتے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ تنبیہ کیلئے مقروض کا جنازہ نہیں پڑھتے تھے، زیدی شیعہ تو اس سے کئی درجہ بُرے ہیں، ان کا جنازہ بطریق اولیٰ نہ پڑھنا چاہئے۔ اور جو شیعہ سیدنا صدیق اکبرؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کو گالی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کا ایمان منافقانہ تھا (معاذ اللّٰہ) تو ایسے شیعہ کافر ہیں اور کافروں کے بارے میں قرآن مجید میں ارشاد ہیں: انّ اللّٰہ حرّمھما علی الکافرین: یعنی کافروں پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کردی ہے۔ اسی طرح مشرک کے بارے میں فرمایا ہے: انّہ من یّشرک باللّٰہ فقدحرّم اللّٰہ علیہ الجنّۃ: یعنی جو شرک کرے اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام کردی۔ جب جنت حرام ہے تو نماز جنازہ کس چیز کے لئے ہوگی؟

دوسری آیت میں ہے: ماکان للنّبیّ والّذین اٰمنوا ان یّستغفروا للمشرکین و لو کانوا

اولی قربیٰ من بعد ما تبیّن لهم انهم اصحٰب الجحیم: یعنی نبی کیلئے اور ایمان والوں کیلئے لائق نہیں کہ مشرکوں کیلئے بخشش مانگیں، خواہ ان کے رشتہ دار ہوں، جب ان کو معلوم ہو گیا کہ وہ دوزخی ہیں۔

یہ اس آیت میں مشرکوں کیلئے بخشش نہ مانگنے کی وجہ بتاتی ہیں، یعنی ان کو دوزخ سے کسی وقت نجات نہیں، پس جس شخص کی کسی وقت نجات کی اُمید نہ ہو، اس کیلئے بخشش کی دعا کرنی منع ہے۔ اور شیعہ مذکور چونکہ کافر ہے، اس کی نجات کی بھی اُمید نہیں۔ پس اس کی بابت بھی بخشش کی دعا منع ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ تقدیر سے انکار کرنے والے اُمت کے مجوسی ہیں، اگر بیمار ہو جائیں تو ان کی بیمار پُرسی نہ کرو، اگر مر جائیں تو اِن کے کفن دفن اور جنازہ میں حاضر نہ ہو۔

جیسے تقدیر کے منکروں کو اس حدیث شریف میں اُمت کے مجوسی قرار دیئے ہے، اسی طرح شیعہ کو ایک اور حدیث میں اس اُمت کے نصاریٰ قرار دیئے ہے۔ مشکوٰۃ شریف باب مناقب حضرت علیؓ میں حدیث ہے:

حضور اکرم ﷺ نے حضرت علیؓ کو فرمایا: تیری مثال حضرت عیسٰی علیہ السلام کی طرح ہے، یہود نے اس سے بغض رکھا یہاں تک کہ ان کی ماں پر بہتان باندھا اور نصاریٰ نے ان سے محبت کی، یہاں تک کہ ان کو اس مرتبہ تک پہنچا دیا کہ جو اس کے لائق نہ تھا، یعنی ایک بغض میں ہلاک ہو گئے ایک محبت میں۔ حضرت علیؓ نے فرمایا مجھ سے محبت میں افراط کرنے والا بھی ہلاک ہو جائے گا، جس کو میرا بغض بہتان پر آمادہ کرتا ہے۔ سو یہ پیشن گوئی ہو کر ہی رہی۔ خارجی حضرت علیؓ سے بغض رکھتے ہیں، گویا کہ وہ اس امت کے یہود ہے اور شیعہ محبت میں افراط کرتے ہیں یہاں تک کہ حضرت علیؓ کی محبت کی وجہ سے سیدنا صدیق اکبرؓ سے بغض رکھتے ہیں، تو گویا کہ شیعہ اس امت کے نصاریٰ ہوئے۔

پس جیسے قدریہ کا جنازہ جائز نہیں، کیونکہ وہ اُس اُمت کے مجوسی ہیں، اِسی طرح شیعہ اور خارجی کا بھی جنازہ جائز نہیں، کیونکہ وہ اِس اُمت کے یہود و نصاریٰ ہیں۔ جس امام نے جنازہ پڑھا ہے، اُس کو امامت سے معزول کر دینا چاہئے، اس لئے کہ اس نے ایک کافر کا جنازہ پڑھا دیا۔ (فتاوی الحدیث: ج2: ص446)

غیر مسلم کے لئے قرآن مجید کا تعویذ دینا:

سوال: غیر مسلم کو ایسا تعویذ دینا جس میں قرآن مجید کے الفاظ بسم اللہ وغیرہ ہوں، جائز ہے یا نہیں؟

جواب: اس سے پرہیز کرنا چاہئے۔ حدیث شریف میں ہے کہ دشمن کی زمین میں قرآن مجید نہ لے جاؤ، ایسا نہ ہو کہ وہ اس کی بے ادبی کرے، اور آیت کریمہ: لا یمسّه الا المطهّرون: میں اس کی مؤید ہے کہ کافر کا ہاتھ

قرآن مجید کو نہ لگنا چاہئے۔(فتاوی الحدیث:ج1:ص201)

غیر مسلموں کو تہواروں میں مٹی کے برتن بنا کر دینا:

سوال: ایک شخص کمہار ہے،تمام گاؤں میں اس کی سیپی ہے،ہر طرح کے برتن بنا کر لوگوں کو دیتا ہے۔اب عرض یہ ہے کہ ہندو کے تہواروں میں بعض برتن مستعمل ہوتے ہیں،جیسے دیوالی میں چراغ جلائے جاتے ہیں۔کیا شریعت محمدی میں ایسا فعل جائز ہے؟

جواب: بلوغ المرام میں حدیث شریف ہے کہ:جو شخص انگور رُوک رکھے تا کہ ایسے لوگوں کے پاس فروخت کرے جو ان کی شراب بنائیں،تو وہ دانستہ آگ میں داخل ہو گیا۔

اس سے معلوم ہوا کہ دیوالی کی خاطر برتن بنانا اور ہنود کے پاس فروخت کرنا جائز نہیں۔

(فتاوی الحدیث:ج1:ص242)

قربانی میں سب حصہ داروں کا اہل توحید ہونا ضروری ہے:

سوال: قربانی کی گائے میں ساتھ اور اونٹ میں دس آدمی شریک ہوں،تو کیا اُن سب کا مسلمان ہونا ضروری ہے؟اگر چند حصہ دار موحد،نمازی ہوں اور ان کے ساتھ چند مشرک بھی ہوں،تو کیا اس صورت میں اہل توحید کی قربانی صحیح ہوگی؟

جواب: ایک جانور کی جان ایک ہے،چاہئے تھا کہ ایک گائے،ایک ہی شخص یا گھر کی طرف سے قربانی ہو،کیونکہ قربانی خون بہانے کا نام ہے،گوشت کے حصوں کا نام نہیں وہ تو انسان خود ہی کھالیتا ہے،اور جان بکری،دُنبے اور گائے کی ایک ہی ہے،پس گائے کا ساتھ کا قائم مقام ہونا محض خدا تعالیٰ جل شانہ کی مہربانی ہے،اس لئے قربانی میں شریک بھی ایک ہی قسم کے ہونے چاہئے،یعنی سب موحد مسلمان ہوں،مشرک نہ ہوں۔

(فتاوی الحدیث:ج2:ص424)

شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی کا فتوی

(فاضل مدینہ یونیورسٹی)

شیعہ سے اظہارِ بغض ہونا چاہئے:

سوال: اہل تشیع کے بارے میں اجمالی طور پر ہمارا عقیدہ کیا ہونا چاہئے؟

جواب: شیعہ سیدھی راہ سے برگشتہ ایک قوم ہے، جو غالی اور غیر غالی افراد کا مجموعہ ہے۔ اسی اعتبار سے اُن سے اظہارِ بغض ہونا چاہئے۔(فتاوی ثنائیہ مدنیة:ج1:ص495)

مصائب ومشکلات میں :یا علیؓ مدد: کہنا:

سوال: بعض لوگ مشکل وقت میں :یا علیؓ مدد: کے کلمات ادا کرتے ہیں۔ کیا یہ کہنا درست ہے؟

جواب: مصائب ومشکلات میں اس طرح کے الفاظ کہنا شرک ہے۔ متعدد قرآنی آیات میں ہے کہ اللہ تعالی جل شانہ کے علاوہ کوئی مشکل کشا نہیں۔(فتاوی ثنائیہ مدنیة:ج1:ص513)

شیعوں کو زکوۃ ،فطرانہ اور خیرات دینا:

سوال: سورۃ الضحیٰ: میں ہے کہ سائل کو نہ جھڑکیں۔ کچھ سائل تو گھنٹی بجاتے ہیں، کچھ زور زور سے دروازے پر دستک دیتے ہیں اور کچھ خاص دن جمعرات کو آتے ہیں۔ان میں سے کچھ کی صدا ہوتی ہے: جمعرات دی روٹی دا سوال اے بابا: دوسرے دنوں میں کچھ کی صدا ہوتی ہے: مولا علی رنگ لادے دوارے وسدے رہن: کچھ کی صدا ہوتی ہے: حسن حسین دے ناں دا سوال اے پتر۔

الغرض پورا ہفتہ اسی قسم کے گداگروں کی ریل پیل رہتی ہے۔ایسوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے جو ایسے طریقے سے پیٹ پالتے ہیں؟ میں نے حدیث میں پڑھا ہے کہ: تیرا کھانا پرہیز گار ہی کھائے۔

کیا ایسے لوگوں کو خیرات دینی چاہئے؟ جواز کی صورت میں انہیں صدقۃ الفطر اور قربانی کا گوشت دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

جواب: اسلامی آداب سے ناواقف اور غلط عقیدے کے حامل شخص کو بطریق احسن سمجھانا چاہئے: قال اللّٰہ تعالیٰ: لعلّه یزّکّی ،او یذّکّر فتنفعه الذّکری:

اور جو سمجھانے سے بھی باز نہ آئے ایسے غیر اللہ کے نام پر مانگنے والوں کو ہرگز نہیں دینا چاہئے۔رہا معاملہ فطرانہ (زکوۃ الفطر) کا تو یہ فرض ہے، اس میں صرف کوشش نہیں کرنی چاہئے بلکہ دوسروں کو دینا جائز نہیں۔حدیث حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے: تؤخذ من اغنیاء هم وتردعلیٰ فقرائهم: زکوۃ مسلمان اغنیاء سے لے کر مسلمان فقراء کو دی جاتی ہے۔

لہذا سوال کرنے والا اگر عقیدۃً تو حیدوالا نہیں اور نمازی نہیں تو اسے فطرانہ نہیں دینا چاہئے، خواہ وہ قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو، اس لئے کہ یہ خاص طور پر مسلمانوں کا حق ہے۔(فتاوی ثنائیہ مدنیة: ج 1: ص 442)

محرم میں شادی کرنا:

سوال: ماہ محرم خصوصاً یکم محرم تا 10 محرم میں عام طور پر شادی بیاہ نہیں کی جاتی۔کیا اس کی کوئی شرعی حیثیت ہے؟

جواب: ماہ محرم میں شادی کرنا، کتاب وسنت میں منع کی کوئی دلیل نہیں۔یہ صرف جہلائے اُمت کا من گھڑت خود ساختہ مسئلہ ہے۔(فتاوی ثنائیہ مدنیة: ج 1: ص 609)

مسلمان عورت کا غیر مسلم ججوں کی جیوری میں شامل ہونا:

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ: از روئے شرع کیا کسی مسلمان جوان عورت کو غیر مسلم مرد ججوں کی جیوری میں شامل ہو کر عدالتی فیصلے کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ جبکہ وہ عورت قانون اور شریعت کا علم بھی نہ رکھتی ہو؟

جواب: شرعاً عورت کیلئے ویسے ہی جائز نہیں کہ عہدۂ قضاء پر فائز ہو، چہ جائیکہ غیر مسلم ججوں کے ساتھ بیٹھ کر فیصلے کرے۔ مزید آنکہ قانون و شریعت سے عدمِ واقفیت بھی اہم ترین موانع سے ایک مانع ہے۔ اہل علم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عورت قصاص و حدود میں گواہی نہیں دے سکتی تو پھر وہ جج کیسے بن سکتی ہے؟

(فتاوی ثنائیہ مدنیۃ: ج1: ص256)

تعلیمی اداروں میں غیر مسلم نصاب داخل کرنا اور غیر مسلم اساتذہ مقرر کرنا، اسلامی ملک میں غیر مسلم اقلیتوں کے طلبہ کو سرکاری خرچہ پر خلافِ اسلام تعلیم دینے کی اجازت دینا، معصوم بچوں کو غیر مسلموں کے اداروں میں داخل نہ کرے:

سوال: اِن دنوں تعلیمی اداروں میں عیسائی طلبہ کو اسلامیات کے تبادلہ میں اخلاقیات یا سوکس پڑھنے کی سہولت ہے۔ عیسائیوں کو شکایت ہے کہ یہ مضامین خشک ہیں، طلبہ ان میں تھوڑے نمبر حاصل کرتے ہیں اور نتیجتاً میرٹ سے رہ جاتے ہیں۔ آئینی طور پر شہری کو برابر کا حق حاصل ہے اور حکومت اقلیتوں کی پابند ہے۔

اندریں حالات عیسائیوں نے لاہور ہائی کورٹ میں رٹ دائر کی ہے کہ ان کی مقدس کتاب بائبل کو نصاب تعلیم میں داخل کیا جائے۔ عیسائی طلبہ اس مضمون میں 80 تا 95 فیصد نمبر حاصل کر کے میرٹ پر پورے اُتر سکیں گے۔ بائبل پڑھانے کیلئے ایک لاکھ عیسائی اساتذہ رکھے جائیں گے۔ اس سے یہ: روحانی: فائدہ بھی ہوگا کہ متواتر دس سال بائبل پڑھنے کے بعد طالب علم مکمل مسیحی ہو کر نکلے گا۔

1..... جناب کی خدمت میں اس موضوع پر اسلامی موقف واضح فرمانے کی درخواست ہے؟

2....کیااسلامی شریعت میں،اسلامی پاکستان کے اندر عیسائی ،ہندو ،بدھ،سکھ،پارسی،قادیانی اقلیتوں کے طلبہ کوسرکاری خرچہ پراور باقاعدہ نصاب تعلیم کےطور پران کی مذہبی کتب کی کفروشرک بھری اور خلافِ اسلام تعلیم دینے کی اجازت ہے؟

3....کیااسلامی مملکت میں مذہبی اقلیتوں کا یہ حق مسلّم ہے؟

جواب: 1....زمانۂ نبویﷺ اورخلافت راشدہؓ کےادوار پرغوروخوص کرنے سے یہ بات کھل کر سامنے آجاتی ہے کہ یہودونصاریٰ اور دیگرغیرمسلم اقوام کادینی مناہج تعلیم وتدریس کے ساتھ کسی قسم کاتعلق یاواسطہ نہ تھا،بلکہ مختلف ادوار میں ان کے تعلیمی ادارے،مدارس ومعاہدوغیرہ جداگانہ حیثیت کے حامل تھے،نہ غیرمسلم طلبہ کامسلم طلبہ سے اختلاط تھااور نہ ہی غیرمسلم اساتذہ کبھی اسلامی مدارس میں بطور معلم مقرر ہوئے۔

امتیازی تہذیب وتمدن اورعقائدی افتراق کاتقاضا یہی ہے،لیکن بعد میں مرورزمانہ سے ہوایہ کہ استعماری عناصر اوراس کے پروردہ اور زرخرید ملحدانہ نظریات کے پرچار کرنے والے اشخاص نے باقاعدہ منظم سازش کے تحت اسلام کے نام پراسلامی ثقافت کا حلیہ بگاڑنے میں کوئی کسرنہیں اُٹھارکھی،اس کے نتیجہ میں سادہ لوح مسلمان صراط مستقیم سے بھٹک کرمنزل مقصوداور جادۂ حق سے کوسوں دُور ہوتا چلاگیا۔یہاں تک کہ واپسی کی راہیں مسدودنظر آنے لگی۔

اہل دانش کے ہاں مقولہ معروف ہے کہ انگریز پاک وہند کوچھوڑ کر چلا گیا لیکن تعلیم وتعلّم اورتہذیب وثقافت کی صورت میں ذہنی غلامی ورثہ میں چھوڑ گیا۔اس سے نجات حاصل کرنا جوئے شیرلانے سے کم نہیں۔اس کے گماشتے نصف صدی سے نظام تعلیم پرقابض ہیں جس کسی نے ان کے آڑے آنے کی کوشش کی اسے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔

آج کے انحطاطی دورمیں اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ کوئی مرد مجاہد آگے بڑھ کرموجودہ سیکولر نظام میں انقلاب برپا کرکےاس کارُخ مکہ اور مدینہ کی صاف شفاف فضا کی طرف موڑے تاکہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے بندے دنیاوی واُخروی سعادتوں سے بہرہ ور ہوسکیں۔

لہٰذا بنیادی طور پر جدوجہداس امر کی ہونی چاہئے کہ معصوم مسلم بچے کوکفر کی مقاربت سے دُور رکھنے کی کوشش کی جائے تاکہ غیرمرئی جراثیم سے محفوظ ومامون رہ سکے۔اس لئے کہ انسانی فطرت میں یہ شئی مرکوز ہے کہ بیرونی اثرات سے متأثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔حدیث شریف:لتتبعن سنن من قبلکم شبرا بشبر: میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے۔

اس بناء پرحافظ ابن حجرؒ نے فرمایا ہے کہ :راسخین فی العلم:کےماسوا عامۃ الناس کیلئے یہود ونصاریٰ کی

محرّف ومبدّل کتابوں کا مطالعہ کرنا ممنوع ہے۔ چہ جائیکہ اسلامی ماحول میں بائبل کی تدریس کی اجازت مرحمت کر کے مخالفینِ اسلام کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

میرے خیال میں اصلاً ارباب اقتدار سے یہ مطالبہ ہونا چاہئے کہ قطع نظر آئین سے اقلیتوں کی شہری آزادی اور حقوق اسی طرح متعین کئے جائیں جس طرح کہ اوائل اسلام میں حاصل تھے: الخیر کل الخیر فی الاتباع والشر کل الشر فی الابتداع: اس طریق سے موجودہ اُلجھن اور بگاڑ کا حل خود بخود نکل آتا ہے۔

2.....اسلامی نقطہ نظر سے کسی فرد کو ہرگز اس بات کی اجازت نہیں کہ اسلامی بیت المال کو کفریہ افکار کی ترویج وتشہیر میں ضائع کرے۔ قیامت کے روز ایسے لوگ اللہ تعالیٰ جل شانہ کے ہاں جوابدہ ہیں۔

وائے افسوس!

ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ اسلامی خزانہ غلبہ دین کے مصارف میں خرچ ہوتا لیکن غلط کار لوگوں کے ہاتھ چڑھنے کی وجہ سے اُلٹا چکر چل رہا ہے، اپنے جوتے اپنے سر والا حساب بنا ہوا ہے۔

3.....اسلامی مملکت میں اس قسم کے حقوق کا تصور تک موجود نہیں، یہ کیسے ممکن ہے کہ اسلام اپنے ماننے والوں کے خلاف کفر وشرک کو مسلح کرے۔ اسلام نے تو اس بات سے سختی سے روکا ہے کہ کفار کے ہاتھ اسلحہ مت فروخت کیا جائے، کہیں ایسا نہ ہو کہ کل یہی اسلحہ اسلام کے خلاف استعمال ہونے لگے (فتاوی ثنائیہ مدنیۃ: ج1: ص432)

کافر کی موت پر اظہارِ افسوس کرنا:

ایک کافر، مشرک کی موت پر: انا للہ وانا الیہ راجعون: پڑھنا یا اظہار کا افسوس نہیں کرنا چاہئے۔ قرآن مجید نے فرعون اور اس کی قوم کی ہلاکت کا تناظر بیان فرمایا ہے: فمابکت علیھم السمآء والارض وما کانوا منظرین: پھر اُن پر نہ تو آسمان اور زمین کو رونا آیا اور نہ اُن کو مہلت دی گئی۔ پھر مومن کیلئے کیسے لائق ہے کہ کافر کی موت پر افسوس کا اظہار کرے.....؟ ہرگز نہیں۔

اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا: قال ابولھب (علیہ لعنۃ اللّٰہ) للنّبیّ ﷺ: تبالک سائر الیوم، فنزلت: تبت یدا ابی لھب وّتب: یعنی ابولہب نے (اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو) نبی کریم ﷺ کو کہا تھا: تبالک سائر الیوم:

اس سے معلوم ہوا کہ کافر کے فقدان پر افسوس کی بجائے اظہارِ راضی ہونا چاہئے۔ دوسری روایت میں ہے

حضرت علیؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کی: آپ ﷺ کا گمراہ چچا ابوطالب مر گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اسے دفن کردے۔ کوئی نیا کام مت کرنا حتیٰ کہ تُو میرے پاس آئے۔ پس میں گیا اس کو دفن کرکے واپس آیا تو آپ ﷺ نے مجھے غسل کا حکم دیا اور میرے لئے دعا فرمائی۔

اگر کافر کی موت پر اظہارِ افسوس روا ہوتا تو حضور اکرم ﷺ خواہ ادنیٰ سے ادنیٰ الفاظ میں کرتے، یہاں ضرور کرتے، کیونکہ ابوطالب نے دنیاوی زندگی میں حضور اکرم ﷺ کا بھرپور ساتھ دیا تھا، ابوطالب ہی نے حضور اکرم ﷺ کو کہا تھا:

فاصدع بامرك ماعليك غضاضة، حتّٰى اوسد فی التراب دفينا

ترجمہ: یعنی جب تک قبر کی مٹی میرا تکیہ نہیں بن جاتی لوگوں تک اپنا پیغام دل کھول کر پہنچا دیجئے۔

(فتاوی ثنائیه مدنیة: ج1: ص511)

ابوالحسن مبشر احمد ربانی کا فتوی

ماتم اور شبیہوں کی شرعی حیثیت:

سوال: کیا مصیبت کے وقت بے صبری کا مظاہرہ کرنا، گریبان چاک کرنا، اپنے سینے پر تھپڑ مارنا اور تعزیہ وشبیہہ لے کر بازاروں میں نکلنا قرآن وسنت اور ائمہ اہل بیتؑ سے ثابت ہے؟

جواب: اللہ تعالی جل شانہ نے قرآن پاک میں مصیبت کے وقت صبر کی تلقین کی ہے۔ اور گریبان چاک کرنا، سینہ کوبی کرنا وغیرہ صبر کے خلاف ہے۔ ارشاد باری تعالی ہے: اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لو۔ بے شک اللہ تعالی صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ (سورۃ البقرہ: آیت 153)

انسان کو احکام شریعت پر عمل کرنے میں جو دشواریاں پیش آتی ہیں اور مصائب وآلام برداشت کرنے پڑتے ہیں۔ صبر وصلوۃ ان مشکلات کا مقابلہ کرنے کیلئے بہترین معاون ہیں۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آتا ہے: مؤمن کے لئے ہر حال میں بہتری ہے، تکلیف کی حالت میں صبر کرتا ہے اور خوشحالی میں شکر گزار رہتا ہے۔

اس آیت کے بعد والی آیت میں اللہ تعالی نے جہاد کے احکامات اور مؤمنین کی آزمائش کا ذکر کیا ہے کہ: جو لوگ اللہ تعالی کی راہ میں شہید ہو جائیں انہیں مردہ مت کہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے اور البتہ ہم آزمائیں گے تم کو کسی ایک چیز کے ساتھ، ڈر سے اور بھوک سے اور مالوں اور جانوں اور پھلوں کی کمی کے ساتھ اور صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجئے جب ان کو کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ انا للّٰہ وانا الیہ راجعون: کہتے ہیں۔ (سورۃ البقرہ: آیت 104 تا 106)

مندرجہ بالا آیات سے معلوم ہوا کہ مؤمن آدمی کو اللہ تعالی جل شانہ مختلف طریق سے آزماتا ہے، کبھی خوف وڈر کے ذریعے، کبھی جانوں اور مالوں کی کمی کے ذریعے اور کبھی پھلوں کے نقصانات سے۔

ایمان دار آدمی کو جب اِن تکالیف میں سے کوئی تکلیف پہنچے تو وہ بے صبری نہیں کرتا بلکہ صبر کے ساتھ ان

مصائب کو برداشت کرتا ہے، جو لوگ پریشانی یا مصیبت دیکھ کر بے صبری کریں اور واویلا برپا کردیں، گریبان چاک کریں، بال نوچیں وہ نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق اُمت محمد ﷺ سے نہیں ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے رخسار پیٹے اور گریبان چاک کیا اور جاہلیت کے واویلے کی طرح واویلا کیا وہ ہم میں سے نہیں۔

عشرہ محرم میں جو لوگ حضرت علیؓ، حضرت حسینؓ اور حضرت حسنؓ کا نام لے کر گلی کوچوں میں نکلتے ہیں اور گریبان چاک کرتے ہیں، سینہ کوبی کرتے ہیں، ان کا یہ عمل قرآن وسنت کے خلاف ہونے کے علاوہ ائمہ اہل بیتؓ اور مجتہدین فقہ جعفریہ کے فتاویٰ کے بھی خلاف ہے۔ ہماری معلومات کے مطابق یہ قبیح عمل 352 ہجری دس محرم الحرام کو بغداد میں معز الدولہ شیعہ کے حکم سے جاری ہوا ہے۔ اس سے قبل اس قبیح عمل کا نام ونشان نہیں ملتا۔

ہم فقہ جعفریہ کی معتبر کتاب سے چند روایات درج کرتے ہیں:

1۔۔۔حضور اکرم ﷺ نے حضرت فاطمۃ الزہراؓ سے فرمایا: جب میں مرجاؤں تو مجھ پر چہرہ نہ نوچنا اور نہ مجھ پر اپنے بال بکھیرنا اور نہ واویلا کرنا اور نہ مجھ پر نوحہ کرنا۔ (فروع کافی: کتاب النکاح: ص 228)

2۔۔۔امام جعفر صادقؒ نے فرمایا: میت پر چیخ وپکار اور کپڑے پاڑنا جائز نہیں۔

(فروع کافی: ج 1: ص 188)

3۔۔۔امام باقرؒ نے فرمایا: جس نے قبر کی تجدید کی یا کوئی شبیہ بنائی، وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔

(من لایضرۃ الفقیہ باب النوادر)

مندرجہ بالا فقہ جعفریہ کی روایات سے معلوم ہوا کہ فقہ جعفریہ میں بھی نبی کریم ﷺ، امام باقرؒ اور امام جعفر صادقؒ وغیرہ سے روایات موجود ہیں جو اس بات پر صراحتاً دلالت کرتی ہیں کہ مصیبت کے وقت بال بکھیرنا، چہرے پیٹنا، سینہ کوبی کرنا، واویلا کرنا، مرثیے پڑھنا، شبیہیں بنانا، قبروں کی تجدید کرنا ناجائز اور حرام ہیں۔

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ج 1: ص 516)

ماہِ محرم کی بدعات اور اُن میں شرکت کرنے کا حکم:

سوال: ماہِ محرم الحرام میں تعزیہ نکالنا، غازی عباس کے نام کا پنجہ نکالنا، ڈولی بنانا، عورتوں کا بازاروں میں مردوں کے ساتھ مل کر سینہ کوبی کرنا وغیرہ شرعاً کیسا ہے؟ کتاب وسنت کی رو سے واضح کریں۔

جواب: عشرہ محرم الحرام کے اندر یہ اُمور جو سرانجام دیئے جاتے ہیں، سراسر بدعت اور ناجائز ہیں۔حضور اکرم ﷺ کے چند ارشادات ملاحظہ ہوں:

1.....حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہمارے اس دین میں کوئی نئی چیز ایجاد کی، وہ مردود ہے۔(بخاری شریف: 2697)

2.....جس نے ایسا کام کیا جس پر ہمارا حکم نہیں وہ مردود ہے۔(صحیح مسلم: 1718)

3.....بے شک سب سے بہترین حدیث اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، سب سے اچھی سیرت محمد ﷺ کی سیرت ہے، اور سب سے بدترین کام نئے ایجاد کردہ (بدعات) ہیں۔بے شک جو تم وعدہ دیئے گئے ہو آنے والا ہے اور تم (اللہ تعالیٰ جل شانہ) کو عاجز کرنے والے نہیں ہو۔(بخاری شریف: 7277)

4.....حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: یقیناً سب سے بہترین حدیث اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، سب سے بہترین راستہ محمد ﷺ کا راستہ ہے اور سب سے بدترین کام نئے ایجاد کردہ (بدعات) ہیں اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

مذکورہ بالا احادیثِ صحیحہ سے معلوم ہوا کہ ہدایت و راہنمائی طریق و راستہ صرف وہی حق ہے جس پر محمد ﷺ تھے اور جو کام محمد ﷺ کی سنت سے ثابت نہ ہو بلکہ خود تراشیدہ ہو وہ گمراہی و بدعت ہے۔

مذکورہ بالا اُمور حضور اکرم ﷺ سے ہرگز ثابت نہیں بلکہ حضور اکرم ﷺ نے تو چہرہ پیٹنے اور سینہ کوبی کرنے سے منع فرمایا ہے۔حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے رخسار پیٹے اور گریبان چاک کئے اور جاہلیت کے واویلے کی طرح واویلا کیا، وہ ہم میں سے نہیں۔(بخاری شریف: 1294)

اسی طرح نوحہ گری کے متعلق حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ: میری اُمت میں چار کام جاہلیت کے امر سے ہیں جنہیں ترک نہیں کریں گے۔**(1)** خاندانی وقار پر فخر کرنا۔**(2)** نسب ناموں میں طعن کرنا۔**(3)** ستاروں کے ذریعے پانی طلب کرنا۔**(4)** نوحہ گری کرنا۔(شرح السنہ: ج5: ص 437)

اسی طرح اس حدیث میں یہ الفاظ بھی ہیں: جب نوحہ کرنے والی نے اپنی موت سے پہلے توبہ نہ کی تو قیامت والے دن اس طرح اُٹھائی جائے گی کہ اس پر گندھک کا کرتہ اور خارش کی قمیص ہو گی۔

حضرت ابو بردہ اشعریؓ سے مروی ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو سخت تکلیف تھی کہ غشی طاری ہو گئی اور ان کا سر ان کے گھر کی کسی عورت کی گود میں تھا تو ان کے گھر سے ایک عورت چلائی، انہیں طاقت نہ تھی کہ اس عورت پر کوئی چیز لوٹاتے، جب افاقہ ہوا تو فرمایا:

جس چیز سے حضورا کرم ﷺ بیزار تھے میں بھی اس چیز سے بیزار ہوں، یقیناً حضور اکرم ﷺ مصیبت کے وقت آواز بلند کرنے والی، بال منڈانے والی اور کپڑے پھاڑنے والی سے بَری تھے۔

مذکورہ بالا احادیث صحیح سے معلوم ہوا کہ تعزیہ کے جلوس نکالنا، آہ وبکاہ کرنا، سینہ کوبی اور ماتم کرنا، مرثیئے کہنا اور نوحہ گری کرنا شریعت اسلامیہ میں ممنوع وحرام ہے۔

نوحہ گری کرنا یا شبیہ بنانا جیسا کہ غازی عباس کا علم اور رہاتھ وغیرہ بنانا شرعاً حرام ہے اور یہ ایسے اُمور ہیں جنہیں دین سمجھ کر اسلام میں داخل کر دیا گیا ہے۔ان رسمی جلوسوں، تعزیوں اور نوحہ گری پارٹیوں کا گلی بازاروں وغیرہ میں گھومنا اسلام سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا، بلکہ یہ بدعات خیر القرون کے بعد کی ایجاد ہیں۔

مذکورہ بالا تعزیہ وغیرہ بدعات کا رواج چوتھی صدی ہجری میں ہوا ہے اور اس کا بانی معز الدولہ بن بویہ شیعہ ہے، اس سے قبل اس بدعت کا کہیں نام ونشان تک نہ تھا۔

لہٰذا ایسی بدعات وخرافات سے مکمل اجتناب کرنا چاہئے اور ان جلوسوں اور تعزیوں میں شامل ہو کر ان کی حوصلہ افزائی نہیں کرنی چاہئے، بلکہ ان میں حاضری دینے والا گناہ پر تعاون کرتا ہے۔اس سے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے منع فرمایا ہے، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہیں: وتعاونوا علی البرّ والتّقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان:

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ج 2: ص 88)

غیر مسلموں سے سلام کا طریقہ:

سوال: غیر مسلموں سے سلام لینا جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر وہ سلام کہیں تو جواب کیسے دینا ہے؟

جواب: صحیح مسلم میں اللہ تعالیٰ جل شانہ کے رسول ﷺ کا فرمان ہے کہ: اہل کتاب (یہود ونصاریٰ) کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو اور جب تم میں سے کسی کو اُن میں سے کوئی راستے میں ملے تو اس کو تنگ حصہ کی طرف مجبور کرو۔

صحیحین میں حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں اہل کتاب سلام کہیں تو انہیں جواب میں صرف: وعلیکم: کہنا چاہئے، اس سے زیادہ جواب دینا درست نہیں۔

اور یہ بات مسلّم ہے کہ اہل کتاب دوسرے تمام کافروں سے بہتر ہیں، ان کی عورتوں سے نکاح بھی جائز ہے، مشرکین اور دہریہ ان سے بہت بدتر ہیں۔ جب اہل کتاب کو سلام کی ابتداء نہیں کر سکتا تو دوسرے کفار کو سلام میں پہل کرنا بالاولیٰ درست نہ ہوگا اور جواب میں: وعلیکم: سے زیادہ کہنا صحیح نہیں۔

(آپ کے مسائل اور اُن کا حل: ج 1: ص 494)

حافظ زبیر علی زئی کا فتوی

کفار اور مشرکین کے ذبیحہ کا حکم:

اس پر اجماع ہے کہ اہلِ اسلام، یہود اور نصاریٰ کے علاوہ تمام ادیان مثلاً ہندو، بدھ مذہب اور سکھ وغیرہ کفار ومشرکین کا ذبیحہ حرام ہے۔(فتاویٰ علمیہ:ج1:ص 92)

مرتد اور زندیق کے ذبیحہ کا حکم:

اس پر بھی اجماع ہے کہ مرتد اور زندیق کا ذبیحہ حرام ہے۔(فتاویٰ علمیہ:ج1:ص 92)

غیر مسلم کی وراثت:

صحیح بخاری وصحیح مسلم وغیرہما میں حضور اکرم ﷺ سے روایت ہے کہ: مسلم، کافر کا وارث نہیں ہوتا اور نہ کافر، مسلم کا (وارث ہوتا ہے)۔

اس حدیث کی شرح میں علامہ نوویؒ لکھتے ہیں کہ: جمہور صحابہ کرامؓ، تابعینؒ اور ان کے بعد والوں کے نزدیک مسلم، کافر کا وارث نہیں ہوتا۔

صحیح بخاری میں ہے کہ ابو طالب (جو کہ غیر مسلم فوت ہوا تھا) کے وارث عقیل اور طالب بنے کیونکہ اُس وقت وہ دونوں کافر تھے۔اور حضرت علیؓ اور حضرت جعفرؓ وارث نہیں بنے، کیونکہ وہ اُس وقت مسلمان تھے۔سیدنا فاروق اعظمؓ فرماتے تھے کہ کافر، مومن کا وارث نہیں بن سکتا۔

امام عبدالرزاق الصنعانیؒ نے صحیح سند کے ساتھ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ: مسلم، یہودی یا نصرانی کا وارث نہیں ہوتا۔

سنن ابی داؤد وغیرہ میں حسن سند کے ساتھ مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو مختلف ملتوں والے آپس

میں (کسی چیز میں بھی) وارث نہیں ہیں۔

شارحینِ حدیث اس کا یہ مفہوم بیان کرتے ہیں کہ: یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ دو مختلف ملتوں والے باہم وارث نہیں بن سکتے، چاہے وہ دونوں کافر یا ایک مسلم اور دوسرا کافر ہو۔ اور جمہور اس طرف گئے ہیں کہ دو ملتوں سے مراد کفر اور اسلام ہے۔ پس یہ اُس حدیث کی طرح ہے جس میں ہے کہ مسلم کافر کا وارث نہیں ہوتا۔

(تحقیقی اصلاحی اور علمی مقالات: ص 622)

توحید، رسالت صلی اللہ علیہ وسلم، قرآن کریم اور صحابہ کرامؓ وازواج مطہراتؓ کے بارے میں شیعوں کے کفریہ عقائد.....اِن کے ائمہ معصومین کے ارشادات اور اِن کے مستند ترین علماء ومجتہدین کے بیانات ملاحظہ فرمائیں.....!

چیلنج

شیعہ کے کفریات پر مشتمل اِن حوالہ جات میں
اگر ایک بھی حوالہ اصلی نہ ہو تو ایک ایک حوالہ پر
دس دس ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔
اور ہماری اس پیشکش کو دنیا کی کسی بھی
عدالت میں چیلنج کیا جا سکتا ہے۔

شیعہ اور عقیدۂ توحید وتوہین باری تعالیٰ جل شانہ

میرے محترم مسلمان بھائیو!

حضرات اہل سنت کا بنیادی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ ہر قسم کے شرک سے پاک اور ہر نقص سے مبرا ہے، اور اللہ تعالیٰ جل شانہ کے ساتھ ذات اور صفات میں کسی کو اِس کا شریک ٹھہرانا شرک کہلاتا ہے اور ایسا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ اس کے برخلاف اللہ تعالیٰ کے ساتھ شیعوں کا عقیدہ ملاحظہ فرمائیں۔

(1) رب علیؓ ہے، قرآن نے جس کو رب کہا وہ ساقی کوثر علی ہیں۔(جلاء العیون:ج:2:ص 66)

(2) حالات کے مطابق علیؓ کو مصائب میں پکارنا سنت انبیاء وقرآن ہے۔(جلاء العیون:2:ص 66)

(3) متعہ پروردگار کی سنت ہے۔(تفسیر منهج الصادقین:ج:2:ص 494)

(4) خدا جب راضی ہوتا ہے تو فارسی میں باتیں کرتا ہے، خدا جب ناراض ہوتا ہے تو عربی میں باتیں کرتا ہے۔(تاریخ اسلام:ص 163: مصنف: علامہ محمد بشیر انصاری)

(5) علیؓ سے مدد مانگنا شرک نہیں بلکہ سنت خاتم الانبیا ﷺ ہے۔
(ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور:ص 41)

(6) خدا نے جبرائیل کو علیؓ کی طرف بھیجا وہ غلطی سے محمد ﷺ کی طرف چلے گئے، خدا تعالیٰ، نبی ﷺ اور علیؓ وفاطمہؓ اور حسنؓ وحسینؓ میں اُتر آیا اور علیؓ الٰہ ہے۔(تذکرۃ الائمہ:ص 53)

(7) علیؓ اور ان کے بعد حسنؓ، حسینؓ امام ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کی اطاعت فرض کی یہی اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ کا دین ہے۔(الشافی:ص 24)

(8) حضرت علیؓ اسمائے حسنہ ہے، جنت وجہنم کا مالک ہے، تمام لوگ اس کی طرف لوٹ کر آئے گے، تمام مخلوق اسے حساب دے گا۔(بصائر الدرجات:ص22)

(9) جس نے علیؓ کی امامت کا اقرار نہیں کیا، خدا کی وحدانیت کا اس کا اقرار درست نہیں ہے اور وہ مشرک ہے۔(ترجمہ حیات القلوب:ج3:ص233)

(10) حضورﷺ، فاطمہؓ اور بارہ آئمہ کرام یہ چودہ حضرات وہ ذات ہیں جو خالق کائنات کی طرح بے مثل و بے نظیر ہیں۔(چودہ ستارے:ص2)

(11) نہ ہم اس رب کو مانتے ہیں نہ اس رب کے نبی کو مانتے ہیں جس کا خلیفہ ابوبکر ہو۔

(الانوار النعمانیہ:ج2:ص278)

شیعہ اور بداء کا عقیدہ

میرے محترم دوستو!

تمام اہل اسلام کا یہ قطعی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کا علم ازل وابد کو محیط ہے اور کوئی بھی ہونے والا واقعہ اس ذات سے مخفی نہیں اور اس ذات کے فیصلوں میں کبھی غلطی نہیں ہوئی اور نہ ہوتی ہے۔

بداء کے معنی ظہور و انکشاف کے ہیں، یعنی پہلے ایک چیز کا علم خدا تعالیٰ جل شانہ کو نہیں ہوتی، پھر وہ اس پر ظاہر ہوتی ہے، اور اس کا ظہور رجاتا ہے۔ بالفاظ دیگر (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ جل شانہ ایک چیز کو نہیں جانتا اور اس سے جاہل رہتا ہے پھر وہ چیز اس پر واضح ہو جاتی ہے اور اس کو اس کا علم ہو جاتا ہے۔

اس بداء کے عقیدہ کے پیش نظر شیعہ او ر امامیہ کا یہ مذہب معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک اللہ تعالیٰ جل شانہ کو جاہل جاننا ایک بہت ہی بڑی عبادت ہے کہ اس جیسی اور کوئی عبادت نہیں ہے۔ چنانچہ شیعہ مذہب کے معتبر کتب سے چند حوالہ جات عقیدۂ بداء کے بارے میں ملاحظہ فرمائیں:

(1) ہر نبی نے اللہ تعالیٰ کے متعلق بداء کا اقرار کیا۔ (اصول کافی: ج1: ص148)

(2) بداء کا عقیدہ رکھنے کے برابر اللہ تعالیٰ کی کوئی عبادت نہیں۔ (اصول کافی: ص84)

(3) امام محمد باقرؒ یا امام جعفر صادقؒ میں سے کسی ایک سے یہ روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور کسی چیز سے ایسی نہیں ہوتی جیسا کہ بداء کے عقیدہ سے ہوتی ہے۔ (اصول کافی: ص 228)

(4) حضرت علیؓ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ابو محمد کے بارے میں غلطی ہوئی، جیسے موسیٰ کے بارے میں غلطی ہوئی۔ (اصول کافی: ص304)

(5) امام رضا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہر نبی کو حرمتِ شراب اور بداء کے ماننے کا حکم دے کر بھیجا ہے۔ (اصول کافی: ص86)

(6) ابو عبد اللہ کہتے ہیں کہ اگر لوگوں کو یہ معلوم ہو جاتا کہ بداء (اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف غلطی کی نسبت) کا

عقیدہ رکھنے میں کتنا ثواب ہے،تو وہ اس عقیدے سے نہ ڈرتے۔(اصول کافی:ص86)

میرے محترم قارئین کرام!

ملاحظہ کریں کہ شیعہ اور امامیہ کے نزدیک خدا تعالیٰ جل شانہ کی غلطی اور جہالت کا عقیدہ ایک بہت ہی بڑی عبادت ہے کہ اس جیسی اور کوئی عبادت نہیں،اور بقول ان کے اللہ تعالیٰ جل شانہ کے غلط کار اور جاہل ہونے کا نظریہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی تعظیم کا نظریہ ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کی توہین کا۔(معاذاللہ ثم معاذاللہ)

شیعہ مذہب اور کلمہ طیبہ

میرے محترم سنی بھائیو!

انسانی دنیا کی ابتداء اللہ تعالیٰ جل شانہ کے پہلے پیغمبر اور پہلے انسان سیدنا حضرت آدم علیہ السلام سے ہوئی، ابتدائے عالم سے لے کر حضور اکرم ﷺ تک کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیہم السلام اس دنیا میں مبعوث ہوئے، ان میں سے ہر ایک نبی اور رسول کے کلمہ کے الفاظ دو اجزاء پر مشتمل تھے۔ مثلاً.....

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ..................آدم صفی اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ..................نوح نجی اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ............ابراھیم خلیل اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ............اسمٰعیل ذبیح اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ...............موسیٰ کلیم اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ.................عیسیٰ روح اللّٰہ

لَاإِلٰہ إِلَّااللّٰہُ...............محمّدرسول اللّٰہ

میرے محترم قارئین کرام!

پوری امت محمدیہ ﷺ جس کلمۂ اسلام کا اقرار کرتی ہے اور حضور اکرم ﷺ نے نبوت ملنے کے بعد جس کلمہ سے دعوتِ اسلام کا آغاز کیا تھا اور حضور پاک ﷺ کے عہد مبارک میں جس کلمہ کو پڑھ کر حضرت علیؓ سمیت کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرامؓ مشرف با اسلام ہوئے وہ کلمہ دو اجزاء پر مشتمل تھی، یہی وہ کلمہ ہے جس کو آج تک، صحابہ کرامؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ، مفسرینؒ، محدثینؒ، فقہاءؒ، مفتیان اور علماء کرام نے تسلیم کیا ہے۔

چنانچہ یہی مسلمانوں کا کلمہ ہے، اور یہی مبارک کلمہ دین اسلام میں داخل ہونے کا دروازہ اور سرٹیفکیٹ ہے، لیکن افسوس کے ساتھ لکھنا پڑھتا ہے کہ شیعہ مذہب میں اس کلمہ کے پانچ اجزاء بنا دیئے گئے ہیں۔ اور شیعہ اسی کلمہ کو

پڑھتے ہیں اور اپنے بچوں کو سکھاتے ہیں۔شیعوں کا کلمہ پانچ اجزاء پر مشتمل ہے۔شیعہ کے معتبر کتب سے چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں:

(1) لاالٰہ الا اللّٰہ،محمدرسول اللّٰہ،علی ولی اللّٰہ،وصی رسول اللّٰہ، وخلیفتہ بلافصل:(اصول الشریعۃ فی عقائدالشیعہ:ص 422)

(2) توحیدورسالت کے ساتھ ولایت کو ضروری سمجھا اور کہا:لاالٰہ الا اللّٰہ، محمدرسول اللّٰہ، علی ولی اللّٰہ،وصی رسول اللّٰہ، وخلیفتہ بلافصل:(شیعہ مذہب حق ہے:ص325)

(3) شیعہ مصنف عبدالکریم مشتاق لکھتے ہیں کہ:میں نے خدا کی عطا کردہ عقلی صلاحیتوں کو کام میں لاتے ہوئے بغور فیصلہ کرلیا کہ سنیوں کا کلمہ :لاالٰہ الااللّٰہ محمد رسول اللّٰہ : پڑھ لینا دلیل ایمان نہیں بلکہ اس کے اقرار پر بھی خدا نے صحابہ کرامؓ کو منافق قرار دے دیا(معاذاللّٰہ)۔(شیعہ مذہب حق ہے: ص 324)

(4) شیعہ مصنف عبدالکریم مشتاق لکھتے ہیں کہ:توحیدورسالت کے ساتھ حضرت علیؓ کی امامت،خلافت اور وصایت کا اقرار کیا جائے تو اس تیسرے حصہ کو کلمہ میں شامل کرنا عین اطاعتِ خدا ورسول ہے، اور اس کی مخالفت بلا جواز ہے۔

آگے لکھتے ہیں کہ:ہم اگر غور وانصاف کریں تو معلوم ہوجائے گا کہ موحد کی پہچان:لا الٰہ الااللّٰہ: سے ہوتی ہے۔مسلم کی پہچان :محمدرسول اللّٰہ: سے ہوتی ہے۔اور مومن ومنافق میں تمیز:علی ولی اللّٰہ: سے ہوتی ہے۔(شیعہ مذہب حق ہے:ص:311)

(5) انبیاء کرام علیہم السلام نے خدا کی توحید،حضور اکرمﷺ کی نبوت اور علیؓ کی ولایت کا اقرار کیا،لہذا ماننا پڑے گا کہ اگر انبیاء کرام یہ تینوں (خدا کی توحید،حضور اکرمﷺ کی نبوت اور علیؓ کی ولایت) کا اقرار نہ کرتے تو وہ نبی بنتے نہ رسول ۔تو جب ان تین اجزاء کے اقرار کے بغیر انبیاء کرام کی نبوت نہیں رہ سکتی تو ہمارا ایمان کیسے رہے گا۔لہذا ایمان اسی کا مکمل ہوگا جو کلمے میں ان تینوں اجزاء کا اقرار کرتا ہوگا۔(وسیلہ انبیاء:ج:2:ص:179)

شیعہ اور عقیدۂ ختم نبوت وتوہین انبیاء کرام علیہم السلام وعقیدۂ امامت

میرے محترم دوستو!

پوری امت مسلمہ کا یہ اجماعی اور قطعی عقیدہ ہے کہ نبوت ایک عطائی اور وہبی منصب ہے، کوئی بھی شخص اپنی قابلیت، بزرگی، تقوی، پرہیزگاری، مال ومنال، حسن وجمال اور عہدہ ومنصب کی بنیاد پر اگر یہ چاہے کہ اس کو نبوت حاصل ہو جائے تو یہ بات ہرگز ممکن نہیں بلکہ خالصتاً اللہ تعالیٰ جل شانہ کے انتخاب سے یہ مرتبہ ومقام حاصل ہوتا ہے۔

اسی طرح پوری امت مسلمہ کا یہ عقیدہ ہے کہ جس مقصد ومشن کی تکمیل کی خاطر اللہ تعالیٰ جل شانہ، انبیاء کرام علیہم السلام کو دنیا میں بھیجا جاتا رہا، وہ اس مشن کی تکمیل کیلئے سرگرم عمل رہے، انہوں نے اللہ تعالیٰ جل شانہ کے احکامات بلاکم وکاست، بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اسے لوگوں تک مکمل پہنچادیا۔ اور یہ کہ حضور اکرم ﷺ کے بعد دوسرا نبی نہیں آسکتا۔

اب اگر کوئی شخص حضور اکرم ﷺ کے بعد کسی ایک شخص کو نبی یا رسول مانے وہ بلاشبہ ختم نبوت کا منکر اور کافر ہوگا۔ تو جو گروہ یہ عقیدہ رکھے کہ حضور اکرم ﷺ کے بعد جس سلسلۂ امامت کا آغاز ہوا، اور بارہ امام پیدا ہوئے، اور یہ کہ اُن بارہ آئمہ کا درجہ نبوت سے بھی بلند وبالا ہے، تو پھر کیا ایسے شخص اور گروہ کو مسلمان کہا جائے گا.....؟؟؟

میرے پیارے بھائیو!

شیعہ ختم نبوت کے ظاہری طور پر قائل ہونے کا اعلان تو کرتے ہے، اور اس فرقہ کے رہنماؤں اور لیڈروں نے : تقیتاً: علماء کرام کے ساتھ مل کر ختم نبوت کی تحریکوں میں حصہ بھی لیا ہے، لیکن یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ خود شیعہ ہی سب سے زیادہ ختم نبوت کے منکر بلکہ تمام انبیاء کرام علیہم السلام کے بدترین گستاخ بھی ہے۔ شیعہ کے معتبر ترین کتابوں سے ان کے کفریات ملاحظہ فرمائیں:

(1) امام ہی ہدایت کنندہ ہیں۔(اصول کافی:ج 1:ص 191)

(2) ولایتِ علیؓ کا رتبہ نبوت سے زیادہ ہے۔(ہزار تمہاری دس ہماری: ص 52)

(3) امام اللہ کی مخلوق پر اللہ کے گواہ ہیں۔(اصول کافی:ج 1:ص 190)

(4) محمد اور آل محمد اولادِ آدم سے نہیں ہے۔(جلاء العیون:ج 2:ص 59)

(5) آئمہ خود ذاتِ محمد ہیں۔(کتاب البرهان:ج 1:ص 25)

(6) امامتِ علی کا منکر نبوت محمد ﷺ کا منکر ہے۔(تفسیر مرآة الانوار:ص 24)

(7) پنجتن پاک ساری مخلوق سے افضل ہیں۔(وسیلہ انبیاء ص 90)

(8) امام، رسول اللہ کے برابر ہیں۔(اصول کافی:ض 1:ص 270)

(9) امام کے بغیر دنیا قائم نہیں رہ سکتی۔(اصول کافی:ج 1:ص 178)

(10) امام پر وحی نازل ہوتی ہے۔(اصول کافی:ج 1:ص 176)

(11) اماموں کی اطاعت فرض ہے۔(اصول کافی:ج 1:ص 185)

(12) امامت کا درجہ نبوت و پیغمبری سے بالاتر ہے۔(حیات القلوب:ج 2:ص 3)

(13) امام میں نبی ﷺ سے بڑھ کر صفات موجود ہیں۔(اصول کافی:ج 1:ص 388)

(14) حضور ﷺ کی وفات کے وقت میت بکس گئی اور پیٹ پھول گیا تھا۔(تنزیہ الاسباب:ص 10)

(15) شب قدر میں امام پر سالانہ احکام نازل ہوتے ہیں۔(اصول کافی:ج 1 ص 248)

(16) امام اپنی موت کا وقت جانتا ہے، اور اپنے اختیار سے خود مرتا ہے۔(اصول کافی:ص 258)

(17) امام مہدی ظہور کے بعد سب سے پہلے سنی علماء کو قتل کریں گے۔(حق الیقین:ج 1:ص 527)

(18) امام مہدی کی بیعت تمام ملائکہ، جبرائیل اور میکائیل کریں گے۔(چودہ ستارے:ص 594)

(19) امام تمام گناہوں اور عیوب سے پاک اور مبرا ہوتا ہے۔(اصول کافی:ج 1:ص 200)

(20) انبیاء کو نبوت، علیؓ کی امامت کے اقرار سے ملی۔(المجالس الفاخرہ فی اذکار العترۃ الطاہرہ ص 12)

(21) امام کی معرفت کے بغیر خدا کی حجت پوری نہیں ہوسکتی۔(اصول کافی:ج 1:ص 177)

(22) امام مہدی نئی شریعت لائے گا اور نئے احکامات جاری کریں گے۔(بحار الانوار:ص 597)

(23) حضرت علیؓ واقعی رسول کا حصہ ہے، اور انہیں علم غیب عطا کیا گیا۔(عالم الغیب:ص 47)

(24) امام تمام گناہوں اور عیوب سے پاک اور مبرا ہوتا ہے۔(اصول کافی:ج1:ص200)

(25) اماموں کے بغیر اللہ تعالی کی حجت مخلوق پر قائم نہیں ہوتی۔(اصول کافی:ج1:ص177)

(26) اماموں کی بزرگی تسلیم کرنے پر نبی، اولوالعزم انبیاء بن گئے۔(ترجمہ مقبول:ص1009)

(27) حضرت علیؓ تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے افضل ہے۔(جلاء العیون:ج2:ص20)

(28) حضرت علیؓ کے در کے بھکاری تو اولوالعزم پیغمبر ہیں۔(خلقت نورانیہ:ج1:ص201)

(29) زمین صرف اماموں کے وجود سے قائم ہے۔(اصول کافی:ج1:ص196)

(30) امت کے اعمال نبی کریم ﷺ اور اماموں پر پیش کئے جاتے ہیں(اصول کافی:ج1:ص219)

(31) امام جب بھی کسی چیز کو جاننا چاہیں جان لیتے ہیں۔(اصول کافی:ج1:ص258)

(32) جو بات امام سے ملے وہ حق ہے اور اس کے ماسوا سب باطل ہے۔(اصول کافی:ج1:ص398)

(33) ساری زمین اماموں کی ہے، جسے چاہیں دیں اور جسے چاہیں نہ دیں۔(اصول کافی:ج1:ص401)

(34) حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ اماموں کے طفیل قبول ہوئی۔(ترجمہ مقبول:ص26)

(35) حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اماموں کی بزرگی تسلیم کی تو ان کو امامت ملی۔

(ترجمہ مقبول:ص26)

(36) خدا کی سب سے بڑی نعمت جو مخلوق کو ملی اماموں کی امامت وولایت ہے۔

(ترجمہ مقبول:ص315)

(37) حضرت نوح علیہ السلام کو اماموں کے طفیل غرق ہونے سے نجات ملی۔

(ترجمہ مقبول:ص450)

(38) جو نبی بھی آئے وہ انصاف کے نفاذ کیلئے آئے، اُن کا مقصد بھی یہی تھا کہ تمام دنیا میں انصاف کا نفاذ کریں لیکن وہ کامیاب نہ ہوئے، یہاں تک کہ حضور اکرم ﷺ جو انسانوں کی اصلاح کے لئے آئے تھے وہ بھی کامیاب نہیں ہوئے۔(اتحاد و یک جہتی امام خمینی کی نظر میں:ص15)

(39) امام مہدی جب غار سے باہر آئے گے تو اس کے ہاتھ پر سب سے پہلے حضور اکرم ﷺ بیعت کرے گے اس کے بعد حضرت علیؓ اس کے ہاتھ پر بیعت کرے گے۔(حق الیقین:ص160)

(40) ہمارے مذہب کے ضروری عقائد میں سے ہے کہ ہمارے آئمہ کا وہ درجہ ہے کہ جہاں تک کوئی مقرب

فرشتہ اور نبی مرسل نہیں پہنچ سکتا۔(الولایۃ التکوینیۃ: ص52)

(41) آئمہ معصومین، حضور اکرم ﷺ کے قائم مقام ہیں، اور وہ انبیاء سے افضل ہیں۔

(انوار النجف فی اسرار المصحف:ص11)

(42) آئمہ گزشتہ اور آئندہ تمام اُمور جانتے ہیں اور ان پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں (اصول کافی:ج1: ص260)

(43) آئمہ جس چیز کو چاہتے ہیں حلال کرتے ہیں اور جس چیز کو چاہتے حرام کرتے ہیں۔

(خلقت نورانیہ:ص155)

(44) تمام مخلوقات پر اماموں کی اطاعت اور فرمان برداری لازم ہے اور مخلوق کے تمام کام اللہ تعالیٰ نے ان کے سپرد کر دیئے ہیں، سو حضرات آئمہ کرام جس چیز کو چاہتے ہیں حلال کرتے اور جس چیز کو چاہتے حرام کر دیتے ہیں۔

(اصول کافی:ج1:ص441)

(45) تمام دنیا اور آخرت امام کی ملکیت ہے وہ جس کو چاہیں دے دیں اور جس کو چاہیں نہ دے دیں۔

(اصول کافی:ج1:ص409)

(46) قوم عاد، ثمود اور فرعون کو ہلاک کرنے والے اور موسیٰ کو نجات دینے والے علیؓ ہے۔

(وسیلہ انبیاء:ج2:ص110)

(47) امامت بھی نبوت کی طرح منصب الٰہی ہے، امام کا معصوم ہونا ضروری ہے، امام کا خطاء اور نسیان سے محفوظ ہونا واجب ہے، امام کیلئے سارے زمانے پر فوقیت رکھنا ضروری ہے۔(تحفہ نماز جعفریہ:ص28)

(48) ائمہ اطہار سوائے جناب سرور کائنات ﷺ کے دیگر تمام انبیاء اولوالعزم وغیرہم سے افضل واشرف ہے۔(احسن الفوائد فی شرح العقائد:ص406)

(49) امام، معدنِ علم شجرۂ نبوت ہیں اور ان کے پاس فرشتوں کی آمد و رفت ہوتی ہے۔

(اصول کافی:ج1:ص221)

(50) اماموں کو آنحضرت ﷺ کا اور پہلے کے تمام انبیاء واصفیاء کا علم حاصل ہے۔

(اصول کافی:ج1:ص223)

(51) قرآن صرف اماموں نے پورا حاصل کیا ہے، اور وہی اس کا پورا علم جانتے ہیں۔

(اصول کافی:ج1:ص228)

(52) امام اُن تمام علوم کو جانتے ہیں جو فرشتوں، نبیوں اور رسولوں کی طرف نکلے ہیں۔

(اصول کافی:ج 1:ص 255)

(53) امام اپنی موت کا وقت جانتے ہیں اور موت ان کے اختیار میں ہوتی ہے۔

(اصول کافی:ج 1:ص 258)

(54) اللہ تعالیٰ نے جو کچھ حضور ﷺ کو سکھایا حضرت علیؓ کو اس کے سکھانے کا حکم دیا۔ اور حضرت علیؓ علم میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ شریک ہیں۔ (اصول کافی:ج 1:ص 263)

(55) علیؓ اور اولادِ علیؓ کے لئے مسجد نبوی ﷺ میں عورتوں سے مقاربت حلال ہے۔

(ترجمہ مقبول:ص 434)

(56) اماموں کی اطاعت رسول ﷺ کی طرح واجب ہے اور وہ معجزے دکھلانے پر قادر ہیں۔

(ترجمہ مقبول:ص 779)

(57) حضرت آدم علیہ السلام نے اماموں کا نہ اقرار کیا نہ انکار، اس لئے وہ اولوالعزم نہ ہوئے۔

(ترجمہ مقبول:ص 637)

(58) خدا نے اماموں کی ولایت پانیوں پر پیش کیا جس نے قبول کر لی وہ میٹھا ہو گیا، جس نے قبول نہیں کیا وہ کڑوا ہو گیا۔ (ترجمہ مقبول:ص 725)

میرے محترم قارئین کرام!

اِن حوالہ جات سے معلوم ہو گیا کہ شیعہ مذہب میں تمام خدائی اختیارات حضرات آئمہ کرام کو حوالہ کیا گیا ہیں، اور اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف سے اشیاء کے حلال و حرام کرنے کے تمام اختیارات بھی ان کو حاصل ہیں، وہ جس چیز کو چاہیں حلال کر دیں، یہی وجہ ہے کہ انہوں نے متعہ، تقیہ، اور بداء وغیرہ جیسے گندے اعمال و نظریات کو بیک جنبش قلم حلال کر دیا۔ اور جس چیز کو چاہیں حرام کر دیں، اور حضرات صحابہ کرامؓ و ازواج مطہراتؓ کی محبت و عقیدت کو حرام قرار دے دیا۔ اس کے برخلاف اہل اسلام کا یہ پختہ اور غیر متزلزل عقیدہ ہے کہ تحلیل و تحریم صرف اللہ تعالیٰ جل شانہ ہی کی صفت ہے، اس میں اس کا کوئی بھی شریک نہیں۔

شیعہ اور عقیدۂ

تحریفِ قرآن کریم

میرے محترم دوستو!

قرآن کریم رہتی دنیا تک انسانیت کیلئے اللہ تعالیٰ جل شانہ کی طرف سے پیغامِ ہدایت ہے۔ کتنے گم شدہ اور گمراہ تھے جنہیں نورِ قرآن نے راہ راست پہ لاکھڑا کیا۔ دوست و دشمن، عالم و جاہل، شاہ و گدا، حکماء و شعراء، اور فلاسفہ یہ کلام پُراثر سب کے دلوں میں گھر کر گیا۔ نزولِ قرآن کے وقت فصاحت و بلاغت کے شہسوار، زبان آور شعراء اور آتش بیان خطبا موجود تھے، جن کے سحر انگیز کلام کا سارے عرب میں ڈنکا بج رہا تھا، ان کا ادنیٰ آدمی بھی ایسا فصیح و بلیغ کلام کہہ ڈالتا کہ بڑے بڑے ادیب دنگ رہ جاتے۔ لیکن ایک امی کی زبان مبارک سے جب اس کلامِ ربانی کا ظہور ہوا تو اس کے مقابلے میں سب کی آوازیں بند ہوگئیں، زبانیں گنگ ہوگئیں اور ان کے فصاحت و بلاغت کے چرچے ماند پڑھ گئے۔ چودہ سو سال گذرنے کے بعد بھی آج تک کوئی انسان ہزار کوششوں کے باوجود اس کلامِ مقدس یا اس کے کسی بھی ٹکڑے کی مثال پیش نہیں کرسکا۔ مسیلمہ کذاب وغیرہ نے اس وحی الٰہی کے مقابلے میں خود ساختہ کلام پیش کیا لیکن خود ان کے پرستاروں نے اُسے رد کر دیا۔

دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کی وساطت سے دنیا میں جو دین آتا رہا چونکہ وہ محدود زمانوں کیلئے تھا اس لئے اُن کے معجزے بھی محدود وقت کیلئے تھے، ہوئے اور ہو کر مٹ گئے لیکن جو دین محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعے آیا وہ قیامت تک کیلئے ایک دائمی اور مستقل معجزہ کی ضرورت تھی اور وہ قرآن کریم کی شکل میں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے عطا فرمایا۔ تو یہ قرآن دین کا کامل صحیفہ اور دائمی معجزہ ہے۔ جب تک یہ دنیا قائم ہے قرآن کریم بھی تغیر و تحریف سے پاک صفت کے ساتھ باقی اور قائم رہے گا۔ اور مزید یہ کہ اس کی حفاظت کا بھی خدائی انتظام ہوگیا ہے۔ صحابہ کرامؓ کے دور سے لے کر آج تک اس

کلام مقدس کی ہزار ہا قسم کی خدمت کی گئی ہیں اور قیامت تک جاری رہے گی۔

میرے محترم قارئین کرام!

یہ کس قدر تعجب کی بات ہے کہ جس قرآن کو اسلام دشمن کفری طاقتیں پورا زور لگا کر بھی تبدیل اور ختم نہ کر سکیں، اسی قرآن کے بارے میں شیعہ، اسلام کا دعویٰ کر کے چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ لوگو.....!اللہ تعالیٰ کا قرآن بدل دیا گیا، اس قرآن میں کمی اور زیادتی کی گئی ہے، یہ قرآن ناقص ہے، اس قرآن میں شراب خور خلفاء نے کفر کے ستون کھڑے کر دیئے ہیں، یہ اصلی قرآن نہیں ہے۔ وغیرہ وغیرہ.....(معاذاللہ)۔

شیعہ مذہب کے کتب میں دو ہزار سے زیادہ روایات تواتر کے ساتھ اس موجودہ قرآن کریم کو تحریف شدہ بتاتی ہیں۔ شیعہ کے معتبر ترین کتب سے چند حوالہ جات ملاحظہ فرمائیں:

(1) اصل قرآن میں سترہ ہزار آیات ہیں۔(اصول کافی:ج2:ص616)

(2) مرتدین نے قرآن پاک تبدیل کر دیا۔(قرآن مجید مترجم:ص 1011)

(3) اصل قرآن بکری کھا گئی۔(کتاب البرھان:ج1:ص38)

(4) قرآن پاک میں شراب خور خلفاءؓ نے تبدیلی کیا۔(قرآن مجید مترجم:ص479)

(5) قرآن پاک سے بے شمار آیات نکال دی گئیں ہیں۔(آل واصحاب:ص13)

(6) جامعین قرآن نے قرآن میں کفر کے ستون کھڑے کر دیئے۔(احتجاج طبرسی:ج1:ص257)

(7) آئمہ کے علاوہ کسی کے پاس پورا قرآن ہے نہ قرآن کا پورا علم۔(اصول کافی:ج2:ص228)

(8) اصل قرآن مہدی کے پاس ہے، موجودہ قرآن غیر اصل ہے۔(ہزار تمہاری دس ہماری:ص553)

(9) موجودہ قرآن مجید کو اولیا ءالدین کے دشمنوں نے جمع کیا ہے۔(احتجاج طبرسی:ص130)

(10) اصل قرآن آج کے بعد ظہور مہدی تک نظر نہیں آئے گا۔(انوار نعمانیہ:ج2:ص360)

(11) موجودہ قرآن کی ترتیب خدا کی مرضی کے خلاف ہے۔(فصل الخطاب:ص30)

(12) قرآن مجید میں ایسی باتیں بھی ہیں جو خدا نے نہیں کہیں۔(احتجاج طبرسی:ص25)

(13) موجودہ قرآن مجید میں خلافِ فصاحت اور قابل نفرت الفاظ موجود ہیں۔(احتجاج طبرسی:ص30)

(14) موجودہ قرآن رطب ویابس کا مجموعہ ہے جبکہ اصل قرآن میں تو پاکستان تک کا ذکر ہے۔
(ہزار تمہاری دس ہماری:ص554)

(15) قرآن مجید سے :بولایة علی: کے الفاظ نکال دیئے گئے۔

(ترجمہ حیات القلوب:ج3:ص193)

(16) گیارہ مرتبہ :سورۃ الفجر: پڑھ کر آلہ تناسل (شرمگاہ) پر دم کرے اور بیوی سے نزدیکی کرے تو اللہ تعالیٰ فرزند عطا کرے گا۔(تحفۃ العوام:ص293)

(17) محدث جزائری کہتے ہیں کہ صراحۃً تحریف قرآن پر دلالت کرنے والی متواتر روایتوں کی صحت پر (ہمارے) سب اصحاب کا اتفاق ہے۔(فصل الخطاب:ص30)

(18) تحریف قرآن پر دلالت کرنے والی روایات دو ہزار سے زیادہ ہیں۔ایک جماعت نے ان کے متواتر ہونے کا دعوی کیا ہے مفید، محقق داماد اور علامہ مجلسی وغیرہ۔(فصل الخطاب:ص30)

(19) قرآن سے مراد وہ قرآن ہے جو ائمہ کے پاس محفوظ ہے جس کی سترہ ہزار آیتیں ہیں۔

(صافی شرح کافی:ج2:کتاب فضل القرآن جز ششم :ص65)

(20) ابوعبداللہ سے روایت ہے کہ جو قرآن ،جبریل محمد ﷺ کے پاس لائے تھے اس کی سترہ ہزار آیتیں تھیں۔(اصول کافی:ص671)

(21) اگر قرآن میں زیادتی اور کمی نہ کی گئی ہوتی تو کسی عقل رکھنے والے پر ہم ائمہ کا حق پوشیدہ نہ رہتا۔

(تفسیر صافی:ج1:ص11)

(22) اصل قرآن میں بہت سا حصہ ساقط اور غائب کر دیا گیا۔اور وہ موجودہ قرآن کے مشہور نسخوں میں نہیں ہے۔(صافی شرح اصول کافی:ج6:ص75)

(23) اگر قرآن اسی طرح پڑھا جاتا جیسا کہ وہ نازل ہوا تھا۔تو تم اس میں ہم ائمہ کا تذکرہ نام بنام پاتے۔

(تفسیر صافی:ج1:ص11)

(24) منافقین نے قرآن میں سے بہت کچھ ساقط کر دیا ہے۔اور اس آیت میں (یہ تصرف ہوا ہے کہ)ان خفتم الاتقسطوافی الیتامی:اور:فانکحوا ما طاب لکم من النساء: کے درمیان ایک تہائی سے زیادہ قرآن تھا۔جس میں خطاب تھا اور قصص تھے (منافقین نے وہ سب ساقط اور غائب کر دیا)۔

(احتجاج طبرسی:ج1:ص377)

(24) اور چوتھی بات ہے اثناعشریہ کی اُن روایات کا ذکر جو صراحتاً یا اشارۃً یہ بتلاتی ہیں کہ تحریف وتغیر وتبدل

کے واقع ہونے میں قرآن تورات اور انجیل ہی کی طرح ہے۔اور یہ جو بتلاتی ہیں کہ جو منافقین امت پر غالب آ گئے اور حاکم بن گئے تھے (ابو بکرؓ وعمرؓ وغیرہ) وہ قرآن میں تحریف کرنے کے بارے میں اسی راستہ پر چلے جس راستہ پر چل کر بنی اسرائیل نے توراۃ وانجیل میں تحریف کی تھی۔اور یہ ہمارے دعوے (یعنی تحریف) کے ثبوت کی مستقل دلیل ہے۔
(فصل الخطاب:ص70)

(26) جب قائم (یعنی امام مہدی غائب) ظاہر ہوں گے تو وہ قرآن کو اصلی اور صحیح طور پر پڑھیں گے اور قرآن کا وہ نسخہ نکالیں گے جس کو علی علیہ السلام نے لکھا تھا اور امام جعفر صادق نے یہ بھی فرمایا کہ جب علی نے اس کو لکھ لیا اور پورا کرلیا تو لوگوں سے (یعنی ابو بکرؓ وعمرؓ وغیرہ سے) کہا کہ یہ اللہ کی کتاب ہے ٹھیک اس کے مطابق جس طرح اللہ نے محمدﷺ پر نازل فرمائی تھی، میں نے اس کو لوحین سے جمع کیا ہے، تو ان لوگوں (یعنی ابو بکرؓ وعمرؓ وغیرہ) نے کہا کہ ہمارے پاس یہ جامع مصحف موجود ہے اس میں پورا قرآن ہے ہم کو تمہارے جمع کئے ہوئے اس قرآن کی ضرورت نہیں۔ تو علی نے فرمایا کہ خدا کی قسم اب آج کے بعد تم کبھی اس کو دیکھ نہ سکو گے۔(کشف الاسرار:ص227)

(27) تحریف وتبدل کے واقع ہونے میں قرآن توراۃ اور انجیل ہی کی طرح ہے اور جو یہ بتلاتی ہے کہ جو منافقین امت پر غالب آ گئے اور حاکم بن گئے (یعنی ابو بکرؓ وعمرؓ وغیرہ) وہ قرآن میں تحریف کرنے کے بارے میں اسی راستہ پر چلے جس راستہ پر چل کر بنی اسرائیل نے توراۃ اور انجیل میں تحریف کی تھی۔(فصل الخطاب:94)

(28) علی بن سوید کہتے ہیں ابو الحسن اوّل نے مجھے جیل سے لکھا کہ اے علی! یہ جو تم نے لکھا ہے کہ دین کی بنیادی باتیں کس سے سیکھوں؟

سو، یاد رکھو! اپنے دین کی باتیں سوائے ہمارے شیعہ کے اور کسی سے حاصل نہ کرو، اس لئے کہ اگر تم ان کے علاوہ دوسرے کے پاس گئے تو گویا تم نے ایسے خیانت کرنے والوں سے علم حاصل کیا جنہوں نے اللہ ورسول سے خیانت کی، اور جو امانت ان کے پاس رکھی گئی تھی اس میں خیانت کی، ان کے پاس کتاب اللہ امانت تھی انہوں نے اس میں تحریف کرڈالی اور اس میں تبدیلیاں کیں، ان پر اللہ، ملائکہ، میرے نیک آباء واجداد، میری اور میرے تمام شیعہ کی قیامت تک پھٹکار ہو۔(رجال کشی:ص3)

(29) ان سب احادیث اور اہل بیت کی دیگر روایات سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ یہ قرآن جو اس وقت ہمارے سامنے ہے، پورا نہیں ہے، جیسا کہ رسالت مآبﷺ پر اترا تھا بلکہ اس میں ایسی باتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کلام کے خلاف ہے، ایسے بھی ہیں جن میں تبدیلی کی گئی ہے، اور وہ تحریف شدہ ہیں اور ان میں سے بہت سی چیزیں

نکال دی گئی ہیں ۔(تفسیر الصافی:ج1:ص32)

(30) ابوبصیر،ابوعبداللہ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ آیت:وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا: اس طرح نازل ہوئی تھی:وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فی ولایۃ علی والائمۃ من بعدہ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا:(اصول کافی:ص262)

(31) یہ آیت:وَلَقَدْ عَہِدْنَا اِلٰی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِیَ: اس طرح نازل ہوئی تھی :وَلَقَدْ عَہِدْنَا اِلٰی اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ کلمات فی محمد و علی و فاطمۃ والحسن والحسین والائمۃ من ذرّیّتھم فَنَسِیَ:(اصول کافی:ص263)

(32) حضرت جبریل نے یہ آیت:بِئْسَ مَا اشْتَرَوْا بِہٖ اَنْفُسَہُمْ اَنْ یَّکْفُرُوْا بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ بَغْیًا: محمد ﷺ پر اس طرح نازل کی تھی:بِئْسَ مَا اشْتَرَوْا بِہٖ اَنْفُسَہُمْ اَنْ یَّکْفُرُوْا بِمَا اَنْزَلَ اللّٰہُ فی علی بَغْیًا:(اصول کافی:ص263)

(33) جبریل علیہ السلام اس آیت :فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَہُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا کَانُوْا یَفْسُقُوْنَ: کو محمد ﷺ پر اس طرح لائے تھے :فَبَدَّلَ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا آل محمد حقھم قَوْلًا غَیْرَ الَّذِیْ قِیْلَ لَہُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا آل محمد حقھم رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا کَانُوْا یَفْسُقُوْنَ:(اصول کافی:ص267)

(34) یہ آیت:وَلَوْ اَنَّہُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِہٖ لَکَانَ خَیْرًا لَّہُمْ: اس طرح نازل ہوئی تھی :وَلَوْ اَنَّہُمْ فَعَلُوْا مَا یُوْعَظُوْنَ بِہٖ فی علیّ لَکَانَ خَیْرًا لَّہُمْ:(اصول کافی:ص268)

(35) یہ آیت:فَاَبٰٓی اَکْثَرُ النَّاسِ اِلَّا کُفُوْرًا:اس طرح نازل ہوئی تھی:فَاَبٰٓی اَکْثَرُ النَّاسِ بولایۃ علیّ اِلَّا کُفُوْرًا:(اصول کافی:ص268)

(36) یہ آیت:سَتَعْلَمُوْنَ مَنْ ہُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ: اس طرح نازل ہوئی تھی:سَتَعْلَمُوْنَ یا معشر المکذبون حیث انبأتکم رسالۃ ربّی فی ولایۃ علیّ والائمۃ من بعدہ مَنْ ہُوَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ:(اصول کافی:ص266)

(37) یہ آیت:اِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ: اس طرح نازل ہوئی تھی:اِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فی علیّ فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ مِّنْ مِّثْلِہٖ:(اصول کافی:ص264)

(38) سورۃ ال عمران: آیت نمبر 81 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: وَاِذْاَخَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيِّيْنَ:

تحریف شدہ آیت: وَاِذْاَخَذَاللّٰهُ مِيْثَاقَ امم النَّبِيِّيْنَ:(تفسیر مقبول:ص 118)

(39) سورۃ ال عمران: آیت نمبر 104 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ:

تحریف شدہ آیت: وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ انمة:(تفسیر مقبول:ص 124)

(40) سورۃ النساء: آیت نمبر 64 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ:

تحریف شدہ آیت: جَآءُوْكَ یا علی فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ:(تفسیر مقبول:ص 174)

(41) سورۃ النساء: آیت نمبر 66 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: مَايُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ:

تحریف شدہ آیت: مَايُوْعَظُوْنَ بِهٖ فی علی لَكَانَ:(تفسیر مقبول:ص 175)

(42) سورۃ النساء: آیت نمبر 168 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ:

تحریف شدہ آیت: اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا ال محمد حقهم لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ:

(تفسیر مقبول:ص 206)

(43) سورۃ بنی اسرائیل: آیت نمبر 82 میں اس طرح تحریف کی ہے۔

صحیح آیت: وَلَايَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا:

تحریف شدہ آیت: وَلَايَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ ال محمد حقهم اِلَّا خَسَارًا:

(تفسیر مقبول:ص 579)

افسوس ناک المیہ:

دورۂ حدیث کے سال کلاس میں مجھ سے میرے ایک استاد نے کہا کہ میرے ساتھ دفتر میں ایک شیعہ کام کر رہا ہے، اور وہ کھل کر کہتا ہے کہ ہم قرآن کو مانتے ہیں، پھر آپ سپاہ صحابہؓ والے خوامخواہ اس کو کافر کیوں کہتے ہیں؟

میں نے کہا مولانا صاحب! میرے اور آپ کے اسلافؒ، میرے اور آپ کے اکابرینؒ نے اپنی کتابوں میں لکھ کر بتادیا کہ شیعہ تحریف قرآن کے قائل ہیں، شیعہ قرآن کے منکر ہیں، شیعہ اسلام سے خارج ہے، آپ اُن تمام اسلافؒ کے فتاوی جات کو چھوڑ کر (غلط کہہ کر) اس شیعہ کے باتوں کی تصدیق کر رہے ہوں کہ جی وہ قرآن کو مانتے ہیں۔

افسوس ہے تیری سوچ اور تیری فکر پر....؟؟؟

میرے محترم قارئین کرام!

کیا ان اقتباسات کو دیکھنے کے بعد بھی کوئی سیدھا سادہ مسلمان شیعہ کے گھر میں قرآن کریم یا اس کے پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ دیکھ کر اس دھوکے میں آسکتا ہے کہ شیعہ قرآن پر ایمان رکھتا ہیں..؟

صحابہ کرامؓ وازواج مطہراتؓ کے بارے میں شیعہ کے کفریہ عقائد

میرے محترم دوستو!

قدسیوں کی اُس جماعتِ صحابہؓ کی تقدیس وتعدیل پر ہمارے افکارونظریات، ہمارے قرآن، ہمارے سنت، اور ہمارے تمام اسلامی نظام کا مدار ہے۔وہ دین اور شریعت کی اساس ہیں۔وہ ہمارے قرآن کی صداقت اور ہمارے پیغمبرﷺ کی حقانیت کے گواہ ہیں۔

صحابہ کرامؓ ہمارے دین کے سرکاری گواہ ہیں۔جن کی عدالت اور صفائی خوداللہ رب العزت اور نبی اکرمﷺ نے فرمائی ہیں۔قرآن وسنت اوردین وشریعت کے نام سے جو کچھ بھی ہمارے پاس ہیں وہ اسی قدسی جماعت کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔ان کی بے انتہا قربانیوں اور کوششوں کے نتیجہ میں ہمیں کفروشرک اورظلم وضلالت کی ظلمتوں کی جگہ ایمان ویقین اور عدل وانصاف کی روشنی نصیب ہوئی ہے۔

اگر دین کے یہ اوّلین محافظ بقولِ شیعہ کے منافق، سازشی، خودغرض یا اقربا پرور اور (معاذاللہ) جابر وظالم تھے تو جو دین اور شریعت اور جو کتاب وسنت ان صحابہ کرامؓ کے ذریعے ہم تک پہنچی اور جس پر دین کی عمارت کھڑی ہوئی ہے، یہ ساری عمارت اور سارا ڈھانچ خود بخود دھڑام سے گر پڑے گا۔

